سمستی پور: سمستی پور ٹاؤن تھانہ کی پولیس نے بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ خفیہ اطلاع کی بنیاد پر ٹاؤن پولیس ٹیم نے شہر کے مگردہی وارڈ نمبر 35 میں چھاپہ مار کر غیر قانونی شراب کے اڈے کو بے نقاب کیا ہے۔ اس دوران پولیس نے موقع سے شراب کے ساتھ 1.46 لاکھ روپے اور مختلف کمپنیوں کے 32 موبائل فون ضبط کئے ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ مذکورہ موبائل شراب کے صارفین کا ہے جو شراب خریدنے کے بعد رقم ادا نہیں کرتے تو اپنے موبائل کو تاجر کے پاس گروی کے طور پر رکھتے تھے۔ چھاپہ ماری کے دوران پولیس نے مالک کے بیٹے وکی کمار کو موقع سے گرفتار کرلیا جب کہ گھر کے مالک پرمود پاسوان اور اس کا دوسرا بیٹا وکرم کمار موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ اس ضمن میں ٹاؤن تھانہ کے صدر آشوتوش کمار نے بتایا کہ پولیس کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ مگردہی وارڈ 35 میں پرمود پاسوان کے گھر پر غیر قانونی شراب کا کاروبار چل رہا ہے۔ جب پولیس ٹیم موقع پر پہنچی تو پرمود پاسوان کے علاوہ ان کے بیٹے وکرم اور وکی بھاگنے لگے۔ اس دوران پولیس نے پیچھا کر کے وکی کو پکڑ لیا جبکہ پرمود اور وکرم فرار ہو گئے۔ بعد میں جب پولیس نے گھر کی تلاشی لی تو گھر سے تقریباً سات لیٹر غیر ملکی شراب اور 1.46 لاکھ روپے کی نقدی بھی برآمد ہوئی۔ اسکے علاوہ موقع سے مختلف کمپنیوں کے 32 موبائل فون اور ایک گھڑی برآمد ہوئی۔ انسپکٹر نے بتایا کہ پوچھ گچھ کے دوران وکی نے بتایا کہ مذکورہ رقم شراب کی فروخت کی تھی۔ موبائل اور گھڑی ایسے شرابی صارفین کی ہے جو شراب پینے کے بعد پیسے نہیں دیتے، موبائل اور گھڑی اس کے پاس گروی کے طور پر رکھے تھے۔ اس معاملے میں شمبھوناتھ سنگھ کے بیان پر ایف آئی آر درج کی گئی ہے، جس میں پرمود پاسوان کے ساتھ ان کے دو بیٹوں وکرم اور وکی کو ملزم بنایا گیا ہے۔ ضبط کیے گئے 32 موبائل فون کے بارے میں بھی معلومات دی گئی ہیں۔ انسپکٹر نے بتایا کہ فرار ہونے والے باپ بیٹے کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جار ہے ہیں۔

## ڈی ایم نے ضلع پریشد کے ساتھ جائزہ میٹنگ کی

اروَل: اپنے دفتر میں، ڈی ایم کمار گورو نے اروال ضلع کونسل کے چیئرمین، ضلع کونسل کے وائس چیئرمین، تمام اراکین اور ڈپٹی ڈیولپمنٹ کمشنر-کم-چیف ایگزیکٹو آفیسر، ضلع کونسل اروال کے ساتھ مل کر ضلع کونسل کے آئٹم وار کے ذریعے لاگو کی گئی اسکیموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی ڈیولپمنٹ کمشنر-کم-چیف ایگزیکٹو آفیسر، اروال ضلع کونسل کو ہدایت دی گئی کہ وہ پانچویں ریاستی مالیاتی کمیشن، چھٹے ریاستی مالیاتی کمیشن اور 15 ویں مالیاتی کمیشن کے تحت نامکمل اسکیموں کو جلد از جلد مکمل کریں۔ ضلع افسر کی طرف سے ہدایت دی گئی کہ ضلع پنچایت ریسورس سنٹر کی عمارت کی تعمیر کا کام جنگی بنیادوں پر کیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ تعمیراتی کام جلد از جلد مکمل ہو۔

## عرس حضور سعید ملت وجشن دستار حفظ وقرات 4 فروری کو

سیتامڑھی (اے این بی) سیتامڑھی ضلع کے پریہار بلاک کے بیلا تھانہ کے تحت اگامی 4 فروری کو دارالعلوم رضائے مصطفےٰ مچکونی کے زیر اہتمام ایک روزہ عظیم الشان عرس حضور سعید ملت وجشن دستار حفظ وقرات نہایت ہی تزک واحتشام کے ساتھ منایا جائے گا، جس میں ادارہ سے فارغین 16 بچوں کے سر پر دستار حفظ کا تاج رکھا جائے گا اور بطور ثبوت انہیں سند بھی دیا جائے گا۔ واضح ہو کہ اس کانفرنس کی سرپرستی مفتی محمد انور حسین مصباحی، صدارت مولانا عبدالقادر مصباحی، قیادت مفتی زاہد حسین امجدی، حمایت مولانا عیسی مصباحی، فرمائیں گے،، جبکہ مقرر خصوصی کی حیثیت سے مناظر اہلسنت شمس الفقہاء حضرت علامہ مفتی محمد شمشاد مصباحی شیخ الحدیث جامعہ امجدیہ گھوسی، شاعر خصوصی عندلیب گلشن رسالت محترم امیر حمزہ خلیل آبادی کے ساتھ کئی دیگر مشہور ومعروف علماء کرام وشعراء اعظام کی آمد آمد ہے۔ اس سلسلے میں اراکین مدرسہ محمد صغیر احمد محمد علاؤالدین شیخ محمد امتیاز احمد سیٹھ محمد امیر الحق محمد صابر محمد انوارالحق محمد الیاس انصاری حاجی محمد زبیر محمد اختر انصاری لال محمد شاہ محمد شاہنواز عرف راجو صاحبان وغیرہ جشن کی تیاری میں کافی مصروف عمل ہے، کانفرنس کمیٹی آپنی تیاری میں مصروف ہیں۔

# یونیسیف بہار، پی ایچ ایف آئی دہلی اور پبلک ہیلتھ سسٹم دہلی کے مشترکہ زیر اہتمام ورکشاپ کا انعقاد



پورنیہ (محمد عرفان کامل) پورنیہ ڈویژن کے تمام اضلاع میں کام کرنے والے صحت مراکز کے ذریعہ حاملہ خواتین کی قبل از پیدائش چیک اپ اور ادارہ جاتی ڈلیوری کو یقینی بنا کر ڈویژن میں زچگی اور بچوں کی اموات کی شرح کو کنٹرول کرنے کے لیے علاقائی ایڈیشنل ڈائریکٹر (RAD-Health) ڈاکٹر کی صدارت میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی پرمود کمار کنوجیہ نے ہوٹل مے فیئر گلاب باغ زیرو مائل پورنیہ میں ڈویژنل سطح کی ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا یونیسیف پٹنہ بہار، پبلک ہیلتھ فاؤنڈیشن آف انڈیا (پی ایچ ایف آئی) PHIF دہلی اور جن سوستھیا پرتشٹھان دہلی کے مشترکہ زیر اہتمام منعقدہ ایک روزہ ورکشاپ میں تمام صحت افسران اور اہلکاروں نے عوامی بیداری کے ذریعے مقامی لوگوں کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے پر تبادلہ خیال کیا ورکشاپ میں پورنیہ ڈویژن کے ریجنل ایڈیشنل ڈائرکٹر (صحت) پرمود کمار کنوجیا کے ساتھ یونیسیف بہار کے ریاستی پروگرام منیجر شیویندر پانڈے یونیسیف بہار کے ہیلتھ اسپیشلسٹ ڈاکٹر سدھارتھ شنکر ریڈی ریاستی محکمہ صحت کے ریاستی محکمہ صحت کے افسر (مینٹل ہیلتھ) ڈاکٹر راجہ نے شرکت کی۔ سریتا بھونیشور کے آئی آئی پی ایچ کے ایڈیشنل پروفیسر ڈاکٹر امبریش دتہ پبلک ہیلتھ فاؤنڈیشن آف انڈیا (پی ایچ ایف آئی) کی ماہر صحت شالینی بسی، یونیسیف انڈیا کے نیشنل کنسلٹنٹ ڈاکٹر امان چغ اور پورنیہ ڈویژن کے آر پی ایم KRPM کوثر اقبال سول سرجن، ڈی پی ایم ڈی سی ایم تمام آپریشنل اضلاع کے ڈی پی سی ڈی ایم اور ای او اور تمام بلاکس کے انچارج میڈیکل آفیسرس، بی ایچ ایم، بی سی ایم، اسپتال کے منیجر اور آشا ورکرز موجود تھے۔ ورکشاپ میں تمام ہیلتھ افسران کو پری نیٹل چیک اپ اور انسٹی ٹیوشنل ڈلیوری کے بارے میں آگاہ کرنے پر بات کی گئی۔

## نتیش کی پرگتی یاترا کو لیکر ضلع انتظامیہ نے تیاریوں کا لیا جائزہ

ٹھاکر گنج (اے این بی) وزیر اعلیٰ نتیش کمار اپنی پرگتی یاترا کے دوران 21 جنوری کو ٹھاکر گنج پہنچیں گے، اس کی تیاریاں آخری مراحل میں ہیں۔ ضلع انتظامیہ کی ٹیم پرگتی یاترا کی تیاریوں میں مصروف ہے۔ ضلع مجسٹریٹ وشال راج اور ایس پی ساگر کمار مسلسل تیاریوں کا جائزہ لے رہے ہیں۔ آپ کو بتاتے چلیں کہ اس دورے کے لیے ٹھاکر گنج بلاک کے پٹیسری پنچایت کے گاؤں کٹھل ڈانگی کا انتخاب کیا گیا ہے جہاں وزیر اعلیٰ سرکاری اسکیموں کی زمینی حقیقت سے روبرو ہوں گے۔ بائی پاس کا سنگ بنیاد رکھیں گے: دورے کے دوران وزیر اعلیٰ نتیش کمار کشن گنج ضلع کے ٹھاکر گنج شہر کے بائی پاس کا بھی سنگ بنیاد رکھیں گے۔ اس کے ساتھ جیویکا بھون کا سنگ بنیاد بھی رکھا جائے گا۔ امکان ہے کہ اپنے دورے کے دوران وزیر اعلیٰ ٹھاکر گنج کو ایک بڑے تحفے کے طور پر مہانندا پل کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی اسکیموں کا افتتاح کریں گے جس سے گاؤں کی ہمہ گیر ترقی ہوگی۔ آپ کو بتاتے چلیں کہ ٹھاکر گنج کے کٹھل ڈانگی سے مانک پور کے راستے نیشنل ہائی وے 327 ای تک بائی پاس روڈ کی تعمیر کی مانگ پوری ہونے سے نہ صرف ضلع کی ٹریفک میں آسانی ہوگی بلکہ یہ علاقائی اقتصادی ترقی میں بھی مددگار ثابت ہوگی۔ اس کے ساتھ ساتھ ٹھاکر گنج بازار میں بھاری گاڑیوں کی آمد ورفت کو بھی کم کرنے سے ٹھاکر گنج شہر کو ہر روز شدید ٹریفک جام کی پریشانی سے نجات ملے گی۔

# امریکہ کے لاس اینجلس میں آگ ہی آگ

## غزہ کی تباہی کا جشن منانے والے اداکار کا گھر خاکستر

**خورشید فرازی**

امریکہ کے لاس انجلیس میں اس وقت خدائی قہر آگ کی شکل میں نمودار ہوئی جس میں جل کر نے والوں کی تعداد 30 ہوگئی ہے۔ اور 3 لاکھ سے زیادہ لوگوں کو اپنا گھر بار چھوڑ دینا پڑا۔ لاس اینجلس کاؤنٹی میں لگنے والی آگ 35 ہزار ایکٹر (تقریباً 130 مربع کیلومیٹر) سے زیادہ ہو گئی ہے اور تقریباً 20 ہزار گھر جل کر راکھ ہوگ ئے اور اس المیہ کو دیکھ کر جو بائیڈن کو احساس ہوا کہ غزہ میں گزشتہ 15 مہینوں سے اسرائیل کی آگ لگی ہوئی ہے اور وہاں مرنے والوں کی تعداد اقوام متحدہ کے اعداد وشمار کے مطابق 3 لاکھ سے زیادہ ہے جس دولاکھ سے زیادہ کمسن بچے شہید ہوچکے ہیں۔ صدر جو بائیڈن جواب صرف چند دنوں کے مہمان ہیں اور پھر انہیں نئے صدر ٹرمپ کا اردلی آکر اشارہ کرجائے گا کہ جناب پیکنگ کرلیں وقت بہت کم رہ گیا ہے لیکن جو بائیڈن کی رخصتی منحوس ہے یا ٹرمپ کی آمد۔ اس کا فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ جو بائیڈن جس کی ایماء پر اسرائیل بھرپور فوجی امداد مفت میں پاکر غزہ پٹی کو قبرستان میں تبدیل کر چکا ہے وہ زیادہ منحوس ہے یا ڈونالڈ



ٹرمپ جس نے حماس کو زبردست دھمکی دی ہے کہ وہ فی الفور تمام اسرائلی یرغمالیوں کو رہا کرے ورنہ ان کی زندگی جہنم بنادی جائے گی۔ ویسے حماس کو اندازہ ہے کہ جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں اور ٹرمپ اس وقت مسند صدارت کو سنبھالنے سے پہلے تید ڑ بھکیاں دے رہاہے جس کی کوئی بھی اہمیت نہیں ہے۔ جو شخص ایک فاحشہ کے ساتھ رہنے کے حلفیہ بیان سے ڈر کر 20 ملین ڈالر کے ذریعہ اس کا منہ بند کرنے کی کوشش کرچکا ہے وہ شخص اگر اس قسم کی دھمکی دے تو اندازہ کرلینا چاہئے کہ وہ بہت زیادہ پھینک پھانک کرنے والا ہے۔ البتہ خاموش شیطان کا عہدہ تو جو بائیڈن نے حاصل کرلیا ہے جس کی زبان سے غزہ کے متعلق کوئی جارحانہ بیان سننے کو نہیں آیا، لیکن ایک سال کے اندر اندر جو بائیڈن نے اسرائیل کے موساد کے اشارے پر تین لاکھ کے قریب فلسطینیوں کو شہید کرچکا ہے لیکن زبان کو ہمیشہ خاموش رکھا اور جس بے رحمی سے اس نے فلسطینی بچوں کو موت کے حوالے کیا اور 15 مہینوں میں جس طرح سے اسرائیل کے نام پر امریکہ نے بذات خود غزہ پٹی کو قبرستان بنانے میں نمایاں رول ادا کیا اور آج بھی قاتلوں کا طرف دار اور انتہائی مکار جو بائیڈن لاس انجلیس کی بھیانک آگ اور اس کی زبردست تباہی کو دیکھ کر کہہ رہے ہیں کہ وا اس تباہی کو دیکھ کر ایسا لگ رہا ہے کہ جیسے کسی نے لاس انجلیس میں ایٹم بم پھینک دیا ہے۔ واضح رہے کہ چند ماہ قبل ایک اسرائیلی فوجی کمانڈر نے کہا تھا اتنے بم پھینکنے کے بعد بھی غزہ شہر خموشاں نہ بن سکا اور اب ضرورت ہے کہ وہاں نیوکلیائی ہتھیار پھینک کر غزہ کو قبرستان میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔

امریکی ریاست کیلی فورنیا کے شہر لاس انجلیس میں جنگل کی آگ کئی ہزار ایکٹر تک پھیلنے کے بعد حکام پریشان ہیں۔ ان کا یہی کہنا ہے کہ اس آگ سے جیسی بربادی ہوئی ہے اسے دیکھ کر ایسا ہی لگتا ہے جیسے کسی نے اس شہر میں ایٹم بم پھینک دیا ہے۔ امریکیوں کو اپنے شہر لاس انجلیس کی زبردست بربادی کو دیکھ کر انہیں غزہ پٹی کی بربادی یاد آرہی ہے کہ ابھی کل تک وہ اسرائیلی حملے میں غزہ کی بربادی کو دیکھ کر فلسطینیوں کا مذاق اڑا رہے تھے ان پر ہنس رہے تھے، پھبتیاں کس رہے تھے۔ ایک امریکی اداکار جس نے غزہ میں اسرائیلی فوجی کارروائی کی کھل کر حمایت کی تھی اور گزشتہ ماہ جب 140 فلسطینی روٹی کے لئے قطار میں کھڑے تھے انہیں گولیوں سے بھون ڈالا گیا تھا تو اس اداکار نے باقاعدہ ایک ویڈیو میسج میں اسرائیلی فوجیوں کے اس عمل کو سراہا تھا اور کہا تھا فلسطینیوں کے خلاف ہر دن ایسی ہی کارروائی کی ضرورت ہے۔ اس مشہور امریکن ہالی ووڈ ایکٹر کا پورا اپارٹمنٹ جل کر راکھ ہو گیا ہے اور وہ سڑک پر آ گیا ہے اور پہلی مرتبہ اسے احساس ہوا کہ فلسطینی گزشتہ 15 ماہ سے کس طرح سے تڑپ تڑپ کر زندگی گزار رہے ہیں۔ اس اداکار نے روتے ہوئے انٹرویو دیا کہ اس کی زندگی کے بہت سارے ایوارڈز، دستاویزات، سرٹی فیکٹ سب جل کر راکھ ہو گئے اور اس وقت ایک بھکاری کی طرح سے سڑک پر آ گیا ہے۔ اور اسے اپنے اس عمل پر بیحد افسوس ہورہا ہے جب اس نے چھوٹے چھوٹے معصوم فلسطینی بچوں کی موت پر قہقہہ لگایا تھا اور اس خوشی میں سارے ساتھی اداکاروں کی دعوت کی تھی اور شراب کی بوتلیں کھولی تھیں اور مجھے اس وقت اپنے اس عمل کا احساس ہورہا ہے کہ میں نے انسانیت سے بعید کام کیا تھا۔ اس وقت امریکہ میں جو جنگل کی آگ نے تقریباً 20 ہزار ایکٹر کی زمین کو خاکستر کردیا ہے اور دو ہزار سے زائد مکانات جل کر خاک ہو گئے ہیں اس پر سے سمندری طوفان نے امریکہ کو تہس نہس کردیا ہے اور اسے کہتے ہیں خدائی مار جس طرح سے امریکہ نے اپنے لے پالک کے ذریعہ فلسطینیوں کی نسل کشی کی ہے اس کی سزا نیجا من نیتن یاہو کو بھی ضرور ملے گی کیونکہ خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی۔

☆

# فلسطین میں 40 فیصد کم شہادتیں ریکارڈ

## مرنے والوں کی تعداد 64 ہزار سے زائد: تحقیق میں انکشاف



تازہ تحقیق کے مطابق اسرائیل اور حماس کے تنازع میں فلسطینیوں کی براہ راست شہادتیں 40 فیصد کم شمار کی گئیں، مرنے والوں کی اصل تعداد 64 ہزار سے زائد ہے، غزہ کی پٹی میں صحت کی دیکھ بھال کا بنیادی ڈھانچہ تباہ ہونے کے بعد مفصل ریکارڈ نہیں رکھا جاسکا۔

برطانوی خبر رساں ادارے 'رائٹرز' کے مطابق 'دی لانسیٹ جرنل' میں شائع ہونے والے اعداد وشمار کا جائزہ لندن اسکول آف ہائیجین اینڈ ٹراپیکل میڈیسن، ییل یونیورسٹی اور دیگر اداروں کے ماہرین تعلیم نے لیا۔

اعداد وشمار کے ایک طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے محققین نے اکتوبر 2023 اور جون 2024 کے آخر کے درمیان غزہ میں اسرائیل کی تباہ کن فضائی اور زمینی مہم کے دوران شہادتوں کی تعداد کا اندازہ لگانے کی کوشش کی۔

ان کا اندازہ ہے کہ اس عرصے کے دوران 64 ہزار 260 فلسطینی شہید ہوئے ہیں جو فلسطینی وزارت صحت کے سرکاری اعداد وشمار سے تقریباً 41 فیصد زیادہ ہیں، تحقیق میں بتایا گیا کہ 59.1 فیصد خواتین، بچے اور 65 سال سے زائد عمر کے افراد شہید ہوئے۔ اس تحقیق میں شہید مزاحمت کاروں کا کوئی تخمینہ فراہم نہیں کیا گیا۔ فلسطینی محکمہ صحت کے حکام کے مطابق غزہ کے تنازع میں اب تک 46 ہزار سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، جب کہ جنگ سے قبل اس کی آبادی 23 لاکھ کے لگ بھگ تھی۔ ایک سینئر اسرائیلی عہدیدار نے اس تحقیق پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل کی مسلح افواج نے شہریوں کی اموات سے بچنے کے لیے بہت کوششیں کیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کی کسی بھی فوج نے اس طرح کے وسیع پیمانے پر اقدامات نہیں کیے، ان میں شہریوں کو انخلا کے لیے پیشگی وارننگ دینا، محفوظ علاقے بنانا اور شہریوں کو نقصان پہنچانے سے روکنے کے لیے تمام اقدامات کرنا شامل ہیں، اس رپورٹ میں فراہم کردہ اعداد وشمار زمینی صورتحال کی عکاسی نہیں کرتے۔

اسرائیلی حکام کے مطابق یہ تنازع 7 اکتوبر 2023 کو اس وقت شروع ہوا جب حماس کے مسلح افراد نے اسرائیل کے ساتھ سرحد پر دھاوا بول دیا، جس میں 1200 افراد ہلاک اور 250 سے زائد کو یرغمال بنالیا گیا تھا۔

لانسیٹ کی تحقیق میں کہا گیا ہے کہ فلسطینی وزارت صحت کی الیکٹرانک موت کے ریکارڈ کو برقرار رکھنے کی صلاحیت پہلے قابل اعتماد ثابت ہوئی تھی، لیکن اسرائیل کی فوجی مہم کے تحت اس میں کمی آئی ہے، جس میں ہسپتالوں اور صحت کی دیکھ بھال کی دیگر سہولیات پر چھاپے اور ڈیجیٹل مواصلات میں خلل شامل ہے۔ اسرائیل نے حماس پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ اپنی کارروائیوں کے لیے ہسپتالوں کو 'آڑ' کے طور پر استعمال کرتی ہے۔

تحقیق کے طریقہ کا دیگر تنازعات میں استعمالغیر معمولی اطلاعات کے مطابق غزہ کی تباہ شدہ عمارتوں کے ملبے میں بڑی تعداد میں لاشیں دفن ہیں اور اس وجہ سے انہیں کچھ عمارتوں میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔ اس خلا کو بہتر طریقے سے جانچنے کے لیے لانسیٹ کی تحقیق میں کوسوو اور سوڈان سمیت دیگر تنازعات والے علاقوں میں مرنے والوں کی تعداد کا جائزہ لینے کے لیے استعمال ہونے والا طریقہ کار استعمال کیا گیا۔ کم از کم 2 آزاد ذرائع کے اعداد وشمار کا استعمال کرتے ہوئے، محققین ایسے افراد کی تلاش کرتے ہیں جو شہید ہونے والوں کی متعدد فہرستوں میں ظاہر ہوتے ہیں، فہرستوں کے کم ملاپ سے پتا چلتا ہے کہ زیادہ اموات ریکارڈ نہیں کی گئیں، ایسی معلومات جس کا استعمال اموات کی پوری تعداد کا اندازہ لگانے کے لیے کیا جاسکتا ہے۔ غزہ پر تحقیق کے لیے محققین نے فلسطینی وزارت صحت کے سرکاری اعداد و شمار کا موازنہ کیا، جو لڑائی کے ابتدائی مہینوں میں مکمل طور پر ان میتوں پر مبنی تھے جو ہسپتالوں میں پہنچیں، لیکن بعد میں دیگر طریقوں کو بھی شامل کیا گیا۔

وزارت صحت کی جانب سے غزہ کی پٹی کے اندر اور باہر فلسطینیوں کو ایک آن لائن سروے تقسیم کیا گیا جن سے فلسطینی شناختی نمبر، نام، موت کے وقت عمر، جنس، موت کے مقام، رپورٹنگ ذرائع، اور سوشل میڈیا پر پوسٹ کیے گئے تعزیتی پیغامات کے بارے میں اعداد وشمار فراہم کرنے کو کہا گیا۔ تحقیق کی سربراہ زینا جمال الدین نے 'رائٹرز' کو بتایا کہ ہماری تحقیق سے ایک تلخ حقیقت سامنے آئی ہے کہ غزہ میں زخمی ہونے والوں کی تعداد رپورٹ سے کہیں زیادہ ہے۔

جان ہاپکنز بلومبرگ اسکول آف پبلک ہیلتھ میں سینٹر فار ہیومینیٹیرین ہیلتھ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر پال اسپیگل نے بتایا کہ اس تحقیق میں استعمال کیے گئے اعداد وشمار کے طریقوں سے تنازع میں شہادتوں کی تعداد کا مکمل تخمینہ لگایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مطالعے میں صرف شدید زخموں سے ہونے والی اموات پر توجہ مرکوز کی گئی تھی، ڈاکٹر پال اسپیگل (جو گزشتہ سال ایک مطالعہ کے شریک مصنف تھے) نے کہا کہ تنازعات کے بالواسطہ اثرات کی وجہ سے ہونے والی اموات، جیسے صحت کی خدمات میں خلل، ناقص پانی اور گندگی اکثر زیادہ اموات کا سبب بنتی ہیں، جس میں تنازع کی وجہ سے پیدا ہونے والے صحت عامہ کے بحران کی وجہ سے ہزاروں اموات کا تخمینہ لگایا گیا تھا۔

فلسطین کے مرکزی ادارہ برائے شماریات (پی سی بی ایس) کا اندازہ ہے کہ سرکاری شہادتوں کی تعداد کے علاوہ تقریباً 11 ہزار فلسطینی لاپتا ہیں اور ان کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ وہ 'شہید' ہو چکے ہیں۔ پی سی بی ایس نے فلسطینی وزارت صحت کے اعداد وشمار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ تنازع کے آغاز کے بعد سے غزہ کی آبادی میں 6 فیصد کمی آئی ہے، کیونکہ تقریباً ایک لاکھ فلسطینی بھی علاقہ چھوڑ چکے ہیں۔

### دنیا کا سب سے بڑا 'شو' لیکن مسلمانوں کے بغیر!

سید ضیغم مرتضیٰ

'بڑا ہے، تو بہتر ہے' کمبھ میلے کا یہی منتر ہے۔ زیادہ خرچ، زیادہ کمائی۔ ظاہر ہے روزگار و کاروبار بھی زیادہ ہی ہوگا۔ لیکن مسلمانوں کے لیے اس میں کوئی گنجائش نہیں۔ 13 جنوری سے 26 فروری تک 45 دنوں تک چلنے والا کمبھ میلہ 12 سال بعد منعقد کیا جارہا ہے اور یہ اب تک کا سب سے بڑا عوامی انعقاد ہوگا۔ گزشتہ مرتبہ 2013 میں ریاستی حکومت نے تیاریوں پر 1300 کروڑ روپے خرچ کرنے کا دعویٰ کیا تھا۔ 6 سال بعد 2019 میں 'اردھ کمبھ' کے بارے میں وزیر مالیات راجیش اگروال نے خبر رساں ایجنسی پی ٹی ا? ئی کو بتایا تھا کہ اس کے لیے 4200 کروڑ روپے الاٹ کیے گئے تھے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق 2025 کے کمبھ میں یہ رقم 7500 کروڑ رہنے والی ہے۔ مرکزی حکومت اور ریلوے جیسی ایجنسیاں بھی بہت کچھ خرچ کر رہی ہیں۔ یہ صاف نہیں ہے کہ الاٹمنٹ میں سیکورٹی، بجلی اور پانی کی فراہمی جیسے اخراجات شامل ہیں یا نہیں۔ حالانکہ ریاستی حکومت کو ٹکٹوں کی فروخت، ٹینٹ کے کرایہ اور اسٹالوں سے کچھ کمائی ہوگی، لیکن خرچ کے مقابلے میں یہ کچھ بھی نہیں ہوگی۔ ریاستی حکومت نے 3 سال کے وقفہ پر ہونے والے دیگر کمبھ میلوں سے اسے الگ کرنے کے لیے 12 سال میں ہونے والے اس انعقاد کا نام 'مہا کمبھ' کردیا ہے۔ 2013 کا پچھلا مہا کمبھ 1600 ہیکٹیئر زمین پر ہوا؛ 2019 کا کمبھ میلہ 3200 ہیکٹیئر زمین پر، جبکہ اس مرتبہ 4000 ہیکٹیئر علاقہ میں انعقاد کا اندازہ ہے۔ 45 دن چلنے والے اس عقیدت کے جشن کے لیے میلہ علاقہ کو ضلع قرار دیا گیا ہے۔ اس میں ملک و بیرون ملک سے 40 کروڑ عقیدتمندوں کے ا? نے کا اندازہ ہے۔ 2013 کے مہا کمبھ میں 12 کروڑ عقیدتمند ا? ئے تھے۔ پریاگ راج (الہٰ ا? باد) میں گنگا، جمنا اور اساطیری ندی سرسوتی کے ملن والی جگہ 'سنگم' کے بارے میں عقیدہ ہے کہ یہاں غسل کرنے سے انسان کے گناہ دھل جاتے ہیں۔ ہندو اساطیری داستانوں کے مطابق 'سمندر منتھن' کے دوران نکلی امرت کی کچھ بوندیں ہریدوار، اجین، ناسک اور پریاگ راج میں گری تھیں اور انہی مقامات پر یکے بعد دیگرے کمبھ میلے کا انعقاد ہوتا ہے اور ہر جگہ کی باری 12 سال بعد آتی ہے۔

روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا | اتوار ۱۲ جنوری ۲۰۲۵ء

# بیٹے کو وزیر اعلیٰ کا عہدہ کیا ملا

## فاروق اور عمر عبداللہ دونوں

## کانگریس کے خلاف ہوگئے

نیشنل کانفرنس صدر فاروق عبداللہ نے اپنے وزیر اعلیٰ بیٹے کے عوامی اجتماع میں ایک بیان کی زبردست وکالت کی اور کہا کہ عمر عبداللہ نے جو کچھ بھی کہا ہے وہ خوب سمجھ کر اور فیصلہ کن نتیجے پر پہنچنے کے بعد کہا ہے۔ عمر عبد اللہ نے سری نگر کے ممبر پارلیمنٹ روح اللہ مہدی کی زبردست مخالفت کی ہے اور کہا کہ دہلی کے ساتھ مخالفت کو جاری رکھنا جموں کشمیر کے عوام کے مفاد میں نہیں ہوگا۔ اس لئے بہتر ہے کہ مرکز کے ساتھ دوستانی تعلقات بحال کئے جائیں۔ فاروق اور عمر عبداللہ دونوں ہی نے انڈیا بلاک سے اپنی سخت مایوسی کا اظہار کیا اور کہا کہ انڈیا بلاک کو ختم کردینے کی ضرورت ہے کیونکہ انڈیا بلاک کو صرف پارلیمانی الیکشن کے لئے بنایا گیا تھا تا کہ مودی حکومت کے دور کا خاتمہ کیا جائے۔ اس وقت دونوں باپ بیٹے جونسلی وزارت چلارہے ہیں، جموں کشمیر کے پہلے وزیر اعلیٰ فاروق عبداللہ کے والد شیخ عبداللہ تھے اور موجودہ خاندان کے بارے میں کشمیری عوام کا کہنا ہے کہ پورا خاندان شیخ عبداللہ سے لیکر عمر عبداللہ تک صرف کرسی کی جنگ میں شامل رہے ہیں جب ضرورت پڑی تو حکمراں جماعت کے خلاف اپوزیشن کے سُر میں سُر ملا کر گانے لگے اور اقتدار حاصل ہوتے ہی کوّے کی طرح کائیں کائیں کرنے لگے۔ الیکشن کے وقت ضرورت پڑی تو کانگریس کا ہاتھ تھام لیا اور دونوں باپ بیٹے مل کر مشترکہ طور پر مودی مخالف آواز نکالنے لگے اور مطلب نکل گیا تو اب کانگریس کو پہچاننے سے انکار۔ مودی حکومت نے چونکہ عبداللہ خاندان سے خفیہ ڈیل کرلیا ہے۔ لہذا بیٹا وزیر اعلیٰ ہے تو باپ کے لئے عیش ہی عیش۔ جس طرح سے فاروق عبداللہ کے دور میں کشمیر میں دہشت گردی انتہا کو پہنچی ہوئی تھی اور بطور ایک وزیر اعلیٰ کے فاروق عبداللہ ایک ناکام ترین وزیر اعلیٰ تسلیم کئے گئے۔ اس وقت عمر عبداللہ وزیر اعلیٰ ہیں اور وہ آئندہ پانچ برسوں تک کشمیر کو لیموں کی طرح نچوڑ کر رکھ دیں گے اور فی الحال انہیں اپنی حکومت کے لئے کوئی خطرہ نظر نہیں آرہا ہے تو پھر وہ کانگریس کے ساتھ مفاہمت کرکے کیا کریں گے جب ہر کسی کی زبان پر یہی بات سنائی دے رہی ہے کہ کانگریس کے ساتھ نیشنل کانفرنس نے اشتراک کر رکھا تھا اسی وجہ سے برافروختہ لوگوں کا غم وغصہ عمر عبداللہ کے تئیں نرم پڑ چکا تھا لیکن وہ اس حقیقت سے بخوبی واقف تھے کہ موقع ملتے ہی عمر عبداللہ کانگریس کو سائیڈ لائن کرنا شروع کردیں گے۔ گزشتہ دو ہفتوں سے عمر عبداللہ کے بگڑے تیور دیکھے جاسکتے تھے اور کشمیریوں کا خیال ہے کہ عمر عبد اللہ کا بدلنے کا وقت آچلا ہے۔ ابھی آر جے ڈی چیف لالو یادو کے بیٹے اور سابق ڈپٹی وزیر اعلیٰ تیجسوی یادو کے تیور بھی کچھ بدلے بدلے سے نظر آرہے ہیں اور جس طرح سے انڈیا بلاک صرف لوک سبھا الیکشن کے لئے تھا تو اس بلاک کو باندھ کر کونے میں رکھ دیا جائے۔ تیجسوی نے اس موقع پر وزیر اعلیٰ نتیش کمار پر بھی ناکام وزیر اعلیٰ اور مکار وزیر اعلیٰ کا لقب جوڑ دیا ہے جبکہ سیاست کی دنیا کے اس کمسن لیڈر کو معلوم ہونا چاہئے کہ آر جے ڈی چیف اور اس کے والد لالو یادو کو ہندستان کا سب سے اعلیٰ اور سمجھدار لیڈر تسلیم کیا گیا ہے اور اس جیسے عظیم لیڈر نے نتیش کمار سے کہا کہ وہ جب چاہیں واپس ہوسکتے ہیں ان کے لئے دروازہ کھلا ہے۔ لالو یادو زمانہ شناس لیڈر رہیں اور وہ سیاسی موسم کا نبض پہچانتے ہیں اور دُور بینی ان کی فطرت ہے لیکن کسی جام جمشید کا محتاج نہیں ہیں اور ان کے سیاسی کمسن بیٹے کی زبان سے جو کچھ بھی نکل رہا ہے اس کی انہوں نے حمایت نہیں کی ورنہ وہ جواب ضرور دیتے اور چونکہ ضعیفی ان کے حصے میں کمزوری اور ناتوانی کو ساتھ لیکر آئی ہے ایسے میں تیجسوی نے شاید یہ سوچ لیا ہے کہ اب جو کچھ بھی بولنا ہے، یووا لیڈروں کو ہی بولنا ہے اور اب بوڑھے کھوسٹ لیڈروں کا زمانہ گیا۔ لیکن یووا لیڈروں کے لئے یہی کہنا ہے کہ Look before your Lip۔ یعنی پہلے تولو پھر بولو لیکن یہاں تو معاملہ برعکس ہے باپ جہاں نتیش کمار سے یہ کہہ رہا ہے کہ دروازہ کھلا ہے جب واپسی کا دل کرے واپس ہوجانا اور بیٹا اپنے باپ کی عمر کے لیڈر سے اس طرح خطاب کررہا ہے جیسے وہ اس کا ہمعصر ہو اور پھر کانگریس اور انڈیا بلاک پر اس کی تنقید تو بالکل بچکانہ ہے۔ کانگریس نے آر جے ڈی، جے ڈی (یو)، ترنمول کانگریس اور دیگر ہم خیال پارٹیوں کے ساتھ مل کر جو انڈیا بلاک بنایا تھا وہ صرف اسی لئے کہ ملک کو ڈاکٹر منموہن سنگھ جیسا کوئی وزیر اعظم ملے۔ راہل گاندھی نے تو پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ انہیں وزیر اعظم کے عہدے سے کوئی دلچسپی نہیں ہے پھر ایسے میں نیشنل کانفرنس اور آر جے ڈی کیوں انڈیا بلاک سے ہاتھ جھاڑ رہے ہیں یہ سمجھ سے بعید ہے۔ (خ الف ف)

# حضرت مولانا علی میاں ندویؒ کی ادبی اور ثقافتی خدمات: میرا مطالعہ

## مفتی محمد ثناء الہدیٰ قاسمی

بیسوی صدی میں اپنے افکار وخیالات، احوال ومشاہدات، مختلف ملی تنظیموں میں شراکت، اسلام کی بے باک ترجمانی، عصری زبان وبیان، اسلوب وانداز میں اسلام کی تشریح وتوضیح اور انسانی اعلیٰ اخلاقی قدروں کی پیام رسانی کے ذریعہ پوری مسلم دنیا کو جن لوگوں نے متاثر کیا اور بڑی تعداد میں جن کے پیغامات کو لوگوں نے قبول کیا، اس میں ایک بڑا اور سرفہرست نام مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ (آمد: 24 نومبر 1914، رفت: 31/ دسمبر 1999) کا ہے، اس کی تفصیل جاننی ہو تو حضرت مولانا علیہ الرحمہ کی خودنوشت کاروان زندگی کی تمام جلدوں کا مطالعہ کرنا چاہیے، جس میں حضرت مولانا نے خود اپنے قلم سے اپنی زندگی کے مشاہدات وتجربات، احساسات وتاثرات ہندوستان اور عالم اسلام کے واقعات وحوادث اور تحریکات وشخصیات کا ایسا مرقع تیار کیا ہے جو اپنی آپ بیتی بھی ہے اور حقیقت پسندانہ جگ بیتی بھی، یہ کتاب چودہویں صدی ہجری اور بیسوی صدی عیسوی کی بہترین تاریخ ہے۔

اس کے علاوہ حضرت مولانا علیہ الرحمۃ کی شخصیت پر ان کے خانوادہ یا دارالعلوم ندوۃ العلماء سے وابستہ اور دیگر اہل علم حضرات نے جو لکھا ہے وہ بہترین ماخذ ومراجع ہیں، مثلاً مولانا سید محمد رابع حسنی ندویؒ کی "عہد ساز شخصیت"، مولانا عبد اللہ عباس ندویؒ کی "میر کارواں"، مولانا سید بلال عبد الحیٔ حسنی کی "سوانح مفکر اسلام" مولانا ابوسحبان روح القدس ندوی کی "مولانا علی میاں اور علم حدیث"، مولانا محمد اسجد ندوی کی "مولانا ابوالحسن علی ندوی حیات اور کارنامے"، ڈاکٹر یوسف القرضاوی کی "ابو الحسن الندوی کما عرفتہ"، مولانا عبد الباسط ندوی کی "مولانا سید ابوالحسن علی ندوی افکار وآثار"، محمد ثناء الہدیٰ قاسمی کی "مولانا علی میاں کی دعوت دین کے چند اہم پہلو"، مولانا طارق ایوبی ندوی کی "مولانا ابوالحسن علی ندوی ایک ملی مفکر"، نیز تعمیر حیات اور رابطہ کولکاتہ کا مولانا علی میاں نمبر جس کے مدیر نذر الاسلام نظمی تھے کا مطالعہ انتہائی مفید اور حضرت مولانا کی شخصیت اور ان کی خدمات کو سمجھنے کے لیے کافی ہے۔

جب کسی شخصیت کے کارنامے وسیع اور ان پر لکھنے کے لیے بہت سارا مواد موجود ہو تو ان پر کسی نئی کتاب کا تربیت دینا اور پی ایچ ڈی کرنا آسان ہوتا ہے، خصوصاً اس وجہ سے بھی کہ ان دنوں پی ایچ ڈی کے مقالے زیادہ تر قینچی اور پیسٹ کے فن کا کمال ہوا کرتے ہیں، اور بقول گوپی چند نارنگ ان کی خصوصیت یہ ہوئی ہے کہ دفتیوں کے درمیان چند اوراق لکھے ہوا کرتے ہیں، جن میں سرچ (تلاش) ہی نہیں ہوتی ری سرچ تو اس سے بہت اوپر کی چیز ہے چند کتابوں کے تراشے جمع کر کے حاصل مطالعہ لکھ دیا جاتا ہے اور بس، چنانچہ حضرت مولانا علی میاں ندوی کی شخصیت اور خدمات کو پی اچ ڈی کے مقالہ کے لیے ہند وبیرون ہند میں بہت سارے لوگوں نے چنا اور پچاس سے زائد لوگوں نے مولانا کی ہمہ جہت شخصیت اور خدمات کے الگ الگ پہلوؤں پر مقالہ لکھ کر پی اچ ڈی کی ڈگری حاصل کی، باخبر ذرائع کا کہنا ہے کہ مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کی لائبریری میں مولانا علی میاں پر پی اچ ڈی کے تیس (30) مقالے موجود ہیں، اور کئی مقالے دار العلوم ندوۃ العلماء کی لائبریری میں بھی ہیں۔

حضرت مولانا کے منہج تنقید اور ان کے ادبی نظریہ پر عربی میں بھی ایم فل وپی اچ ڈی کے مقالے لکھے گیے، مولانا پر انگریزی میں عبد القادر چوغلے (جنوبی افریقہ) کی دو ضخیم جلدیں شائع ہو چکی ہیں، عبد المجید سلمانی ترکی کی کتاب "الفکر والسلوک السیاسی عندأبی الحسن الندوی اور احمد الوشمی کی منہج النقد عندأبی الحسن۔ خاص طور پر قابل مطالعہ ہیں۔

ہند وبیرون ہند میں جو کام حضرت مولانا پر ہوا اور جو مقالے لکھے گیے اس کی فہرست سازی کی نہ یہاں ضرورت ہے اور نہ موقع، بہار کی سطح پر ڈاکٹر ممتاز احمد خاں مرحوم کی زیر نگرانی مولانا ڈاکٹر شکیل احمد قاسمی اور ڈاکٹر ذاکر حسین ساکن فتح آباد، سرائے ویشالی استاذ مڈل اسکول محمد پور رہوا نے پروفیسر عبد المالک صدر شعبہ اردو جے پی یونیورسٹی چھپرہ کی زیر نگرانی حضرت مولانا علی میاں پر مقالہ لکھ کر ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔

آخر الذکر ڈاکٹر ذاکر حسین (ولادت 3/ مئی 1973ء) مدرسہ احمدیہ ابابکر پور ویشالی میں میرے شاگرد رہے ہیں، یہ عجب اتفاق ہے کہ ان کے والد ماسٹر محمد نصیر الدین بن بنو علی منصوری میرے والد کے شاگرد تھے، بلکہ ان کی تعلیمی سرپرستی بھی میرے والد ماسٹر محمد نور الہدیٰ (م 2017ء) نے کی اور اللہ نے والد صاحب کی محنت اور دعا کو قبول کر کے انہیں تعلیمی شعبہ سے لگایا، انہوں نے اپنے بچوں کو اچھی تعلیم دلائی، وہ کہا کرتے ہیں کہ ہر چیز کی ایک قیمت ہوتی ہے، آپ کے پاس بس قوت خرید ہونی چاہیے، اس بات کو وہ عملی زندگی میں برتتے بھی جس کے نتیجے میں آج ان کی سبھی لڑکے معاشی اعتبار سے کامیاب ہیں اور کئی علمی کاموں سے جڑے ہوئے ہیں، ڈاکٹر ذاکر حسین ان لوگوں میں ہیں، جو علمی سرپرستی کی وجہ سے مجھے پشتینی اور اپنا خاندانی استاذ سمجھتے ہیں اور تحریر وتقریر میں اس کا اعلان بھی فخر سے کرتے رہتے ہیں۔

ڈاکٹر ذاکر حسین نے حضرت مولانا علی میاں ندوی کی ادبی وثقافتی خدمات کو اپنی تحقیق کا موضوع بنایا ہے، اس میں صرف ایک باب اس موضوع پر ہے، بقیہ چھ ابواب میں دو یعنی باب اول اور باب ششم ضرورت کے تحت لکھے گئے ہیں، ظاہر ہے جس شخص کی ادبی وثقافتی خدمات کو قارئین کے سامنے آپ لانا چاہتے ہیں، اس کے بارے میں قاری کو جاننا چاہیے کہ وہ کون تھے، چنانچہ ڈاکٹر ذاکر حسین نے پہلا باب "مختصر سوانح" کا قائم کیا ہے، جو ضروری تھا، باب ششم میں انہوں نے حاصل مقالہ نتیجہ اور حوالہ جاتی کتب کا ذکر کیا ہے، تحقیقی مقالہ کے لیے یہ دونوں لازم وملزوم ہیں۔ باب سوم میں حضرت مولانا علی میاں ندوی کی تحریر کے عقلی وجمالیاتی رجحان، جدید اردو نثر کے ارتقاء میں علی میاں کی خدمات کو بھی ادبی کے زمرے میں ڈال کر شامل کرنے کا جواز پیدا کر سکتے ہیں، البتہ باب چہارم میں "عالم دین کی حیثیت سے عالم اسلام میں علی میاں کا مرتبہ" ایک اضافی چیز ہے، اس کا ان کی ادب وثقافت سے کوئی خاص تعلق نہیں ہے، اس باب کے مندرجات کو باب اول میں سمیٹا جا سکتا تھا، لیکن پی اچ ڈی کے لیے لکھے گئے مقالوں کی اپنی کچھ مجبوری ہوتی ہے، جسے اسکالر کبھی باب میں اضافہ کر کے اور کبھی طول طویل اقتباسات نقل کر کے پوری کرتا ہے، اس کا نقصان یہ ہوتا ہے کہ اسکالر کی اصلی اور اپنی بات دوسروں کے تراشے اور اقتباسات میں دب کر رہ جاتی ہے۔

ڈاکٹر ذاکر حسین کی دو کتابیں اردو کے اصول تدریس اور "بچوں کی نفسیات اور نشوونما پر پہلے چھپ چکی ہے، اول الذکر پر میرا تفصیلی تبصرہ ہفت روزہ نقیب میں بھی آچکا ہے، گلدستہ ذاکر کے نام سے ایک کتاب اور تیار ہے، جو ابھی غیر مطبوعہ ہے۔

ڈاکٹر صاحب کی اب تک جتنی کتابیں طبع ہوئیں، جتنے مضامین چھپے اور خبریں شائع ہوئیں، ان میں سب سے اچھی، پاک، صاف اور شستہ زبان اس مقالہ کی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ڈاکٹر ذاکر حسین اپنی تحریروں اور اسلوب کے اعتبار سے ترقی پذیر ہیں، ان کے لکھنے کی صلاحیت دن بدن مضبوط ہو رہی ہے اور ان کا اسلوب مسلسل ارتقاء کے راستے پر گامزن ہے۔

میں ڈاکٹر صاحب کو پی ایچ ڈی کے اس مقالہ کی طباعت کے موقع سے ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ وہ تیزی سے ترقی کریں اور مجھے خوشی ہے کہ میرا شاگرد ترقی کے منازل طے کرتا جا رہا ہے، اللہ رب العزت اس کتاب کے نفع کو عام وتام فرمائے، آمین یارب العالمین وصلی اللہ علی النبی الکریم وعلی آلہ وصحبہ اجمعین۔

# ضیا تقوی: جدید اردو شاعری کا ایک روشن ستارہ

## ابوشحمہ انصاری

اردو ادب کی دنیا میں ایسے کئی شعرا وادبا گزرے ہیں جنہوں نے اپنی تخلیقی صلاحیتوں سے اس زبان کے دامن کو مزید وسعت دی۔ سید ضیا کاظم تقوی، جنھیں ادبی حلقوں میں ضیا تقوی کے نام سے جانا جاتا ہے، انہی روشن ستاروں میں سے ایک ہیں۔ ان کا تعلق لکھنؤ کے ایک علمی اور ادبی خاندان سے ہے، جو اپنی علمی وراثت اور ادبی خدمات کے لیے جانا جاتا ہے۔ ضیا تقوی کا تعارف ایک ہمہ جہت شاعر، ناقد، اور افسانہ نگار کے طور پر کیا جا سکتا ہے، جنہوں نے مختلف اصناف ادب میں اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔

ابتدائی زندگی اور خاندانی پس منظر: ضیا تقوی یکم مئی 1966 کو لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ ان کا خاندان "خاندانِ نجم الملت ملت" کے نام سے معروف ہے، جو اپنی علمی وادبی وراثت کے لیے مشہور ہے۔ ان کے والد، سید محمد حامد، ریاضی کے استاد ہونے کے ساتھ ساتھ ایک مضمون نگار اور ناقد بھی تھے۔ ان کی والدہ نکہت سلطانہ نے بھی ان کی تربیت اور تعلیمی رجحانات کو پروان چڑھانے میں اہم کردار ادا کیا۔ ضیا تقوی کے آبائی بزرگ حضرت زید کے نام پر آباد زید پور، بارہ بنکی سے ان کا تعلق ہے، ان کے بزرگ بعد میں امروہہ اور پھر لکھنؤ منتقل ہوئے۔

تعلیمی سفر: ضیا تقوی نے ابتدائی تعلیم لکھنؤ میں حاصل کی۔ اردو ادب سے ان کی وابستگی اور شغف ان کے تعلیمی سفر کے دوران ہی نمایاں تھا۔ 1992 میں لکھنؤ یونیورسٹی سے اردو ادب میں ایم۔ اے۔ کی ڈگری حاصل کی۔ ان کی تعلیم نے ان کے فکری اور ادبی ذوق کو مزید جلا بخشی، جس کی جھلک ان کی شاعری اور نثر دونوں میں نظر آتی ہے۔

شاعری کا آغاز: ضیا تقوی نے 1984 میں شاعری کا آغاز کیا۔ صنفِ نوحہ ان کی شاعری کی پہلی منزل بنی، اور اس صنف میں ان کا کام قابلِ ستائش ہے۔ وقت کے ساتھ، انہوں نے اردو ادب کی مختلف اصناف میں طبع آزمائی کی اور اپنی منفرد شناخت قائم کی۔ ان کے کلام میں مذہبی جذبات کی عکاسی، تہذیبی اقدار کا تحفظ، اور سماجی مسائل کی نشاندہی نہایت مؤثر انداز میں کی گئی ہے۔

اصنافِ سخن: ضیا تقوی نے اردو ادب کی متعدد اصناف میں اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے، جن میں نوحہ، حمد، نعت، سلام، منقبت، قطعات، رباعیات، غزل، سلام، قصیدہ، اور مزاحیہ نظمیں شامل ہیں۔ ان کے کلام میں گہرائی، جذبے کی شدت، اور اظہار کی خوبصورتی نمایاں ہیں۔ ان کی شاعری میں نہ صرف روایتی انداز جھلکتا ہے بلکہ جدید خیالات کا حسین امتزاج بھی نظر آتا ہے۔

اہم موضوعات اور خصوصیات: ضیا تقوی کی شاعری کا دائرہ کار بہت وسیع ہے۔ ان کے کلام میں مذہبی رنگ نمایاں ہے، خاص طور پر نوحہ، سلام، اور منقبت میں ان کی مہارت مسلمہ ہے۔ انہوں نے اپنے اشعار میں کربلا کے واقعات کو بڑی عقیدت اور جذباتی شدت کے ساتھ پیش کیا ہے۔ ان کے نوحے اور سلام و منقبتی اشعار سامعین کے دلوں کو جھنجھوڑ دیتے ہیں اور ان کی فکری گہرائی کی عکاسی کرتے ہیں۔

مزید برآں، ان کی غزلوں میں کلاسیکی اور جدید اردو غزل کا امتزاج پایا جاتا ہے۔ ان کے اشعار میں محبت، غم، اور زندگی کے فلسفے کو بڑی مہارت سے پیش کیا گیا ہے۔ ان کی مزاحیہ نظمیں بھی قابلِ ذکر ہیں، جن میں سماجی مسائل کو طنز ومزاح کے ذریعے اجاگر کیا گیا ہے۔ ان کا مزاحیہ کلام ابتذال سے پاک نظر آتا ہے۔

نثری تصنیفات: ضیا تقوی نہ صرف ایک شاعر ہیں بلکہ ایک کامیاب نثر نگار بھی ہیں۔ ان کی دو نثری تصنیفات "ایک۔ سید آل رضا کی حیات وشاعری" اور دوسری" محمد رضا خان برق کی حیات وشاعری" غیر مطبوعہ ہیں۔ ان دونوں تصانیف میں انہوں نے اردو شاعری کی تاریخ اور نمایاں شخصیات کی حیات وخدمات پر روشنی ڈالی ہے۔ یہ تصانیف ان کی تحقیقی اور تنقیدی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

افسانہ نگاری: ضیا تقوی نے افسانہ نگاری میں بھی اپنے جوہر دکھائے ہیں۔ ان کے دس افسانے ہیں جن میں کچھ غیر مطبوعہ ہیں، جن میں زندگی کی حقیقتوں، سماجی مسائل، اور انسانی جذبات کو بڑی خوبصورتی سے بیان کیا گیا ہے۔ ان کے افسانوں میں کہانی کے ساتھ ساتھ کرداروں کی گہرائی اور منظر نگاری پر خاص توجہ دی گئی ہے، جو ان کی نثری مہارت کی دلیل ہے۔

ادبی خدمات: ضیا تقوی کی ادبی خدمات کا دائرہ نہ صرف شاعری تک محدود ہے بلکہ انہوں نے آل انڈیا ریڈیو کے پروگراموں، مقامی شعری نشستوں اور مختلف ادبی تقریبات میں بھی بھرپور حصہ لیا ہے۔ آل انڈیا ریڈیو لکھنؤ کے پروگراموں میں بطور شاعر ان کی شرکت ان کے فن کی مقبولیت کا ثبوت ہے۔ ان کے کلام کو مختلف اخبارات اور رسائل میں بھی جگہ ملی، جو ان کے شعری معیار کی گواہی دیتا ہے۔

اثر ورسوخ: ضیا تقوی کی شاعری پر کلاسیکی اردو شاعری کا گہرا اثر دکھائی دیتا ہے، لیکن ان کی تخلیقات میں جدید اردو ادب کی جھلک بھی واضح ہے۔ ان کا کلام روایتی اور جدید دونوں قارئین کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے۔ ان کی شاعری میں جمالیاتی حس، فکری گہرائی، اور جذباتی سچائی کا امتزاج پایا جاتا ہے۔

رہائش اور ذاتی زندگی: ضیا تقوی اس وقت لکھنؤ کے علاقے بزازہ میں مقیم ہیں۔ ان کی شخصیت کا وقار، انکساری، اور علمی رویہ ان کی شاعری میں بھی جھلکتا ہے۔ ان کے ادبی سفر میں ان کے خاندانی پس منظر اور تربیت نے ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔

سید ضیا کاظم تقوی، المعروف ضیا تقوی، اردو ادب کے ایک اہم اور ہمہ جہت شاعر ہیں جنہوں نے مختلف اصناف ادب میں نمایاں کام کیا ہے۔ ان کی شاعری، نثر، اور افسانے اردو ادب کے قیمتی اثاثے ہیں۔ ان کا کلام نہ صرف دلکش اور مؤثر ہے بلکہ فکری اعتبار سے بھی نہایت بلند معیار کا حامل ہے۔ ان کی غیر مطبوعہ تصانیف اور افسانے اردو ادب کے قارئین کے لیے امید کی ایک کرن ہیں کہ جلد ہی یہ خزانے منظر عام پر آئیں گے اور ان کی تخلیقی صلاحیتوں کا دائرہ مزید وسیع ہوگا۔ ضیا تقوی کا نام اردو ادب کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، اور ان کا کام آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ثابت ہوگا۔ میری اللہ سے دعا ہے کہ وہ ضیا تقوی کو صحتمند رکھے، طول عمر عطا کرے فرمائے اور انکے اسپ قلم کو رواں دواں رکھے۔

# اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے

## محمد اختر عادل گیلانی

سورہ بقرہ رکوع 26، آیت 211 تا 216 کا ترجمہ اور مختصر تشریح پیش ہے:

(ترجمہ) "بنی اسرائیل سے پوچھو: کیسی کھلی کھلی نشانیاں ہم نے انہیں دکھائی ہیں (اور پھر یہ بھی انہیں سے پوچھ لو) اللہ کی نعمت پانے کے بعد جو قوم اس کو شقاوت سے بدل دیتی ہے اسے اللہ کیسی سخت سزا دیتا ہے۔ جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ہے، ان کے لیے دنیا کی زندگی بڑی محبوب ودل پسند بنا دی گئی ہے۔ ایسے لوگ ایمان کی راہ اختیار کرنے والوں کا مذاق اڑاتے ہیں، مگر قیامت کے روز پرہیزگار لوگ ہی ان کے مقابلے میں عالی مقام ہوں گے۔ رہا دنیا کا رزق، تو اللہ کو اختیار ہے، جسے چاہے بے حساب دے"۔ (211_212)

تشریح: یہاں بنی اسرائیل کو نمونہ اور نشانِ عبرت کے طور پر پیش کیا گیا ہے کہ بنی اسرائیل کو کتاب اور نبوت کی مشعل دے کر دنیا کی رہنمائی کے منصب پر مامور کیا گیا تھا، مگر دنیا پرستی کے چکر میں پڑ کر کتاب اللہ اور اپنے نبی کی تعلیم کو بھلا بیٹھے اور دین کا حلیہ بگاڑ دیا۔ اب امتِ محمدیہ (ﷺ) کو منصب امامت پر مامور کیا گیا ہے، لہٰذا تم ہوشیار رہنا اور ان کے نقشِ قدم پر نہ چلنا۔ مگر بدقسمتی سے آج یہی حالت اس امت کی ہو رہی ہے۔ دوسری بات یہ کہ دنیا کے مال واسباب زندگی گزارنے اور آزمائش کا ذریعہ ہے۔ اہلِ ایمان کے لیے اس پر فخر وغرور کرنا مناسب نہیں۔ رزق اللہ کے اختیار میں ہے اور جسے جتنا بے حساب رزق دیتا ہے۔ مگر ایسا نہیں ہے کہ جس کو فراوانی کے ساتھ رزق ملا ہے، وہ اس کا چہیتا ہے اور جس کو کم رزق ملا ہے وہ اس کی نظر میں ناپسندیدہ اور کمتر ہے۔ اصل میں اللہ کا محبوب بندہ وہ ہے جس نے اس کے حکموں اور رسول ﷺ کی سنت کے مطابق زندگی بسر کی اور اپنے رب کو راضی کر لیا وہ آخرت میں فلاح پا گیا۔

" ابتدا میں سب لوگ ایک ہی طریقے پر تھے۔ (پھر یہ حالت باقی نہ رہی اور اختلافات رونما ہوئے) تب اللہ نے نبیوں کو بھیجے جو راست روی پر بشارت دینے والے اور کجروی کے نتائج سے ڈرانے والے تھے، اور ان کے ساتھ کتاب برحق نازل کی تا کہ حق کے بارے میں لوگوں کے درمیان جو اختلافات رونما ہو گئے تھے، ان کا فیصلہ کرے ۔۔۔ (اور ان اختلافات کے رونما ہونے کی وجہ یہ نہ تھی کہ ابتدا میں لوگوں کو حق بتایا نہیں گیا تھا نہیں) اختلافات ان لوگوں نے کیا، جنہیں حق کا علم دیا جا چکا تھا۔ انہوں نے روشن ہدایت پا لینے کے بعد محض اس لیے حق کو چھوڑ کر مختلف طریقے نکالے کہ وہ آپس میں زیادتی کرنا چاہتے تھے ۔۔۔ پس جو لوگ انبیاء پر ایمان لے آئے، انہیں اللہ نے اپنے اذن سے اس حق کا راستہ دکھا دیا، جس میں لوگوں نے اختلاف کیا تھا۔ اللہ جسے چاہتا، راہ راست دکھا دیتا ہے"۔ (213)

تشریح: اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے جس انسان (آدم) کو پیدا کیا انہیں صحیح راستے کی رہنمائی وہدایت کے ساتھ دنیا میں بھیجا۔ اس کے بعد ایک مدت تک نسلِ آدم راہِ راست پر قائم رہی اور ایک ہی امت بنی رہی۔ پھر لوگوں نے نئے نئے راستے نکالے اور مختلف طریقے ایجاد کر لیے۔ یہ اس وجہ سے نہیں ہوا کہ ان کو حقیقت نہیں بتائی گئی تھی، بلکہ اس وجہ سے ہوئی کہ حق کو جاننے کے باوجود ان کے اندر شرک، ظلم، سرکشی اور دوسری خرابیاں پیدا ہوتی گئیں۔ اسی خرابی کو دور کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام کو مبعوث کرنا شروع کیا، تا کہ انہیں بھولا ہوا سبق یاد دلائے اور لوگوں کے سامنے اس کھوئی ہوئی راہِ حق کو واضح کر کے انہیں پھر سے ایک امت بنا دے۔

" پھر کیا تم لوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ یونہی جنت کا داخلہ تمہیں مل جائے گا، حالانکہ ابھی تم پر وہ سب کچھ نہیں گزرا ہے، جو تم سے پہلے ایمان لانے والوں پر گزر چکا ہے؟ اُن پر سختیاں گزریں، مصیبتیں آئیں، ہلا مارے گئے، حتیٰ کہ وقت کا رسول اور اس کے ساتھی اہل ایمان چیخ اٹھے کہ اللہ کی مدد کب آئے گی ۔۔۔ اس وقت انہیں تسلی دی گئی کہ ہاں اللہ کی مدد قریب ہے"۔ (214)

تشریح: انبیاء جب کبھی دنیا میں آئے، انہیں اور ان پر ایمان لانے والے لوگوں کو خدا کے باغی وسرکش بندوں سے سخت مقابلہ پیش آیا اور انہوں نے اپنی جانیں جوکھموں میں ڈال کر باطل طریقوں کے مقابلہ میں دینِ حق کو قائم کرنے کی جدوجہد اور اس کی حفاظت اور اشاعت کے لیے جان ومال کی قربانی پیش کی۔ اس دین کا راستہ کبھی پھولوں کی سیج نہیں رہا کہ ایمان لا کر چند ارکان کو بجا لائے اور جنت کے حقدار بن گئے۔ بلکہ ایمان لانے کا تقاضا ہر زمانے میں یہ رہا کہ آدمی جس دین پر ایمان لایا ہے، اسے قائم کرنے کی کوشش کرے اور جو باطل طاقتیں اس کے راستے میں رکاوٹ بنیں اس کا زور توڑنے کے لیے اپنے جسم وجان کی ساری قوتیں اور صلاحیتیں صرف کر دے، تو اللہ کی مدد لازماً آتی ہے۔ مگر کسی مصلحت اور حکمت کی وجہ سے اس میں دیر ہو سکتی ہے، جیسا کہ غزہ کے معاملے میں نظر آ رہا ہے۔

" لوگ پوچھتے ہیں کہ ہم کیا خرچ کریں؟ جواب دو کہ جو مال بھی تم خرچ کرو اپنے والدین پر، رشتے داروں پر، یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں پر خرچ کرو۔ اور جو بھلائی بھی تم کرو گے، اللہ اس سے باخبر ہوگا۔ تمہیں جنگ کا حکم دیا گیا اور وہ تمہیں ناگوار ہے ۔۔۔ ہو سکتا ہے کہ ایک چیز تمہیں ناگوار ہو اور وہی تمہارے لیے بہتر ہو۔ اور ہو سکتا ہے ایک چیز تمہیں پسند ہو اور وہی تمہارے لیے بری ہو۔ اللہ جانتا ہے تم نہیں جانتے" ۔ (215_216)

تشریح: یہ آیت انفاق فی سبیل اللہ کی ترجیحات کو متعین کرتی ہے کہ مال خرچ کرنے میں سب سے پہلے اپنے والدین اور قریبی رشتے داروں کو فوقیت دینی چاہیے۔ یہاں جس مال کے خرچ کرنے کا ذکر ہے اس سے مراد زکوٰۃ نہیں ہے، کیونکہ زکوٰۃ والدین پر خرچ نہیں کی جا سکتی ہے۔ اور جو بھی مال خرچ کریں نیت میں خلوص اور اللہ کی رضا کی تمنا ہونی چاہیے۔ نہ صرف مال بلکہ ضرورت پڑنے پر باطل پرستوں سے جنگ کرنے اور جان کی قربانی پیش کرنے سے بھی پیچھے نہ ہٹیں، اسی میں خیر وبھلائی ہے۔

رابطہ: 9852039746

# شام اور اسلامی ریاست: احتیاط اور چوکسی کی ضرورت

## پروفیسر وندنی کماری

شام میں حال ہی میں اہم سیاسی اور فوجی تبدیلیاں آئی ہیں۔ 8 دسمبر 2024 کو، باغی گروپوں نے صدر بشار الاسد کی 24 سالہ حکمرانی کا خاتمہ کیا، جس سے وہ روس فرار ہونے پر مجبور ہوئے۔ بغاوت کے بعد حیات تحریر الشام (HTS) باغی گروپ نے محمد البشیر کو عبوری وزیر اعظم مقرر کیا ہے۔ تشویشناک بات یہ ہے کہ کچھ لوگوں نے ان واقعات کو اسلامک اسٹیٹ (ISIS) کی فتح کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کی ہے یا انہیں وسطی ایشیا میں نوجوانوں کے خلاف تشدد کو بھڑکانے کے لیے ایک وسیع، الٰہی طور پر منظور شدہ مہم کے حصے کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس مہم کی اس طرح کی یہ تشریح غلط، گمراہ کن اور ایک خطرناک جال ہے جو نوجوانوں اور حساس ذہن رکھنے والے افراد کو گمراہ کرنے کے لیے بنایا جا رہا ہے۔ مشرق وسطیٰ کے بہت سے دوسرے ملکوں کی طرح، شام کا تنازعہ کثیر جہتی ہے، جس میں مختلف دھڑے کنٹرول، اثر ورسوخ اور بقا کے لیے کوشاں ہیں۔ آئی ایس آئی ایس کی باقیات سمیت کچھ انتہا پسند گروہ ان پیش رفت کو اپنی نام نہاد" خلافت" کے حصے کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لیے اس کی تشریح کر رہے ہیں، یہ تصور ان کے بنیاد پرست نظریے میں بہت گہرا ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ اسلامی حکمرانی اور خلافت کے حقیقی تصور کو مسخ کر کے وسطی ایشیا میں بہت سے بنیاد پرست گروہ اپنے سیاسی ایجنڈوں کے لیے نوجوانوں کو قربانی کے بکرے کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ اسلامی طرز حکمرانی کا تصور اسلام کے مذہبی اور سماجی اصولوں پر مبنی ہے۔ اسے عرف عام میں اسلامی راج" یا" خلافت" کہا جاتا ہے۔ اسلامی نظام حکومت میں مشاورت کا اصول لاگو ہوتا ہے۔ اسے" شوریٰ" کہا جاتا ہے، جہاں حاکم اور رعایا کے درمیان گفتگو ہوتی ہے۔ یہ جمہوری عمل کی بنیاد ہے۔ ISIS کے تحت نام نہاد" اسلامی ریاست" تباہی، جبر اور دہشت گردی پر بنائی گئی تھی۔ یہ ایک سیاسی ادارہ تھا جس نے اسلام کے بنیادی اصولوں جیسا کہ انصاف، رحم اور انسانی وقار کے احترام کی خلاف ورزی کی۔ داعش مسلمانوں میں امن اور خوشحالی لانے کے بجائے مصائب، خونریزی اور تقسیم لے کر آئی۔ اس کی اسلام کے نام پر دہشت گردی، فرقہ وارانہ تشدد اور بربریت کی حکمت عملی نے نہ صرف ایمان کو کمزور کیا ہے بلکہ دنیا بھر کے بہت سے مسلمانوں کو مایوس بھی کیا ہے۔ کچھ بنیاد پرست اور انتہا پسند اب شام میں ہونے والی پیش رفت کو نام نہاد دولتِ اسلامیہ کی فتح کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان کا مقصد جذبات کو بھڑکا کر اور خود کو اسلام کے "حقیقی" محافظوں کے طور پر پیش کر کے مسلم نوجوانوں پر فتح حاصل کرنا ہے۔ وہ فتح یافتہ خلافت کے دوبارہ جنم لینے کی تصویر بنانے کے لیے لڑائیوں، نعروں اور یہاں تک کہ جہاد" کا حوالہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ تاہم، یہ بیانیہ اسلام کی تعلیمات سے متصادم ہے۔ یہ ایسی سازش ہے جو تشدد، تباہی اور ذاتی نقصان کا باعث بنتی ہے، یہ سب کچھ اسلام کی مسخ شدہ تفہیم کے نام پر ہوتا ہے۔ اسلام کا صحیح راستہ وہ ہے جو امن، انصاف اور انسانیت کی بھلائی کو فروغ دیتا ہے، نہ کہ بے معنی تنازعات یا فرقہ وارانہ تشدد۔ مسلم نوجوانوں کو خود کو تعلیم دینے، اہل علم سے رہنمائی لینے اور اسلام کی صحیح تعلیمات کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ اسلام علم کے حصول، انصاف کے لیے جدوجہد کرنے اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ اسلام تشدد یا تباہی کی تعریف نہیں کرتا۔ امن کو فروغ دینا اور ہر قسم کی انتہا پسندی کے خلاف کھڑا ہونا ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔ مسلم نوجوانوں کو یاد رکھنا چاہیے کہ کامیابی کا حقیقی راستہ قرآن وسنت کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے، عدل وانصاف کے لیے کام کرنے اور ہر انسان کے وقار کو برقرار رکھنے میں ہے۔ اس طرح وہ معاشرے میں مثبت کردار ادا کر سکتے ہیں، اپنے عقیدے کی حفاظت کر سکتے ہیں اور ان لوگوں کے خطرناک جال سے دور رہ سکتے ہیں جو اپنے انتہا پسندانہ ایجنڈے کے لیے ان کا استحصال کرنا چاہتے ہیں۔

# ڈاکٹر شمیم احمد: مدتوں رویا کریں گے جام وپیمانہ تجھے

## ابوظفر عادل اعظمی

مشہور سماجی شخصیت ڈاکٹر شمیم احمد کا گزشتہ ہفتہ اعظم گڑھ میں انتقال ہو گیا۔ وہ 74 برس کے تھے اور گزشتہ چند مہینے سے بیمار تھے۔ لوگوں کی ان سے انسیت ومحبت کی ایک جھلک سوشل میڈیا پر ان کے بارے میں کیے جانے والے تبصروں میں دیکھی جا سکتی ہے جہاں مختلف میدانوں سے وابستہ افراد، ڈاکٹر، ٹیچر، کسان، طالب علم، کاروباری اور عام آدمی، اپنے رنج وغم، ڈاکٹر صاحب سے اپنی قربت اور ان کے ایثار وخلوص کا تذکرہ کر رہے ہیں۔ یہ تبصرے اور تعزیتی پیغامات اپنے آپ میں ایک کہکشاں کا منظر پیش کر رہے ہیں جو کہ کسی بھی شخصیت کے حوالے سے کم ہی دیکھنے کو ملتے ہیں۔ ایک ایسا شخص جس کو نہ تو کوئی عہدہ حاصل تھا، نہ بہت مالدار تھا اور نہ ہی کسی بڑے ادارے، تنظیم یا سوسائٹی کا سربراہ تھا، بلکہ اس کے ساتھ ایسا کچھ بھی نہیں جس سے کوئی فرد عام طور پر بڑا ابنتا یا بنایا جاتا ہے، لیکن اس کے انتقال نے ہزاروں لوگوں کو سوگوار کر دیا اور اس کی کمی وہ تا دیر محسوس کرتے رہیں گے۔

شمیم صاحب نے عربی کی ابتدائی تعلیم مدرسۃ الاصلاح سے حاصل کی اور پھر گورنمنٹ یونانی کالج لکھنؤ سے 1968 میں بی یو ایم ایس کیا۔ گزشتہ 4 دہائی سے وہ اعظم گڑھ کے قصبہ سنجر پور میں مطب کرتے تھے۔ اردو، عربی، فارسی اور انگریزی زبان پر عبور تھا۔ جدید طبی تحقیق بھی برابر زیر مطالعہ رہتی۔ اچھا ادبی ذوق تھا۔ مخاطب کو بڑی توجہ سے سنتے اور لطیف انداز میں جواب دیتے۔ لوگ ان کے سادہ، مختصر اور لطیف جملوں سے محظوظ ہوتے اور قائل ہو جاتے۔ پھر چاہے وہ دوا علاج کا مسئلہ ہو، آپسی رنجش کا، بچوں کی تعلیم، روزگار، شادی بیاہ ہر طرح کے مسئلہ میں ان سے رہنمائی لیتے۔ وہ ایک ایسے ڈاکٹر تھے جن سے لوگ جسمانی علاج کے علاوہ روحانی اور نفسیاتی طور پر بھی شفا پاتے۔ ڈاکٹر صاحب آسانی سے دستیاب تھے۔ کوئی کہیں بھی روک لیتا اور دوا لکھوا لیتا۔ رات کو فون کر دیتا اور مشورہ کرتا۔ اکثر ڈاکٹر صاحب کسی کو لے کر شہر آپریشن کرانے جا رہے ہوتے، کسی کے آپریشن اور علاج کے مصارف میں رعایت کے لیے بڑے ڈاکٹروں کو فون کر رہے ہوتے۔ یہ سب روز کا معمول تھا لیکن مجال ہے کہ کبھی کسی کو سخت سست کہا ہو۔ کسی کی بے وقت پکار پر ناراضگی کا اظہار کیا ہو۔

مریض کو مطب پر نہ ملتے تو کئی بار گھر پر ہی مریضوں کی بھیڑ لگ جاتی۔ ڈاکٹر صاحب سب کی چائے اور نمکن سے ضیافت بھی کر رہے ہیں، حال چال بھی پوچھ رہے ہیں، خود ہی اٹھ کر پانی پلا رہے ہیں۔ دوا اگر موجود ہے اور فوری کھانے کی ضرورت ہے تو دوا بھی کھلا رہے ہیں۔ ایک آدھ لطیفہ یا کوئی مزاحیہ واقعہ سنا کر مریض کا جی بھی ہلکا کر رہے ہیں۔

میرے وہ احباب جو ڈاکٹر صاحب سے براہ راست واقف نہیں تھے، جب ان کا تذکرہ آتا اور میں ان کو ڈاکٹر صاحب سے ملاقات کے لیے کہتا تو وہ پوچھتے کہ ایسا کیا ہے ان میں، کس طرح کی شخصیت ہیں؟ میرے پاس اکثر فوری یک سطری جواب نہیں ہوتا تھا۔ صرف اتنا کہتا کہ ملنے کے بعد ہی صحیح اندازہ لگے گا۔ واقعہ یہ ہے کہ ان کی شخصیت کو الفاظ کا جامہ پہنانا اور ایک یا چند جملوں میں سمیٹنا مشکل کام ہے۔

شمیم صاحب ایک اچھے معالج ضرور تھے لیکن ان سے بہتر معالج اعظم گڑھ میں بہتیرے مل جائیں گے۔ ان کا دینی فہم اعلیٰ تھا اور عربی تعلیم بھی حاصل کی تھی لیکن ان سے اچھے علماء بھی موجود ہیں۔ ان سے بہتر ادیب اور ادب شناس بھی ہیں۔ ملی اور سماجی ضروریات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے لوگ بھی۔ حتیٰ کہ ایک بہتر انسان میں جو کچھ صلاحیت ہوتی اور ہو سکتی ہیں، ان صلاحیتوں کے حامل اور کمال تک پہنچے ہوئے لوگوں سے نہ اعظم گڑھ کی زرخیز زمین خالی ہے اور نہ ملت اسلامیہ ہند لیکن ایک ہی شخص میں اتنے سارے کمالات کا جمع ہو جانا جو کہ خلوص اور وفا کا پیکر ہو، ریاکاری اور دکھاوا جسے چھو کر بھی نہ گزرا ہو۔ شاید ایسا بہت ہی کم ہوتا ہے۔ ڈاکٹر شمیم صاحب ایسی ہی شخصیت کے حامل تھے۔ اپنی تعلیمی اور صحافتی زندگی میں میری درجنوں بڑی علمی، تحریکی، ملی اور سیاسی شخصیات سے ملاقات رہی، سینکڑوں سوانحی مضامین اور خاکے پڑھے لیکن موجودہ دور میں مجھے ایسی جامع شخصیت نہیں ملی جس میں اتنے سارے محاسن ایک ساتھ جمع ہو گئے ہوں۔

میں نے کبھی کسی کو ان کا شاکی نہیں پایا۔ جس سے بھی ملتے انتہائی اپنائیت سے ملتے گویا جیسے برسوں کی شناسائی ہو۔ افراد اور خاندانوں کے مسائل پر گہری نظر رکھتے اور اس کو حل کرنے کی کوشش کرتے۔ پیرانہ سالی، بیماری اور مصروفیات کے باوجود شاید ہی قرب وجوار کا کائی بزرگ رہا ہو جس کی بیماری میں انہوں نے عیادت نہ کی ہو یا کسی رشتہ دار یا شناسا کی وفات پر تعزیت کرنے بہ نفس نفیس نہ پہنچے ہو۔ اے کاش تعلق نبھانا کوئی ان سے سیکھتا۔ جس سے بھی کچھ تعلق ہو گیا، اس کو نبھاتے۔ تعلیم کا مسئلہ ہو، روزگار کا یا پھر دوا علاج کا۔ بھائیوں کے جھگڑے ہوں یا عام سماجی مسائل ایسے سینکڑوں لوگ ہوں گے جو ان سے مشورے لیتے اور ان تمام عمل میں کبھی میں نے ان کی پیشانی پر بل نہیں دیکھا۔

لوگوں سے ملتے تو ان کی حوصلہ افزائی کرتے۔ قابل اصلاح پہلوؤں پر بھی لطیف اور کبھی مزاحیہ انداز میں توجہ دلاتے۔ اندازہ لگانے کی کوشش کرتے کہ گھر اور باہر اس شخص کی زندگی میں سب کچھ ٹھیک چل رہا ہے۔ زیادہ سوال نہیں کرتے لیکن صبر اور شکر کی تلقین ضرور کرتے۔ میرا ان سے تقریباً 25 برس کا تعلق رہا۔ جب بھی ملتے یہ ضرور پوچھتے کہ سارے امور بآسانی انجام پا رہے ہیں یا نہیں۔ تشنہ پہلوؤں پر مشورہ دیتے۔ کہتے "دعا کرتے رہو، میں بھی دعا کروں گا"۔ شروع کے کچھ سالوں میں مجھے لگا کہ ڈاکٹر صاحب کا یہ انتہائی تعلق مجھ سے یا مجھ جیسے کچھ لوگوں سے ہی ہے لیکن جب ملاقاتیں زیادہ ہوئیں تو یہ محسوس ہوا کہ ان کا یہ تعلق نہ جانے کتنے لوگوں سے ہے، بلکہ ہر ایک سے ایسا ہی ہے۔

بہت اعلیٰ ظرف کے مالک تھے۔ اکثر تنقید اور خلاف مزاج باتوں پر خاموش رہتے، مسکرا دیتے یا کوئی برمحل شعر سنا کر آگے بڑھ جاتے۔ میں نے کبھی کسی سے الجھتے، بحث کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ کبھی ناراض ہوتے نہیں دیکھا۔ کوئی بات خراب لگی تو چہرے پر ایک رنگ آیا اور غائب ہو گیا۔ اس رنگ کو کسی نے پڑھ لیا تو ٹھیک، نہیں پڑھ سکا تو بھی ٹھیک۔ اس رنگ کو اپنے اوپر تا دیر حاوی نہیں ہونے دیتے۔ کم بولتے تھے لیکن تولتے پھر بولتے اور اچھا بولتے۔ اکثر ڈوب کر بولتے۔ لوگوں کی بات بہت توجہ سے سنتے اور بڑے بڑے مسائل کو مسکرا کر حل کر دیتے۔

مؤرخ ایسے لوگوں کو یقیناً فراموش کر دے گا اور یہ مؤرخ کی مجبوری بھی ہوگی۔ کیوں کہ انہوں نے جو وراثت چھوڑی ہے اس کا تخمینہ نہیں لگایا جا سکتا۔ کوئی کتاب تصنیف نہیں کی۔ کوئی تقریر نہیں کی۔ کوئی شعر نہیں کہا۔ کوئی تھیوری نہیں پیش کی۔ کوئی ادارہ نہیں قائم کیا۔ کسی تحریک اور تنظیم کی بنیاد نہیں رکھی بلکہ کسی تنظیم کے باقاعدہ ممبر بھی نہیں رہے۔ کوئی قابل ذکر جائیداد اور بینک بیلنس بھی نہیں چھوڑا۔ یہ مؤرخ کی مجبوری ہے کہ اسے کسی کو بڑا اور قابل ذکر بتانے اور ثابت کرنے کے لیے درج بالا چیزوں میں کسی ایک ضرورت پڑتی ہے۔ اس طور پر ڈاکٹر شمیم صاحب بہت چھوٹے آدمی تھے۔ نہ تو کوئی بھاری بھرکم ڈگری تھی، نہ ہی کسی مدرسے کے شیخ الحدیث یا فارغ التحصیل، نہ ہی دولت کی فراوانی اور نہ ہی سیاسی اثر ورسوخ لیکن جس سے بھی ملتے، جس بھی تعلق رکھتے اس کی سطح پر اتر ملتے۔ اس کی سطح پر اتر کر بات کرتے۔ کسی کو بھی یہ احساس کراتے نہیں دیکھا کہ وہ کتنا پڑھے لکھے ہیں یا ان کا مطالعہ کتنا گہرا اور وسیع ہے۔ اسی حسن اور خوبی نے ہزاروں لوگوں کی نظر میں ان کو اتنا بڑا بنا دیا کہ بہت بڑے بڑے علم اور ڈگریاں والے، دولت وشہرت اور اثر ورسوخ والے ان کے سامنے بونے لگتے ہیں۔

انہوں نے جو سرمایہ چھوڑا ہے وہ ہزاروں افراد اور خاندان ہیں جن سے ان کا تعلق رہا اور اس تعلق کو جب تک جان میں جان رہی وہ نبھاتے رہے۔ ان کی کمی کو کئی دہائیوں تک محسوس کیا جائے اور اس کی کسک دل ودماغ میں زندہ رہے گی۔ اللہ ان کی مغفرت فرمائے اور ملت اسلامیہ کو ان کا نعم البدل فراہم کرے۔ آمین

# اُجین: مہا کال لوک کی توسیع کے لیے بڑی بلڈوزر کارروائی شروع، 257 گھروں کو کیا جا رہا منہدم



11 رجنوری: مدھیہ پردیش کی موہن یادو حکومت بلڈوزر ایکشن کے تحت بڑی کارروائی شروع کر دی ہے۔ ہفتہ کو بلڈوزر کا ایک بڑا دستہ اجین کے مہا کال کوریڈور کے پاس پہنچا۔ یہاں انتظامیہ نے مہا کال کوریڈور کے پاس 257 گھروں کو نشانزد کیا ہے۔ ہفتہ کو ان نشانزد گھروں کو منہدم کرنے کی تیاری پوری کرتے ہوئے بلڈوزر کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ انتظامیہ کا ایک بڑا دستہ اجین مہا کال کوریڈور کے پاس پہنچا ہوا ہے۔ اس دوران وہاں پر کثیر تعداد پولیس فوج تعینات ہے۔ ایڈیشنل ایس پی نتیش بھارگو نے بتایا کہ تحویل کے بعد تجاوزات ہٹانے کی کارروائی کی جا رہی ہے۔ نظم و نسق اور احتجاج کی حالت نہ بنے اس لیے یہاں پر 200 سے زیادہ پولیس اہلکار تعینات ہیں۔ اے ڈی ایم انوکول جین نے بتایا کہ مہا کال لوک کے تحت آنے والے شکتی پتھ میں بھو-ارجن کا حکم پاس کیا گیا ہے۔ اس مقام پر مہا کال مندر کی توسیع کاری ہونے والی ہے۔ حال میں 250 پولیس اہلکار، 10 اگزیکیٹو مجسٹریٹ، ضلع انتظامیہ، میونسپل کارپوریشن اور پولیس فورس اس مقام پر تعینات ہے۔ ایس ڈی ایم رادھے شیام لکشمی نارائن گرگ نے بتایا کہ یہ پورا معاملہ مہا کال لوک کے تحت ا? تا ہے، جس میں سوا دو ہیکٹیئر زمین پر جون 2024 میں بھو-ارجن کا ایوارڈ پاس کیا جا چکا ہے۔ یہ ایوارڈ تقریباً 66 کروڑ روپے کا ہے۔ ملکیت اور زمین ملا کر کل رقم 68 کروڑ روپے ہوگئی ہے۔ اب تک 32 سے 34 کروڑ روپے معاوضے کے طور پر رہائشیوں کو دیے جا چکے ہیں۔ اس علاقے میں 257 مکانوں کو ہٹانے کی کارروائی ہوگی، جس میں 7 رہائشیوں کا معاملہ عدالت میں زیر غور ہے۔ جبکہ 20 رہائشیوں نے ابھی معاوضہ نہیں لیا ہے۔ پہلے ان مکانوں کو ہٹایا جائے گا، اس کے بعد اس علاقے میں واقع تکیہ مسجد کو بھی ہٹانے کی بات کہی جا رہی ہے۔

# یوتھ لیڈرڈ ڈائیلاگ پروگرام نوجوانوں کو قیادت سونپنے کی ایک پہل ہے: منڈاویہ

نئی دہلی، 11 جنوری (یو این آئی) محنت اور روزگار اور نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے مرکزی وزیر منسکھ منڈاویہ نے آج وکست بھارت یوتھ لیڈر ڈائیلاگ پروگرام کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ یہ ملک کے نوجوانوں کو قیادت سونپنے کی ایک پہل ہے۔

آج یہاں بھارت منڈپم میں مختلف ریاستوں کے تین ہزار سے زیادہ نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر منڈاویہ نے کہا کہ ملک میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا پروگرام ہے، جس میں ملک کے نوجوانوں کو قیادت سونپنے کی پہل کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اس طرح کا پہلا تاریخی واقعہ ہے جو ہمارے نوجوانوں کو ترقی یافتہ ہندوستان کے مشترکہ وژن میں اپنا رول ادا کرنے کی طاقت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتوار کو ملک بھر کے نوجوان ترقی یافتہ ہندوستان کے بارے میں وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ ہم ہر سال 12 جنوری کو سوامی وویکانند کی یاد میں یوتھ فیسٹیول مناتے ہیں اور اس تہوار کے دن تمام نوجوان ملک اور اپنی ترقی کا عہد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سوامی وویکانند کہتے تھے کہ جتنی بڑی جدوجہد ہوگی، جیت اتنی ہی بڑی ہوگی۔ جدوجہد ہمیں تحریک دیتی ہے، جدوجہد ہمیں بڑی فتوحات کے لیے تیار کرتی ہے اور کامیابی کی راہ ہموار کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوامی وویکانند جی نے 125-100 سال پہلے جو کہا تھا وہ بھی ہمیں اس سے تحریک لے کر آگے بڑھنے کی سمت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیکشا لینے سے پہلے سوامی وویکانند کا نام نریندر دت تھا۔ جن سے نوجوان تحریک لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے ہمیں ترغیب دی کہ اس بار ہمیں یوتھ فیسٹیول کو مختلف انداز میں منانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح ایک نریندر دت نے نوجوانوں کو راہ دکھائی تھی اسی طرح آج ہمارے نریندر مودی نوجوانوں کو راہ دکھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم مودی کا ایک لاکھ نوجوانوں کو لیڈر بنانے کی طرف یہ پہلا قدم ہے۔ اس پروگرام کے تمام انتظامات نوجوان رضا کاروں نے کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس عرصے میں وزارت کے وزراء اور افسران متاثر کن رہنمائی کرتے رہے ہیں۔ اس پروگرام کے لیے ملک بھر سے 25 رضا کار نوجوانوں سے بات چیت کی گئی۔ ان نوجوانوں نے کوئز مقابلہ منعقد کرنے کا مشورہ دیا، جس پر عمل کیا گیا۔ اس مقابلے میں 30 لاکھ سے زیادہ نوجوانوں نے حصہ لیا۔ اس میں سے میرٹ میں آنے والے دو لاکھ نوجوانوں کو مضمون لکھنے کو کہا گیا۔ ان میں سے 60 ہزار نوجوانوں نے مضامین لکھے۔ ان میں سے نو ہزار نوجوانوں سے کہا گیا کہ وہ اپنے منتخب کردہ موضوع پر پریزنٹیشن دیں۔ اس کے بعد مختلف ریاستوں سے تین ہزار نوجوانوں کو یوتھ ینگ لیڈرڈ ڈائیلاگ کے لیے منتخب کیا گیا۔ مسٹر منڈاویہ نے کہا کہ آج کا پروگرام 'میں بھی جوان ہوں، میں اور نوجوانوں کے لیے بھی ہوں'۔ آپ لوگوں نے یہ پروگرام تیار کیا ہے۔ پورا پروگرام آپ کے خیالات کو ذہن میں رکھ کر ترتیب دیا گیا ہے۔ آپ کی کیا رائے ہے، ملک کو ترقی یافتہ قوم بنانے میں آپ کیا چاہتے ہیں؟ آپ کی نظر میں ترقی یافتہ ہندوستان کیسا ہوگا؟ انہوں نے کہا کہ جب میں نے ترقی یافتہ ہندوستان میں زراعت اور خواتین کی حیثیت کے بارے میں نوجوانوں کے خیالات کو سنا تو مجھے یقین ہوگیا کہ آپ 2047 کے ترقی یافتہ ہندوستان کے وزیر اعظم کے خواب کو ضرور پورا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملک کا پہلا پروگرام ہے جس میں ملک کے نوجوانوں کو قیادت سونپنے کی پہل کی گئی ہے۔ پروگرام میں مشہور صنعت کار آنند مہندرا نے نوجوانوں کے مختلف سوالات کے جوابات دیئے۔ اس تقریب میں مرکزی وزیر مملکت برائے کھیل کودرکشا کھڈسے اور دیگر معززین بھی موجود تھے۔ بی جے پی کا نیا گانا 'ایمانداری کی ٹوپی پہنا کر، گھوٹالوں سے چونا لگا کر' جاری ہوا نئی دہلی، 11 جنوری (یو این آئی) بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے آج دہلی اسمبلی انتخابات کے لئے شیش محل آپ۔ دا پھیلانے کا اڈاہ کے عنوان سے ایک نیا گانا جاری کیا، جس کے بول "ایمانداری کی ٹوپی پہنا کر، گھوٹالوں سے چونا لگا کر" ہے۔ یہ گانا دہلی بی جے پی کے صدر وریندر سچدیوا نے جاری کیا ہے۔ اس موقع پر صحافیوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کہا جاتا تھا کہ جب دہلی مغلوں کی حکومت میں تھی تو لوگ محل دیکھنے آتے تھے لیکن آپ۔ دائے اعظم نے دہلی والوں کے خون پسینے کی کمائی سے جو شیش محل بنایا تھا وہ دہلی کے چہرے پر داغ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج دہلی والوں کے سامنے شیشے کا محل ہے لیکن اس کے باوجود اسے چھپانے کی ہر روز کوشش کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسٹر کیجریوال دہلی کے لوگوں کو گالی دیتے ہیں، جب کہ دہلی کے لوگوں نے انہیں وزیر اعلیٰ بنایا تھا۔ دہلی بی جے پی کے صدر نے مسٹر کیجریوال کو آپ۔ دائے اعظم قرار دیتے ہوئے کہا کہ مسٹر کیجریوال نے دہلی کو لوٹنے اور تباہ کرنے کا کام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج دہلی کے لوگ ترقی کی تلاش میں ہیں، لیکن مسٹر کیجریوال ترقیاتی کاموں کی بات کرنے کی بجائے انہیں گالی دے رہے ہیں۔

# بی جے پی نے کیجریوال کو شیش محل والا آپ۔ دائے اعظم قرار دیا



نئی دہلی، 11 جنوری (یو این آئی) دہلی پردیش بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے عام آدمی پارٹی (آپ) کے قومی کنوینر اروند کیجریوال کو شیش محل والا آپ۔ دائے اعظم قرار دیا ہے۔ بی جے پی نے آج سوشل میڈیا پر ایک پوسٹر جاری کیا جس میں مسٹر کیجریوال کو شیش محل والا آپ۔ دائے اعظم قرار دیا گیا ہے۔ دہلی بی جے پی کی طرف سے جاری کردہ یہ پوسٹر فلم جودھا اکبر کا ایڈیٹڈ پوسٹر ہے اور اس میں مسٹر کیجریوال کو شیش محل والا آپ۔ دائے اعظم بتایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بی جے پی نے بدھو فلم کا ایک ایڈیٹ شدہ ویڈیو بھی جاری کیا ہے جس میں مسٹر کیجریوال کو بڑا ٹھگ بتایا گیا ہے۔ اس سے قبل بی جے پی نے مسٹر کیجریوال کی فلم بھول بھولیا کا ایڈیٹڈ پوسٹر جاری کیا تھا جس میں مسٹر کیجریوال کو انتخابی ہندو بتایا گیا تھا۔ قابل ذکر ہے کہ دہلی اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان ہو چکا ہے۔ یہاں کی تمام 70 سیٹوں پر 05 فروری کو ووٹنگ ہوگی۔ جبکہ نتائج کا اعلان 08 فروری کو کیا جائے گا۔

# شمالی ہند میں شدید ٹھنڈ اور کہرے کا دور جاری، فضائی اور ٹرین خدمات متاثر، ژالہ باری کے لیے یلو الرٹ جاری



11 رجنوری: شمالی ہند کی ریاستوں میں شدید ٹھنڈ اور کہرے کا دور جاری ہے۔ فی الحال لوگوں کو اس سے راحت ملنے کا امکان نظر نہیں ا? رہا ہے۔ میدانی علاقوں میں شدید ٹھنڈ کے ساتھ کہرے کی مار نے لوگوں کی پریشانی میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ وہیں پہاڑی علاقوں میں برفباری سے عام زندگی بُری طرح متاثر ہوئی ہے۔ گھنے کہرے کی وجہ سے جمعہ کو بھی دہلی میں کئی مقامات پر حد نگاہ صفر تک پہنچ گئی۔ اس وجہ سے ا?ئی جی ا?ئی ایئر پورٹ پر تقریباً 150 پروازیں تاخیر کا شکار ہوئیں۔ 33 سے زیادہ ٹرینیں دہلی سے دیر سے چلیں جبکہ 100 سے زیادہ ٹرینیں تاخیر سے دہلی پہنچیں۔ گھنے کہرے کا اثر سڑکوں پر بھی دیکھنے کو ملا اور وہاں گاڑیاں رینگتی ہوئیں نظر ا? ئیں اور کئی جگہوں پر چھوٹے بڑے حادثے بھی ہوئے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اونچائی والے علاقوں میں برفباری کے ا? ثار ہیں۔ نچلے علاقوں میں کہیں کہیں ا? واز اور چمک کے ساتھ ژالہ باری کو لے کر یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ادھر ہماچل پردیش میں جمعہ کو پہاڑیوں پر ہلکی دھوپ کھلی لیکن میدانی علاقوں میں گھنے کہرے اور شدید سرد لہر نے لوگوں کی پریشانی بڑھا دی ہے۔ ریاست میں سب سے کم درجہ حرارت لاہول-اسپتی کے تابو میں منفی 11?7 ڈگری سیلسیس رہا۔ منالی-کیلنگ راستے پر برفباری کی وجہ سے بند ہوئی بس خدمات تین ہفتہ کے بعد بحال ہوگئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ہفتہ کو دوپہر بعد سے اونچے علاقوں میں کچھ مقامات پر برفباری اور کچھ نچلے مقامات پر بارش کا امکان ہے۔ اتر پردیش میں محکمہ موسمیات نے ہفتہ کو مشرقی و مغربی حصوں میں ہلکی بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ صبح شام کے ساتھ رات میں کہرا چھایا رہے گا۔ لکھنو? سمیت کئی ضلعوں میں بجلی گر سکتی ہے۔ جمعہ کی صبح ہلکی دھوپ ہونے سے سردی سے تھوڑی راحت ملی لیکن شام ہوتے ہی سرد ہوا کے ساتھ کپکپی شروع ہوگئی۔ ریاست میں اگلے چار دنوں تک ایسا ہی موسم رہنے کا امکان ہے۔ گھنے کہرے کے سبب حد نگاہ 50 میٹر سے کم ہوتے ہی جہازوں اور ٹرینوں کی خدمات پر اثر پڑا۔ لکھنو? میں کُل 4 پروازوں کو منسوخ کیا گیا جبہ 6 پروازیں تاخیر سے چلیں۔

# ہندوستانی روبوٹک سسٹم نے 286 کلومیٹر دور سے انجام دی کامیاب سرجری

نئی دہلی 11 رجنوری: ہندوستانی ساختہ سرجیکل روبوٹک سسٹم 'ایس ایس آئی منترِ' نے 286 کلومیٹر کی دوری سے ٹیلیر وبوٹک سرجری انجام دے کر طب کی دنیا میں تاریخ رقم کی ہے۔ اس جدید ترین ٹیکنالوجی کی مدد سے دور سے دو کامیاب 'روبوٹک کارڈیک سرجریاں' مکمل کی گئیں۔ ڈاکٹر سدھیر سریواستو نے گڑگاؤں میں بیٹھ کر ایس ایس آئی منتر 3 سرجیکل روبوٹک سسٹم کی مدد سے جے پور کے منی پال اسپتال میں آپریشن کیے۔ پہلا آپریشن 'انٹرنل میمری آرٹری ہارویسٹنگ' تھا، جسے محض 58 منٹ میں مکمل کیا گیا، جب کہ دوسرا آپریشن 'روبوٹک بیٹنگ ہارٹ ٹی ای سی اے بی' تھا، جو کارڈیک سرجری کی سب سے مشکل اقسام میں سے ایک ہے۔ ان پیچیدہ سرجریوں میں تاخیر کا وقت صرف 35 سے 40 ملی سیکنڈ رہا، جس سے انقلابی سائنسی پیش رفت اور تکنیکی مہارت کا مظاہرہ ہوا۔ ڈاکٹر سدھیر سریواستو، جو ایس ایس انوویشن کے بانی اور سی ای او ہیں، نے کہا، "ٹیلیر وبوٹک سرجری کی صلاحیتوں سے، ہم جغرافیائی رکاوٹوں کو عبور کرتے ہوئے بہترین طبی سہولیات فراہم کر سکتے ہیں۔ ہندوستان جیسے ملک کے لیے، جہاں دیہی آبادی اور صحت کی سہولتوں میں بڑا فرق ہے، یہ انقلابی قدم ثابت ہوگا۔" جے پور کے منی پال اسپتال میں کارڈیک سرجری کے سربراہ ڈاکٹر لِلت ملک نے کہا کہ یہ ٹیکنالوجی فاصلاتی رکاوٹوں کو دور کر کے مریضوں کو جدید اور وقت پر طبی مداخلت فراہم کرتی ہے۔ ایس ایس انوویشن کا تیار کردہ ایس ایس آئی منتر 3 دنیا کا واحد روبوٹک سسٹم ہے جسے ٹیلیر وبوٹک سرجری اور ٹیلی پروکٹرنگ کے لیے ریگولیٹری منظوری ملی ہے۔ حال ہی میں سی ڈی ایس سی او سے حاصل کی گئی منظوری نے فاصلاتی سرجری اور میڈیکل ایجوکیشن کے نئے دروازے کھول دیے ہیں۔ اس انقلابی اقدام سے طبی ماہرین کو دور بیٹھ کر بھی علاج کرنے کی سہولت میسر ہوگی۔

# آپ والے جھاڑو سے دارو پر آئے، اسکولوں کی بات کہہ کر شراب خانے کھلوائے: انوراگ



نئی دہلی، 11 جنوری (یو این آئی) بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے رکن پارلیمنٹ اور سابق مرکزی وزیر انوراگ ٹھاکر نے آج عام آدمی پارٹی (آپ) اور سابق وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال پر دہلی حکومت کی شراب سے متعلق پالیسی کے سلسلے میں شدید حملہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے دہلی میں اسکول بنانے کا وعدہ کر کے جگہ جگہ شراب خانے کھلوا دیئے۔ شراب گھوٹالہ پر کمپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل (سی اے جی) کی رپورٹ پر بی جے پی ہیڈ کوارٹر میں نامہ نگاروں سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر ٹھاکر نے کہا[؟] سال 2025 چل رہا ہے، لیکن میں 2026 کے بارے میں بات کرنے آیا ہوں، کیونکہ 2025 مالیاتی سال ہے۔ سال اور شراب گھوٹالہ 2026 کروڑ روپے کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ کا جانا ضروری ہے، اس پارٹی کے وزیر اعلیٰ اور نائب وزیر اعلیٰ بھی جیل گئے۔ کووڈ کے وقت سہولیات کا فقدان تھا، عوام پریشان تھے، عام آدمی پارٹی مست تھی، کیونکہ اس وقت شراب گھوٹالہ کے تانے بانے بُنے جا رہے تھے۔ شراب گھوٹالہ کے سرغنہ مسٹر اروند کیجریوال ہیں۔ اس گھوٹالے میں 2026 کروڑ روپے کی آمدنی کا نقصان ہوا ہے۔ بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ نے کہا "دہلی کی عام آدمی پارٹی کی حکومت کا 10 سال کا یہ سفر گھوٹالوں کے گناہ کا رہا ہے۔ وہ سوراج کی باتیں کرتے تھے، لیکن وہ شراب پر سوراج سے دور ہو گئے، ان کے آٹھ وزیر، 15 اراکین اسمبلی، ایک ممبر پارلیمنٹ اور یہاں تک کہ وزیر اعلیٰ اور نائب وزیر اعلیٰ جیل گئے۔ آزادی کے بعد ہندوستان میں کوئی ایسی حکومت نہیں ہوگی جس نے اتنے گناہ کیے ہوں جتنے آپ نے کیے ہیں۔" اس دوران انہوں نے آپ سے دہلی اسمبلی انتخابات کے حوالے سے سوال کیا اور پوچھا[؟] عام آدمی پارٹی کا چہرہ کون ہے؟ وزیر اعلیٰ آتشی خود کو وزیر اعلیٰ نہیں مانتی ہیں۔ ان کی قیادت میں الیکشن نہیں لڑے جاتے ہیں۔ آپ کے پاس ایماندار چہرہ بھی نہیں ہے۔ دہلی کے لوگوں نے انہیں اقتدار سے ہٹانے کا ارادہ کر لیا ہے۔ مسٹر ٹھاکر نے کہا کہ دہلی کے لوگ اب ڈبل انجن والی حکومت چاہتے ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ دہلی کے لوگوں کو مرکزی اسکیموں کا فائدہ ملے۔ اس کے علاوہ ہم اپنی قرارداد میں کیے گئے وعدوں پر سو فیصد عمل درآمد کریں گے۔ قابل ذکر ہے کہ ایک میڈیا تنظیم نے سی اے جی کی رپورٹ کا دعویٰ کرتے ہوئے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ دہلی حکومت کی شراب پالیسی کی وجہ سے 2026 کروڑ روپے کی آمدنی کا نقصان ہوا ہے۔

# 'ایک بار پھر روپیہ گر گیا ہے، لیکن نریندر مودی کو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا'، روپے کی قدر گھٹنے پر کانگریس کا حملہ

11 رجنوری: ڈالر کے مقابلے روپے کی قدر لگاتار گرتی جا رہی ہے۔ 11 جنوری کو ایک ڈالر کی قدر 86.20 روپے کے برابر آ گئی جو کہ اب تک کی سب سے نچلی سطح ہے۔ اس معاملے میں کانگریس نے مودی حکومت کو ہدف تنقید بنایا ہے۔ ایک ویڈیو گرافکس کے ذریعہ کانگریس نے وزیر اعظم نریندر مودی پر حملہ کیا ہے اور کہا ہے کہ انھیں عوام کی پریشانیوں سے کوئی مطلب نہیں ہے، صرف اپنے دوستوں کی جیب بھرنے میں لگے ہوئے ہیں۔

سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر کیے گئے پوسٹ میں کانگریس نے کہا ہے کہ "ایک بار پھر روپیہ گر گیا ہے۔ روپیہ ڈالر کے مقابلے اب تک کے آل ٹائم لو پر پہنچ گیا ہے۔ ڈالر کے مقابلے روپیہ 86.20 پر پہنچ گیا ہے۔ لیکن نریندر مودی کو اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔" ویڈیو میں بیک گراؤنڈ سے آ رہی آواز یہ بھی بتاتی ہے کہ "معیشت کا بنٹا دھار کرنے کے بعد بھی نریندر مودی ملک کا دھیان اصل ایشوز سے بھٹکانے میں لگے ہوئے ہیں اور اپنے دوستوں کی جیب بھرنے میں مصروف ہیں۔" قابل ذکر ہے کہ 10 جنوری کو ہی ایک ڈالر کے مقابلے روپیہ کی قدر 86 روپے کے پار پہنچ چکی تھی۔ اس سلسلے میں کئی اخبارات نے خبر شائع کی ہے۔ ان خبروں کے تراشوں پر مشتمل ویڈیو کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے بھی اپنے 'ایکس' سے شیئر کی ہے۔ اس ویڈیو کے بیک گراؤنڈ میں وزیر اعظم نریندر مودی کا پرانا بیان سننے کو مل رہا ہے جب وہ یو پی اے حکومت میں روپے کی قدر کم ہونے پر ناراضگی ظاہر کیا کرتے تھے۔ اس ویڈیو کے ساتھ پرینکا گاندھی نے لکھا ہے کہ "ڈالر کے مقابلے روپے کی قیمت اب تک کی سب سے ذیلی سطح پر پہنچ گئی ہے۔ تاریخ میں پہلی بار ایک ڈالر کی قیمت 86.04 روپے ہو گئی ہے۔" پرینکا گاندھی نے اپنے پوسٹ میں ڈاکٹر منموہن سنگھ کے دور کو بھی یاد کیا۔ انھوں نے لکھا ہے کہ "ڈاکٹر منموہن سنگھ کی مدت کار میں جب ایک ڈالر کی قیمت 59-58 روپے تھی، تب نریندر مودی روپے کی قیمت کو حکومت کی آبرو سے جوڑتے تھے۔ وہ کہتے تھے 'مجھے سب معلوم ہے۔ کسی ملک کی کرنسی ایسے گر نہیں سکتی...'۔ ا?ج وہ خود وزیر اعظم ہیں اور روپے کی گراوٹ کے سارے ریکارڈ ٹوٹ چکے ہیں۔ انھیں ملک کی عوام کو جواب دینا چاہیے۔"

☆

# طاہر حسین نے دہلی الیکشن لڑنے کے لیے ہائی کورٹ سے ضمانت مانگی

11 رجنوری: عام آدمی پارٹی (اے اے پی) کے سابق کونسلر طاہر حسین نے کل یعنی 10 جنوری کو فروری 2020 کے فسادات سے متعلق قتل کیس میں دہلی ہائی کورٹ سے عبوری ضمانت کی درخواست دی ہے۔ انہوں نے اسدالدین اویسی کی پارٹی اے آئی ایم آئی ایم کے ٹکٹ پر مصطفیٰ آباد حلقہ سے دہلی اسمبلی انتخابات لڑنے کے لیے عدالت سے عبوری ضمانت کی درخواست کی ہے۔

13 جنوری کو سماعت کے لیے مقرر اپنی درخواست میں حسین نے انتخابی عمل میں حصہ لینے کے لیے 14 جنوری سے 9 فروری تک توسیع کی درخواست کی۔ تا کہ وہ جسمانی طور پر نامزدگی فارم داخل کر سکے اور مہم چلا سکے۔ وکیل تارا نرولا کی طرف سے دائر کی گئی درخواست اس کیس میں حسین کی زیر التوا ضمانت کی درخواست کا حصہ ہے۔

اپنی درخواست ضمانت میں حسین نے کہا کہ اس نے 4 سال اور 9 ماہ جیل میں گزارے ہیں اور اگرچہ اس مقدمے کی سماعت شروع ہو چکی ہے لیکن استغاثہ کے 114 گواہوں میں سے اب تک صرف 20 سے جرح ہو سکی ہے۔ حسین نے کہا کہ انہیں طویل قید کا سامنا کرنا پڑا اور چونکہ کئی گواہوں پر جرح ہونا باقی ہے، اس لیے ٹرائل جلد مکمل نہیں ہوگا۔ ان کی عرضی میں کہا گیا ہے کہ شریک ملزمان، جو مبینہ طور پر فسادی ہجوم میں ملوث تھے اور قتل کے جرم کا ارتکاب کرتے تھے، کو ہائی کورٹ نے ضمانت دی تھی۔

# مودی نے رام للا کی پہلی سالگرہ پر مبارکباد پیش کی

نئی دہلی، 11 جنوری (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے اجودھیا میں رام للا کی پران پرتشٹھا کی پہلی سالگرہ پر آج تمام ہم وطنوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ صدیوں کی قربانی، تپسیا اور جدوجہد کے بعد بنایا گیا یہ مندر ہماری ثقافت اور روحانیت کی ایک عظیم میراث ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر ایک پوسٹ میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ صدیوں کی قربانیوں، تپسیا اور جدوجہد کے بعد تعمیر ہونے والا یہ مندر ہماری ثقافت اور روحانیت کی عظیم وراثت ہے۔ مجھے یقین ہے کہ یہ عظیم الشان رام مندر ترقی یافتہ ہندوستان کے عزم کو حاصل کرنے میں ایک عظیم تحریک بنے گا۔

# ماں کے ساتھ نازیبا سلوک کرنے پر بیٹا-بہو کو دہلی ہائی کورٹ نے لگائی پھٹکار، گھر سے بے دخل کرنے کا دیا حکم




نئی دہلی، 11 رجنوری: دہلی ہائی کورٹ نے ایک معاملے کی سماعت کے دوران بزرگ ماں کے ساتھ نازیبا سلوک کرنے والے ایک بیٹا-بہو کو سخت پھٹکار لگائی ہے۔ ہائی کورٹ نے کہا ہے کہ انہیں ماں کی جائیداد تو چاہیے لیکن اسے شانتی سے جینے کا حق دینا انہیں گنوارا نہیں ہے۔ اس کے ساتھ ہی ہائی کورٹ نے اپنے فیصلے میں بیٹا اور بہو اور ان کے بچوں کو بزرگ کے گھر سے بے دخل کرنے کا حکم دے دیا۔

جسٹس سنجیو نرولا کی بنچ نے اپنے حکم میں کہا ہے کہ بزرگ خاتون کے ساتھ نازیبا سلوک، مالی استحصال اور ذہنی اذیت کے الزامات ضلع مجسٹریٹ کے سامنے ثابت ہوئے ہیں۔ یہ بات بھی ثابت ہے کہ بزرگ خاتون کی بہو نے شوہر اور ساس کو چھوڑ کر غیر شادی شدہ نند پر گھریلو تشدد کا مقدمہ درج کرایا ہے۔ پہلی نظر میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ بزرگ کے ذریعہ دہلی ماں-باپ اور سینئر شہریوں کی دیکھ بھال اور فلاح قانون (ترمیم)، 2016 کے تحت بیٹا-بہو اور اس کے کنبہ کو بے دخل کرنے کی مانگ کرنے پر بدلہ لینے کی نیت سے قدم اٹھایا گیا۔ ضلع مجسٹریٹ نے یہ دیکھتے ہوئے کہ متعلقہ جائیداد بزرگ خاتون کے شوہر نے خریدی تھی، شوہر کا اب انتقال ہو چکا ہے، ایسے میں اب یہ جائیداد بزرگ خاتون کی ہے۔ ضلع مجسٹریٹ نے بیٹے-بہو اور ان کے کنبہ کو بزرگ کا گھر خالی کرنے کا حکم دیا تھا، ہائی کورٹ نے اسے برقرار رکھا ہے۔

ثالثی کے تحت طے کیا گیا کہ بیٹا-بہو بزرگ خاتون کو 3 ہزار روپے مہینہ کی ادائیگی کریں گے۔ حالانکہ بزرگ خاتون کا کہنا تھا کہ کنبہ ٹوٹ چکا ہے۔ وہ بس شانتی سے زندگی جینا چاہتی ہے، اس لیے بیٹا-بہو اور ان کے کنبہ کو گھر چھوڑنا ہی مناسب ہوگا۔ اس معاملے میں ایک حیران کرنے والی بات بھی سامنے آئی ہے۔ الزام ہے کہ بیٹا اور بہو نے بزرگ ماں کی ہوا اور روشنی تک بند کر دی تھی۔ مجبوراً بزرگ خاتون کو جعفر آباد تھانے میں شکایت درج کرانی پڑی۔ پولیس نے شکایت کو صحیح پایا۔ دراصل بزرگ کا ایک بیٹا-بہو گراؤنڈ فلور پر رہتا ہے۔ بزرگ اپنی غیر شادی شدہ بیٹی کے ساتھ پہلی منزل پر رہ رہی تھی۔ دوسرا بیٹا اور بہو اپنے کنبہ کے ساتھ اس مکان کی دوسری منزل پر رہتے تھے۔ دوسری منزل پر رہنے والے بیٹا-بہو نے بزرگ خاتون کا چھت پر جانے کا راستہ روک دیا تھا۔ پانی کی ٹنکی کی مرمت کرانے میں خلل ڈالا۔ یہاں تک کہ بزرگ خاتون جس منزل پر رہ رہی تھی وہاں روشنی اور ہوا کے پہنچنے پر بھی رکاوٹ ڈال دی تھی۔

☆

# الازہر یونیورسٹی پاکستان میں اپنا کیمپس کھولے گی، مفتی اعظم مصر ڈاکٹر نذیر محمد عیاد

اسلام آباد، 11 جنوری (یو این آئی) مصر کی الازہر یونیورسٹی پاکستان میں اپنا کیمپس کھولے گی تاکہ پاکستانیوں کو اسلام کی حقیقی تعلیمات کو سمجھنے کے لیے عربی زبان سیکھنے میں مدد مل سکے، اسلام آباد میں لڑکیوں کی تعلیم کے حوالے سے 2 روزہ کانفرنس ہفتہ (آج) سے شروع ہونے والی ہے۔ مصر کے مفتی اعظم ڈاکٹر نذیر محمد عیاد نے وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی درخواست پر پاکستان میں الازہر یونیورسٹی کا کیمپس قائم کرنے کا اعلان کیا۔ وفاقی وزیر اور ان کی ٹیم نے مصر کے مفتی اعظم کی قیادت میں پاکستان میں مصر کے سفیر ڈاکٹر احاب محمد عبدالحمید حسن پر مشتمل وفد سے ملاقات کی۔ لڑکیوں کی تعلیم سے متعلق 2 روزہ کانفرنس میں شرکت کے لیے 40 ممالک کے درجنوں دیگر اسکالرز اور ماہرین تعلیم پاکستان میں موجود ہیں۔ کانفرنس میں دیگر مسلم رہنماؤں کے علاوہ لڑکیوں کی تعلیم کے لیے عالمی شہرت یافتہ ملالہ یوسف زئی بھی شرکت کریں گی۔ مفتی اعظم مصر نے کہا کہ الازہر یونیورسٹی خواتین کی تعلیم کے کٹر حامیوں میں سے ایک ہے، یونیورسٹی پاکستان میں اپنے کیمپس کے ذریعے نہ صرف اسلامی تعلیمات، بلکہ عربی ثقافت کو بھی فروغ دے گی، تاکہ دونوں ممالک کو مزید قریب لایا جا سکے۔ ڈاکٹر نذیر محمد عیاد نے کہا کہ جامعہ الازہر میں 40 فیصد سے زائد طالبات زیر تعلیم ہیں، پاکستان کو چاہیے کہ وہ اسکالرز کو مصر بھیجے تاکہ وہ دنیا کے قدیم ترین اداروں میں سے ایک کے تجربات اور تعلیمات سے سیکھ سکیں۔ وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ مصر اور پاکستان کے درمیان مضبوط اسلامی اور ثقافتی رشتہ ہے، دونوں ممالک کی تہذیب دنیا کی قدیم ترین تہذیبوں میں شامل ہے، جامعہ الازہر عالم اسلام کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ غلط فہمی ہے کہ اسلام خواتین کی تعلیم کی اجازت نہیں دیتا، اسلام تمام مردوں اور عورتوں کی تعلیم پر یقین رکھتا ہے، حکومت پاکستان نے خواتین کو مساوی تعلیمی مواقع فراہم کرنے کو اولین ترجیح دی ہے۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ مصر اور پاکستان کو لڑکیوں کی تعلیم کے فروغ کے لیے اپنی شراکت داری اور کوششوں کو بڑھانا چاہیے۔ سیکریٹری تعلیم محی الدین احمد وانی نے کہا کہ وفاقی وزارت تعلیم الازہر کیمپس کے قیام کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی، لڑکیوں کی کانفرنس میں پاکستان بھر کے کالجوں اور یونیورسٹیوں کی 2 ہزار سے زائد طالبات کو مدعو کیا گیا ہے۔ دریں اثنا کانفرنس کے آغاز سے ایک روز قبل پاکستان کے سرکردہ مذہبی اسکالرز، اسلامی نظریات برائے تعلیم پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے جمعہ کو جناح کنونشن سینٹر میں جمع ہوئے، اور ان سب نے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں لڑکیوں کی تعلیم کی حمایت کی۔ وزارت تعلیم کے مطابق اجلاس میں دیگر کے علاوہ مسلم ورلڈ لیگ کے سیکریٹری جنرل شیخ ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسیٰ اور اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے سیکریٹری جنرل حسین ابراہیم طہٰ نے بھی شرکت کی۔ اس سیشن میں علم، مساوات اور خواتین کو بااختیار بنانے کی اقدار کا جائزہ لیا گیا، جن کی جڑیں اسلامی روایات پر مبنی ہیں، اور یہ وہ اہم اصول ہیں جو سب کے لیے جامع تعلیم کو فروغ دیتے ہیں۔ اجلاس میں جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن، وزیر مذہبی امور چوہدری سالک حسین، مفتی تقی عثمانی، اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفور حیدری، مولانا عبدالخبیر آزاد، ڈاکٹر نورالحق قادری اور مولانا طاہر اشرفی نے شرکت کی۔

☆☆



# امریکہ میں آگ اور برف ایک ساتھ، دنیا حیران

واشنگٹن، 11 جنوری (یو این آئی) آگ اور برف (پانی) ایک دوسرے کے مخالف عناصر ہیں لیکن امریکا میں ان متضاد عناصر نے ایک ہی وقت میں لاکھوں افراد کو لپیٹ میں لے رکھا ہے۔ دنیا یہ دیکھ کر حیران ہے کہ ایک طرف امریکہ میں آگ کی تباہ کاریاں پھیلی ہوئی ہیں، اور دوسری طرف برفانی طوفان نے نظام زندگی کو مفلوج بنا دیا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ مغربی امریکہ میں جنگل کی آگ اور برف تیزی سے اوورلیپ ہو رہی ہے، اور اس کے متعدد نتائج نکل سکتے ہیں، جیسا کہ برف کی تہہ میں کمی، کیوں کہ جنگل کی آگ جمع ہونے والی برف کی مقدار کو کم کر سکتی ہے اور اس سے زمین پر برف کے ٹکڑے کی لمبائی کم ہو سکتی ہے۔ اس کی وجہ ماہرین کے مطابق یہ ہے کہ جنگل کی آگ سے جنگل کی چھت صاف ہو جاتی ہے اور سورج کی روشنی زیادہ برف تک پہنچتی ہے اور اسے پگھلا دیتی ہے۔ ماہرین کا یہ بھی کہنا ہے کہ جس علاقے میں ہر سال موسم کے مطابق برف پڑتی ہے وہاں 1984 اور 2017 کے درمیان آتش زدگی کے واقعات میں ہر سال 9 فی صد اضافہ ہوا ہے۔ 2020 اور 2021 میں کیلیفورنیا کے موسمی برف والے علاقوں میں جنگل کی آگ 2001-2019 کے اوسط کے مقابلے میں تقریباً 10 گنا بڑھ گئی ہے۔ جنوبی اور وسطی ریاستوں میں برف باری اور بارش سے نظام زندگی درہم برہم ہو چکا ہے، راستے، پروازیں اور تعلیمی ادارے بند پڑے ہوئے ہیں، ٹیکساس، اوکلاہوما، آرکنساس میں زندگی مفلوج ہو چکی ہے، جب کہ حکام نے برفانی طوفان کی مزید وارننگ بھی جاری کردی ہے۔ ادھر امریکی شہر لاس اینجلس میں تاریخ کی بدترین آگ تاحال نہیں بجھائی جا سکی ہے، اور اس کے سبب 12 ہزار مکان اور عمارتیں راکھ کا ڈھیر بن گئی ہیں، 2 لاکھ افراد کو نقل مکانی کرنی پڑی ہے، جب کہ نقصان کا ابتدائی تخمینہ تقریباً 150 ارب ڈالر تک پہنچ گیا ہے، اور ہلاک افراد کی تعداد 11 ہو گئی ہے جس کے بڑھنے کا حکام نے خدشہ ظاہر کیا ہے۔ جنگلات میں لگی خوف ناک آتش زدگی کے باعث پیسیفک پے لی سیڈس کا علاقہ آگ سے بری طرح تباہ ہو چکا ہے، یہ وہ علاقہ ہے جہاں ہالی ووڈ کے اے لسٹرز اور ارب پتی افراد کے گھر ہیں، بعض علاقوں میں لوٹ مار کے واقعات بھی ہوئے ہیں، جس کے بعد پولیس نے پیلی سیڈس اور ایٹون کے علاقوں میں رات کے وقت کرفیو نافذ کر دیا۔ کئی دنوں بعد ہوا کا دباؤ کم ہونے پر اب فائر فائٹرز کو آگ پر قابو پانے میں کسی حد تک کامیابی ملی ہے، گورنر نیوسم نے ڈونلڈ ٹرمپ کو متاثرہ ریاست آ کر جائزہ لینے کی دعوت بھی دے دی ہے۔ صرف امریکہ ہی نہیں، اس وقت برطانیہ بھی شدید سردی کی پلیٹ میں ہے، جہاں برف باری اور بارش کے بعد معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو چکی ہے۔ اسکول بند، بجلی کا نظام، ایئرپورٹ، ریلویز اور لوکل ٹرانسپورٹ بھی متاثر ہے۔ لندن میں درجہ حرارت منفی 3 ڈگری جب کہ دیگر حصوں میں منفی 15 ڈگری ریکارڈ کیا گیا، اسکاٹ لینڈ میں 150 مقامات کے لیے سیلاب کی وارننگ بھی جاری کی گئی ہے۔

# لڑکیوں کی تعلیم کی عالمی کانفرنس میں شرکت کیلئے ملالہ اسلام آباد پہنچ گئیں



اسلام آباد، 11 جنوری (یو این آئی) اسلام آباد میں لڑکیوں کی تعلیم پر دو روزہ عالمی کانفرنس بعنوان 'مسلمان معاشروں میں لڑکیوں کی تعلیم: چیلنجز اور مواقع' میں شرکت کے لیے عالمی رہنماؤں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈان نیوز کے مطابق نوبیل امن انعام یافتہ ملالہ یوسف زئی کانفرنس کے لیے اسلام آباد پہنچ گئی ہیں، ملالہ یوسف زئی کی آمد پر پارلیمانی سیکریٹری تعلیم فرح اکبر ناز نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور اس موقع پر ملالہ یوسف زئی کو کتاب بھی پیش کی گئی۔ اسلام آباد میں ہونے والی عالمی کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے وزیر اعظم شہباز شریف خطاب کریں گے، تقریب میں مسلم ممالک سے اسلامی اسکالرز کی بڑی تعداد بھی پاکستان پہنچی ہے۔ مصر کے مفتی اعظم ڈاکٹر نذیر محمد عیاد بھی اس کانفرنس میں شرکت کے لیے پاکستان میں موجود ہیں، انہوں نے گزشتہ روز وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی سے ملاقات میں پاکستان میں الازہر یونیورسٹی کا کیمپس کھولنے کا اعلان کیا تھا۔ حالیہ چند ماہ کے دوران یہ دوسرا بڑا انٹرنیشنل ایونٹ ہے جو اسلام آباد میں ہونے جا رہا ہے، اس سے قبل حکومت پاکستان نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کانفرنس کی میزبانی بھی کی تھی، جس میں بھارتی وزیر خارجہ سمیت خطے کے دیگر ممالک کے سربراہان اور وزرائے خارجہ بھی شریک ہوئے تھے۔

☆☆

# منڈی بہاالدین: گھر میں آتش بازی کے سامان میں دھماکہ، 6 افراد جاں بحق، 7 زخمی ہو گئے

لاہور، 11 جنوری (یو این آئی) منڈی بہاالدین میں گھر میں دھماکے کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق اور 7 زخمی ہو گئے۔ ڈان نیوز کے مطابق منڈی بہاالدین کے علاقے پھالیہ کے ایک گھر میں اچانک زوردار دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں آگ لگ گئی، اس واقعے میں 6 افراد جاں بحق، جب کہ 7 زخمی ہو گئے، مرنے والوں کی لاشیں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق دھماکہ گھر میں رکھے ہوئے آتش بازی کے سامان میں آگ لگنے سے ہوا، جس سے گھر کا ایک حصہ منہدم ہو گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ادارے موقع پر پہنچ گئے، ایمبولینس کے ذریعے مرنے والوں کی لاشیں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا، جب کہ فائر ٹینڈر کے ذریعے آگ بجھائی گئی، ریسکیو اہلکار متاثرہ گھر میں امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ واضح رہے کہ 4 ماہ قبل پنجاب کے شہر ملتان کے علاقے آغا پورہ میں گھر میں آتش بازی کے سامان میں دھماکے سے گھر کی چھت گر گئی تھی، جس کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے تھے۔ ملتان سٹی پولیس افسر (سی پی او) صادق علی ڈوگر کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا تھا کہ زخمیوں کو علاج کے لیے نشتر ہسپتال منتقل کر دیا گیا، متوفیوں کی شناخت ریاض، منشا اور صفیہ بانو کے نام سے ہوئی تھی۔ سی پی او صادق علی ڈوگر نے ابتدائی تحقیقات کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا تھا کہ آتش بازی کا سامان گھر میں تیار کیا جاتا تھا، جس کی وجہ سے حادثہ پیش آیا تھا۔

# ڈرون حملوں کے جواب میں اسرائیل کی یمن میں بندرگاہوں اور فوجی تنصیبات پر بمباری



تل ابیب، 11 جنوری (یو این آئی) اسرائیل نے یمن میں حوثیوں کے زیر کنٹرول علاقوں میں شدید بمباری کی جس میں پاور اسٹیشن اور فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق اسرائیل نے یمن کے میزائل اور ڈرون حملوں کے جواب میں جمعہ کے روز یمن میں حوثی اہداف کو نشانہ بنایا، جن میں ایک پاور اسٹیشن اور ساحلی بندرگاہیں شامل تھیں۔ اکتوبر 2023 میں غزہ میں جنگ کے آغاز کے بعد سے یمنی باغی گروپ نے فلسطینیوں کے ساتھ یکجہتی کے اظہار کے طور پر اسرائیل پر درجنوں میزائل اور ڈرون فائر کیے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق جمعہ کو اسرائیلی فوج کے یمن میں حوثیوں کے زیر کنٹرول علاقوں میں کیے گئے حملوں میں حدیدہ، راس عیسیٰ بندرگاہوں، حزیاز پاور اسٹیشن اور فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ حملوں میں 1 شخص ہلاک اور 16 زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ اسرائیل کے تازہ ترین حملے اس وقت ہوئے جب فوج نے جمعرات کو یمن سے داغے جانے والے 2 ڈرونز کو مار گرایا۔ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے کہا ہے کہ حوثی اسرائیل کے خلاف کارروائیوں کی قیمت چکا رہے ہیں اور انہیں مزید بھاری قیمت اٹھانا پڑے گی۔ ادھر حماس نے یمن پر حملے کی مذمت کی۔ دوسری جانب غزہ پر بھی اسرائیلی جارحیت جاری ہے اور گزشتہ 24 گھنٹوں میں مزید 22 فلسطینی شہید ہو گئے۔ اس کے علاوہ لبنان پر بھی اسرائیل نے ڈروان حملہ کیا جس میں 5 شہری شہید ہوئے۔

# دسمبر 2024 میں امریکہ میں بیروزگاری کی شرح 4.1 فیصد کی کم ترین سطح پر آئی: جو بائیڈن



واشنگٹن، 11 جنوری (یو این آئی) امریکی صدر جو بائیڈن نے اپنے دور اقتدار میں امریکی معیشت پر بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ دسمبر 2024 میں امریکہ میں بیروزگاری کی شرح 4.1 فیصد کی کم ترین سطح پر آئی۔ جو بائیڈن نے کہا کہ ان کے دور میں 16.6 ملین نئے روزگار کے مواقع پیدا کرنا ایک ریکارڈ ہے۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ 4 سال کی حکومت میں کورونا وبا کے باوجود حالات پر قابو پا کر ان کی حکومت نے نا صرف روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے بلکہ ہیلتھ سیکٹر میں نمایاں کام بھی کیا جس سے امریکیوں کے 160 ارب ڈالر بچیں گے۔ جو بائیڈن نے مزید کہا کہ ملک میں توانائی کی پیداوار امریکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہے۔

# کرک: انڈس ہائی وے پر ٹریفک حادثہ، 12 افراد جاں بحق

کرک، 11 جنوری (یو این آئی) انڈس ہائی وے پر ٹریفک حادثے میں 12 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق کرک میں انڈس ہائی وے پر امیری چوک کے مقام پر ٹریفک حادثہ پیش آیا جس میں اب تک 12 افراد کے جاں بحق ہونے کی تصدیق ہوئی ہے۔ ڈی سی نے بتایا کہ انڈس ہائی وے پر تیز رفتار ٹرالر مسافر کوچ اور دیگر گاڑیوں سے ٹکرا گیا۔ حادثہ ٹرالر کا بریک فیل ہونے کے باعث پیش آیا جس میں 20 سے زائد افراد زخمی بھی ہوئے جنہیں فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔

# کوئٹہ: سنجدی کی کوئلہ کان سے 4 لاشیں نکال لی گئیں، 8 کان کنوں کیلئے آپریشن جاری

کوئٹہ، 11 جنوری (یو این آئی) کوئٹہ کے علاقے سنجدی میں کوئلے کی کان میں سے 4 افراد کی لاشیں نکال لی گئیں۔ چیف مائنز انسپکٹر کے مطابق نواحی علاقے اسپین کاریز سنجدی کی مقامی کوئلہ کان میں گزشتہ رات زہریلی گیس بھرنے کے باعث دھماکا ہوا اور کان بیٹھ گئی جس سے 12 مزدور کان میں ہی پھنس گئے۔ حکام کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی امدادی کارروائیاں شروع کی گئیں اور اب تک 4 افراد کی لاشیں نکالی جا چکی ہیں جب کہ دیگر 8 کان کنوں کو نکالنے کے لیے ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ دوسری جانب ریسکیو ٹیموں نے کان سے 3600 فٹ تک ملبہ نکال کر راستہ کلیئر کر دیا ہے، ملبے کو بھاری مشینری کے ذریعے ہٹایا گیا ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ بجلی کی دوسری لائن بچھانے اور ملبہ ہٹانے سے امدادی سرگرمیاں تاخیر کا شکار ہوئیں، ریسکیو ٹیموں نے امید ظاہر کی ہے کہ ریسکیو ٹیمیں جلد اندر پھنسے کان کنوں تک پہنچ جائیں گی۔

# لوک سبھا کے اسپیکر نے گرنسی میں سی ایس پی او سی کی اسٹینڈنگ کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی



گرنسی، 11 جنوری (یو این آئی) لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے بتایا کہ اگلے سال ہندوستان میں منعقد ہونے والی دولت مشترکہ ممالک کی پارلیمانوں کے اسپیکروں اور پریذائیڈنگ افسران کی 28 ویں کانفرنس میں اے آئی اور سوشل میڈیا کا اطلاق ہوگا۔ آج یہاں پارلیمنٹ کے اسپیکرز اور پریزائیڈنگ آفیسرز (سی ایس پی او سی) کی کانفرنس کی قائمہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے مسٹر برلا نے ان خیالات کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی دور اندیش قیادت میں ہندوستان کی تبدیلی کی وضاحت کرتے ہوئے مسٹر برلا نے بتایا کہ ہندوستان اب پانچویں سب سے بڑی معیشت اور اسٹارٹ اپس کے لیے تیسرا سب سے بڑا ماحولیاتی نظام بن گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہندوستان زراعت، فنٹیک، اے آئی، اور تحقیق اور اختراع جیسے کئی شعبوں میں بڑے پیمانے پر تبدیلی دیکھ رہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ہندوستان میں اب عالمی معیار کا بنیادی ڈھانچہ اور خدمات کا شعبہ ہے اور امید ظاہر کی کہ آئندہ سال جب معززین سی ایس پی او سی میں شرکت کے لئے ہندوستان میں ہوں گے تو وہ ملک کی وراثت اور ترقی کے منفرد امتزاج کا تجربہ کریں گے۔ جمہوریت کے نگہبان، ترقی کو تیز کرنے والے اور عوامی فلاح و بہبود کے ذمہ داروں کے طور پر پارلیمانوں کے کردار پر زور دیتے ہوئے مسٹر برلا نے ماحولیاتی تبدیلی، دہشت گردی اور سائبر کرائم جیسے عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے پارلیمانوں کو زیادہ موثر، جامع اور شفاف بنانے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ لوک سبھا اسپیکر نے اچھی حکمرانی کو فروغ دینے اور پائیدار ترقی کو فروغ دینے کے لیے پارلیمانی اداروں کو مزید موثر، جامع اور شفاف بنانے کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ اس سیشن نے عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے پارلیمانی رہنماؤں کو اکٹھا کیا اور 28 ویں سی ایس پی او سی کی بنیاد رکھی، جس کی میزبانی ہندوستان 2026 میں کرے گا۔ اجلاس کو خطاب کرتے ہوئے مسٹر برلا نے سی ایس پی او سی پلیٹ فارم کو رکن ممالک کے لیے بہترین طریقوں کے تبادلے، پارلیمانی تعاون کو مضبوط بنانے، اور ایک منصفانہ اور مساوی مستقبل کی تعمیر کے لیے اجتماعی طور پر کام کرنے کا ایک انمول موقع قرار دیا۔ لوک سبھا اسپیکر نے 2026 میں 28 ویں سی ایس پی او سی کے میزبان کے طور پر ہندوستان کے انتخاب پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ملک کی بھرپور ثقافتی وراثت اور شمولیت اور ہم آہنگی کی صدیوں پرانی روایات کو ظاہر کرنے کا ایک منفرد موقع فراہم کرتا ہے۔ مسٹر برلا نے عالمی تعاون اور اتحاد کے رہنما اصول کے طور پر قدیم ہندوستانی فلسفہ واسودھیو کٹمبکم "پوری دنیا ایک خاندان ہے" کی مطابقت پر زور دیا۔ پائیدار ترقی اور گڈ گورننس کو فروغ دیتے ہوئے غربت، عدم مساوات اور غذائی قلت جیسے چیلنجوں سے مؤثر طریقے سے نمٹنے کے لیے پارلیمانوں کی ضرورت کا اعادہ کرتے ہوئے مسٹر برلا نے پالیسیوں کی تشکیل، وسائل کو منصفانہ طریقے سے مختص کرنے اور زیادہ مساوی اور پائیدار تعمیر کرنے میں حکومتوں کی رہنمائی کرنے میں اراکین پارلیمنٹ کے کردار پر زور دیا۔ میٹنگ کے دوران ہونے والی بات چیت میں ہندوستان میں آنے والے 28 ویں سی ایس پی او سی کے ایجنڈے کو حتمی شکل دینا اور دنیا بھر کی پارلیمانوں کو متاثر کرنے والے نظامی مسائل پر غور و خوض شامل ہے۔ لوک سبھا اسپیکر نے 1970-71، 1986، اور 2010 میں سی ایس پی او سی سمیت اس طرح کے پروگراموں کی میزبانی کی ہندوستان کی دیرینہ روایت پر روشنی ڈالی اور دولت مشترکہ کے تمام پریزائیڈنگ افسران کو نئی دہلی میں ہونے والی کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی۔ مسٹر برلا نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ آنے والا ایونٹ اہم عالمی مسائل سے نمٹنے کے لیے بامعنی بات چیت اور باہمی تعاون کی کوششوں کو فروغ دے گا۔ مسٹر اوم برلا نے اپنی مثالی قیادت اور مہمان نوازی کے لیے بیلی وِک آف گرنسی کے پریزائیڈنگ آفیسر سر رچرڈ میک موہن کا شکریہ ادا کیا۔ میٹنگ نے عصری چیلنجوں سے نمٹنے اور جمہوریت اور گڈ گورننس کے اصولوں کو برقرار رکھنے کے لیے دولت مشترکہ کی پارلیمانوں کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔

# انفلوئنزا ویکسین: عالمی ادارہ صحت نے دنیا کو خبردار کردیا

جنیوا، 11 جنوری (یو این آئی) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں سانس کے مسائل سالانہ ساڑھے چھ لاکھ افراد کی موت کا سبب بن رہے ہیں، لہٰذا اب وقت آ گیا ہے کہ موسمی بیماری کے خلاف انفلوئنزا ویکسین لگوائی جائے۔ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے تحت آفیشل پلیٹ فارمز پر ایک پروگرام "سائنس ان فائیو" کے نام سے نشر کیا گیا جس میں ماہرین صحت نے بتایا کہ لوگوں کو انفلوئنزا کی بیماری اور اس سے ہونے والی اموات سے بچانے کا بہترین ذریعہ ویکسین ہے۔ مذکورہ پروگرام میں عالمی ادارہ صحت کے ایمرجنسی یونٹ کی اہلکار ڈاکٹر شوشنا گولڈن نے موسمی انفلوئنزا سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماہرین اور صحت عامہ کے سائنسدان دنیا بھر کے انسانوں کو اس وائرس سے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ ڈاکٹر گولڈن نے بتایا کہ انفلوئنزا وائرس پیچیدہ اور ہمیشہ اپنی شکل تبدیل کرتا رہتا ہے، اس بیماری اور موت سے بچنے کا بہترین ذریعہ ویکسین ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ انفلوئنزا وائرس اور ویکسین کی اپڈیٹ سے لوگوں کو باخبر رکھنا بے حد ضروری ہے۔ انفلوئنزا ویکسین جسے فلو شاٹس یا فلو جابس بھی کہا جاتا ہے، وہ ویکسین ہے جو انفلوئنزا وائرس کے انفیکشن سے بچاتی ہے چونکہ انفلوئنزا وائرس تیزی سے تبدیل ہوتا ہے اس لئے ویکسین کو سال میں دو بار نئے انداز سے تیار کیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ انفلوئنزا ذہین وائرس ہے اور اپنے ساتھ بہت سے تناؤ لے کر آتا ہے، یہ وائرس قوت مدافعت پر قابو پانے اور مختلف بیماریاں پیدا کرنے کیلیے خود کو مسلسل بدلتا رہتا ہے۔ یہ ہر ملک میں موجود ہے۔ ہر سال سیکڑوں ہزاروں لوگ موسمی انفلوئنزا سے مر جاتے ہیں۔ اگرچہ وبائی زکام بہت عام ہے تاہم یہ کم مدافعتی نظام والے افراد کیلئے زیادہ خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔ انفلوئنزا (فلو) پھیپھڑوں کا انفیکشن ہے جو وائرس کے ذریعے پھیلتا ہے۔ لوگوں کو پورے سال کے دوران کسی بھی وقت فلو ہوسکتا ہے لیکن یہ موسم خزاں اور موسم سرما کے ایام میں بہت عام ہے۔ اس بیماری کی علامات میں بخار، پٹھوں میں درد، سر میں درد، گلے میں خراش، کھانسی، کمزوری وغیرہ شامل ہیں۔ مذکورہ علامات میں سے زیادہ تر 2 تا 7 دن تک رہتی ہیں، کھانسی اور کمزوری 6 ہفتوں تک رہ سکتی ہے۔ یہ بیماری روزمرّہ کے امور کو مشکل کر سکتی ہے۔

# ایتھوپیا میں 5.1 شدت کا زلزلہ

بیجنگ، 11 جنوری (یو این آئی) ایتھوپیا میں جمعہ کے روز ریکٹر اسکیل پر 5.1 شدت کے زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ جی ایف زیڈ جرمن ریسرچ سینٹر فار جیو سائنسز نے بتایا کہ ایتھوپیا میں جمعہ کی دیر رات 2358 بجے 5.1 کی شدت کا زلزلہ آیا۔ زلزلہ کا مرکز سطح زمین سے 41.0 کلومیٹر کی گہرائی میں 9.28 ڈگری شمالی عرض البلد اور 39.89 ڈگری مشرقی طول البلد پر تھا۔

# دمشق کی جامع اموی میں بھگدڑ مچنے سے ہلاکین کی تعداد چار ہو گئی

استنبول، 11 جنوری (یو این آئی) دمشق کی جامع اموی مسجد میں بھگدڑ مچنے سے مرنے والوں کی تعداد چار ہو گئی ہے۔ شامی اخبار الوطن نے دمشق کے محکمہ صحت کے حوالے سے یہ خبر دی ہے۔ ترک ٹی وی چینل احمر نے اس سے پہلے جمعہ کے روز تین افراد کی ہلاکت کی اطلاع دی تھی۔ الوطن نے جمعہ کے روز اپنی رپورٹ میں کہا کہ بھگدڑ مقامی بلاگر کی طرف سے مفت کھانے کی تقسیم کی دعوت کے بعد ہوئی۔ کم از کم 16 افراد کو اسپتال میں داخل کیا گیا تھا۔

# ڈیلٹا ایئر لائن کی پرواز کے ہنگامی انخلاء میں چار مسافر زخمی

اٹلانٹا، 11 جنوری (یو این آئی) امریکی ریاست جارجیا کے دارالحکومت اٹلانٹا کے ہارٹس فیلڈ-جیکسن انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے منیاپولس جانے والی ڈیلٹا ایئر لائن کی پرواز کو انجن میں خرابی کی وجہ سے ٹیک آف سے کچھ ہی دیر پہلے روک دیا گیا، جس کے بعد ہنگامی انخلاء کے دوران چار مسافر زخمی ہو گئے۔ فاکس نیوز نے ہفتہ کے روز ہوائی اڈے کے حکام کے حوالے سے بتایا کہ فلائٹ میں کل 201 مسافر سوار تھے۔ جمعہ کے روز ہونے والی گڑبڑی کے باعث طیارے کو رن وے پر روک دیا گیا اور تمام مسافروں کو ہنگامی سلائیڈز کے ذریعے باہر نکالا گیا۔ ہنگامی انخلاء کے دوران چار مسافروں کو معمولی چوٹیں آئیں۔ ہوائی اڈے کو مقامی وقت کے مطابق دوپہر دو بجے تک عارضی طور پر روک دیا گیا ہے۔

# پیشگی شرائط کے بغیر پوتن، ڈونلڈ ٹرمپ سے بات چیت کیلئے تیار ہیں: روس



ماسکو، 11 جنوری (یو این آئی) کریملن نے نومنتخب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے روسی صدر سے ملاقات کے بیان کو خوش آئند قرار دیدیا۔ خبر رساں ادارے کے مطابق کریملن کا کہنا ہے کہ روسی صدر ولادیمیر پیوٹن پیشگی شرائط کے بغیر نومنتخب امریکی صدر سے ملاقات کے لیے تیار ہیں۔ ترجمان کریملن کے مطابق ڈمٹری پیشکوو کا کہنا ہے کہ صدر پیوٹن نومنتخب امریکی صدر کے ساتھ رابطے کیلئے تیار ہیں، وہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سمیت بین الاقوامی رہنماؤں سے رابطے کیلئے تیار ہیں۔ یاد رہے کہ نومنتخب امریکی صدر نے اعلان کیا تھا کہ وہ یوکرین میں جنگ کے خاتمے کے لیے روسی صدر کے ساتھ ملاقات کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ فروری 2022 میں روس کے یوکرین پر بڑے پیمانے پر فوجی حملے کے بعد امریکا کیو کو اربوں ڈالر کی امداد فراہم کر چکا ہے۔ دریں اثنا یوکرینی صدر ولادیمیر زیلینسکی بھی امریکی حمایت کے بغیر جنگ ہارنے کا اعتراف کر چکے ہیں۔

# برنپور سیل ایسکو کوارٹر خالی کرنے کے نوٹس سے رہائشیوں میں کھلبلی



آسنسول: 11 رجنوری، (عوامی نیوز سروس): برنپور سیل ایسکو علاقے کے نرسنگھ باندھ امبیڈکر کالونی میں واقع برنپور کوارٹر میں برسوں سے رہنے والے صفائی ملازمین کو کوارٹر خالی کرنے کا نوٹس دیا گیا ہے جس سے رہائشوں میں کھلبلی مچی ہے نوٹس دیکر گیارہ جنوری کو ٹاون سیل ایسکو افس میں رہائشیوں کو بلایا گیا تھا جب رہائشیوں کی بڑی تعداد افس میں ان پہنچی تو ذمہ داران نے ملاقات نہیں کی صفائی ملازمین مرد و خواتین نے کہا کہ ہملوگوں کے باپ دادا کئی دہائیوں و برسوں سے یہاں رہتے ائے ہیں سچ ہملوگوں کے پاس نوکری نہیں ہے یومیہ اجرت پر لوگوں کے گھروں میں کام کرتے ہیں اور اسی اجرت کی رقم سے فیملی چلاتے ہیں رہائشیوں نے کہا کہ ہملوگ بجلی پانی کے لئے جو رقم ہوگا اسے ادا کریں گے ایسکو ہملوگوں کو اسی حال میں رہنے دے ہملوگ یہاں سے کہاں جائیں گے اگر ایسکو کوارٹر کو لیز پر دینا چاہے تو بھی دے سکتی ہے ہملوگ تیار ہیں ایسکو کے نوٹس سے ہملوگ یہاں ائے ہیں لیکن ایسکو کے ذمہ داران ہملوگوں سے بات کرنے سے کترا رہے ہیں۔

# چار الگ الگ واقعات میں 4 نوجوانوں کی جھولتی لاشیں برآمد

آسنسول: 11 رجنوری، (عوامی نیوز سروس): آسنسول، کلٹی اور پنڈیشور میں چار الگ الگ واقعہ میں چار نوجوانوں کو گلے میں پھندا لگا کر لٹکا ہوا پایا گیا دو واقعات گزشتہ شب اور گزشتہ صبح پیش آئے مرنے والوں میں آسنسول نارتھ تھانہ کے کانچھوا بازار کے 33 سالہ مانک باوڑی، کلٹی تھانے کے اپر کلٹی کے 23 سالہ ابھیناش سنگھ، آسنسول جنوبی تھانے کے ڈمرا کے اروپ تاتی اور پنڈیشور کے 23 سالہ سریندر سنگھ منڈل ہیں پنڈیشور پولیس اسٹیشن کے۔ چار نوجوانوں کی لاشیں جمعہ کی دوپہر آسنسول ضلع اسپتال لائی گئیں۔ مقامی ذرائع کے مطابق جمعرات کی رات آسنسول کے مانک باوری اور کلٹی کے ابھیناش سنگھ کو گھر والوں نے گلے میں اسکارف باندھ کر لٹکتے ہوئے دیکھا جب وہ اسے بچا کر آسنسول ضلع اسپتال لائے تو ڈاکٹر نے اس کا معائنہ کیا اور اسے مردہ قرار دیا اسی طرح جمعہ کی صبح گھر کے لوگوں نے آسنسول کے اوپپاوں تی اور پنڈیشور کے سریندر سنگھ منڈل کو لٹکتے ہوئے دیکھا جب ان دونوں کو بچا کر آسنسول ضلع اسپتال لایا گیا تو ڈاکٹر نے ان کا معائنہ کیا اور انہیں مردہ قرار دیا ان چاروں افراد کے اہل خانہ ان کی موت کی وجہ سے متعلق پولیس کو کچھ خاص نہیں بتا سکے۔ ابتدائی تفتیش کے بعد پولیس نے اندازہ لگایا کہ یہ چاروں افراد کسی وجہ سے ذہنی دباؤ کا شکار تھے۔ جس کی وجہ سے اس نے گلے میں پھندا لگا کر خودکشی کر لی۔

# گنگا ساگر یاتریوں کیلئے بنائے گئے کیمپ میں وزیر مولئے گھٹک پہنچے



آسنسول: 11 رجنوری، (عوامی نیوز سروس): گنگا ساگر کی یاتریوں کے لئے اسنسول کے حلقے میں میونسپل کارپوریشن کی جانب سے تین کیمپ بنائے گئے ہیں جسکا افتتاح میئر بیدھان اپادھیائے نے کیا بتایا جاتا ہے کہ مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے مغربی بردوان ضلع میں گنگا ساگر یاتریوں کی دیکھ بھال کی ذمہ داری ریاستی وزیر قانون و وزیر محنت اسنسول نارتھ کے ایم ایل اے مولئے گھٹک اور آسنسول میونسپل کارپوریشن کے میئر و بارہ بونی کے ایم ایل اے بیدھان اپادھیائے کو سونپی ہے ممتا بنرجی کی ہدایت پر اسنسول میونسپل کارپوریشن کی جانب سے تین کیمپ لگائے گئے ہیں ترنمول کانگریس کی جانب سے ایک الگ کیمپ بھی لگایا گیا ہے اسنسول میونسپل کارپوریشن کی جانب سے بنگال جھارکھنڈ سرحدی حلقے کے ڈیبوڈیہ کے علاوہ کالی پہاڑی اور ننگاہ میں بھی گنگا ساگر کے یاتریوں کے استقبال اور انہیں سہولیات فراہم کرنے کے لئے تین کیمپ لگائے گئے ہیں جہاں ٹوئلیٹ، بیت الخلاء، پینے کے پانی ارام کرنے کی جگہ و دیگر سہولیات فراہم ہونگے۔

# کرنٹ لگنے سے ایک شخص کی موت

آسنسول: 11 رجنوری، (عوامی نیوز سروس): ریلوے کی تیز رفتار بجلی کے تار سے کرنٹ لگنے سے ایک انجینئر کی موت ہوگئی یہ واقعہ دوپہر رانی گنج پولیس اسٹیشن کے ریلوے پھاٹک کے قریب پیش آیا دوپہر رانی گنج کے تھانہ بلابھ پور تھانے کی پولیس کو اطلاع ملی کہ بلابھ پور ریلوے پھاٹک کے پاس ایک شخص بے ہوشی کی حالت میں پڑا ہے پولیس بھی اس کے ساتھ وہاں گئی جب اس شخص کو بچا کر آسنسول ضلع اسپتال لایا گیا تو ڈاکٹر نے اس کا معائنہ کیا اور اسے مردہ قرار دیا پھر وہ شخص کی شناخت نہیں ملی علاقہ مکینوں سے بات کرنے اور ابتدائی تفتیش کے بعد پولیس کا اندازہ ہے کہ اس شخص نے لکڑی کی چھڑی یا برش سے درخت سے پتے اکٹھے کیے تھے۔ اس وقت وہ کسی طرح سے اوپر سے گزرنے والی ہائی پاور بجلی کے تار سے رابطہ میں آ گیا پھر وہ بجلی کی زد میں آکر مر جاتا ہے بعد میں شام کو پولیس کے ارکان آسنسول ضلع اسپتال پہنچے اور لاش کی شناخت سونا باوڑی کے طور پر کی گئی گھر والوں کا کہنا ہے کہ سونا باوڑی ہر روز گھر سے باہر جاتا اس دن وہ کسی سے کچھ کہے بغیر گھر سے نکل گیا لیکن گھر کے لوگ سوچ بھی نہیں سکتے کہ وہ اتنی دور جا کر کرنٹ لگنے سے فوت ہو جائے گا پولیس کے مطابق ہفتہ کی صبح آسنسول ڈسٹرکٹ اسپتال میں متوفی کی لاش کا پوسٹ مارٹم کیا گیا۔

# آسنسول کے 32 آٹو ڈرائیوروں نے کانگریس پارٹی کا پرچم تھاما



آسنسول: 11 رجنوری، (عوامی نیوز سروس): آسنسول چرچ موڑ پر واقع کانگریس پارٹی دفتر میں ایک پریس میٹنگ کا اہتمام کیا گیا اس موقع پر ہی ٹی ایم سی کی مزدور تنظیم سے تعلق رکھنے والے 32 آٹو ڈرائیوروں نے کانگریس پارٹی میں شامل ہو گئے اس موقع پر نامہ نگاروں سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس پارٹی کے لیڈر شاہ عالم نے کہا کہ آج اٹوال موڑ کے قریب آٹو اسٹینڈ کے 32 آٹو ڈرائیور کانگریس میں شامل ہوئے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کانگریس ختم نہیں ہوئی ہے جس طرح TMC کی مزدور تنظیم سے وابستہ 32 آٹو ڈرائیور سال 2025 کے آغاز میں کانگریس میں شامل ہوئے ہیں یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ 2025 کے آخر تک اس علاقے سے ٹی ایم سی کا صفایا ہو جائے گا کچھ لوگ کہہ رہے تھے کہ کانگریس اسنسول حلقے سے ختم ہو گئی لیکن جس طرح سے آج 32 آٹو ڈرائیور کانگریس میں شامل ہو گئے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ٹی ایم سی کی تباہی شروع ہو چکی ہے اور کانگریس مستحکم ہو رہی ہے اس موقع پر کانگریس کی ریاستی کمیٹی کے سکریٹری پروسینجیت پوتنڈی، سابق کونسلر اشوک رائے اور دیگر موجود تھے اوٹو ڈرائیوروں نے کانگریس کا پرچم تھام کر شمولیت اختیار کی۔

# گھر گھر پینے کے پانی کی فراہمی کیلئے منصوبہ

آسنسول: 11 رجنوری، (عوامی نیوز سروس): درگاپور کے گوپال پور میں ہر گھر میں پینے کے پانی کی فراہمی کے لیے مغربی بردوان ضلع مجسٹریٹ ایس پونا بالم کی موجودگی میں ایک انتظامی میٹنگ منعقد ہوئی ضلع مجسٹریٹ کے علاوہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ، درگاپور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ضلع پریشد کے ایجوکیشن آفیسر، فاریسٹ اینڈ لینڈ آفیسر بڈی ٹوڈو، پنچایت کے چیف اور ڈپٹی چیف کے ساتھ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ یا پی ایچ کے انجینئر کے ساتھ۔ موجود تھے اطلاع کے مطابق اجلاس میں ضلع مجسٹریٹ نے گرمیوں سے پہلے تمام گھرانوں کو پانی فراہم کرنے پر زور دیا ہے اس میٹنگ میں کئی مسائل پر گفت و شنید و تبادلہ خیال کیا گیا ہے ضلع مجسٹریٹ نے واضح طور پر کہا ہے کہ اگلی گرمیوں سے پہلے پانی پہنچانا ہوگا اور مقررہ وقت میں کام مکمل کرنے کے لیے افرادی قوت میں اضافہ کرنا ہوگا وقت بتائے گا کہ کیا موسم گرما کے عروج سے پہلے پینے کا پانی آئے گا؟ لیکن آج کی میٹنگ میں ضلع مجسٹریٹ نے گرمیوں سے پہلے ہر گھر کو پانی فراہم کرنے پر زور دیا۔

# قرض کی عدم ادائیگی پر بینک نے گھر سیل کر دیا

آسنسول: 11 رجنوری، (عوامی نیوز سروس): آسنسول کے کورٹ موڑ علاقے میں ایک دو منزلہ عمارت کو عدالتی احکامات پر سیل کر دیا گیا اس موقع پر عدالت کی جانب سے آئی ڈی بی آئی بینک کے عہدیداروں کا تقرر کیا گیا جس سے قرض لیا گیا تھا ریسیور اور پولیس افسران موجود تھے رتیش اگروال، راکیش اگروال، پرینکا اگروال اور وکاس اگروال، پشپا اگروال نے IDBI بینک سے 2 کروڑ 40 لاکھ روپے قرض لیا تھا جسمیں ایک کروڑ 69 لاکھ روپے کی ادائیگی نہیں ہوئی اس رقم کی عدم ادائیگی کی وجہ سے بینک نے عدالت سے رجوع کیا اور آسنسول کی سی جے ایم عدالت کے حکم پر آج عدالت کے مقرر کردہ ریسیور اور پولیس کی موجودگی میں عمارت کو سیل کر کے قبضہ کر لیا گیا۔

# چترنجن: ریل نگری کے بڑے ذخائر میں لاکھوں مالیت کی ادویات کا ڈوبنا، ماحولیات کیلئے سنگین بحران

آسنسول: 11 رجنوری، (عوامی نیوز سروس): چترنجن ریل نگری علاقے میں حوض میں ایک انتہائی عجیب اور تشویشناک واقعہ سامنے آیا ہے مختلف طبی سامان جیسے ضائع شدہ ادویات کی بوتلیں، سیرپ، گولیاں اور لاکھوں روپے مالیت کی گوز پٹیاں برآمد ہوئی ہیں ان ادویات کے کیمیائی اثرات سے لاکھوں روپے مالیت کی مچھلیاں مر چکی ہیں اس کے علاوہ مون سون کے موسم میں دور دراز ممالک سے ہجرت کرنے والے پرندوں کی زندگیوں پر بھی اس کے سنگین اثرات پڑنے کا خدشہ ہے پرندے ان زہریلی مچھلیوں کو کھا سکتے ہیں جس سے حیاتیاتی تباہی کا خطرہ ہے یہ واقعہ گذشتہ صبح اس وقت سامنے آیا جب ٹھیکیدار ابھیشیک سنگھ، جو چترنجن ریلوے ورکشاپ انتظامیہ سے لیز پر ذخائر لے کر فش فارمنگ کا کام دیکھ رہے تھے نے اسے دیکھا انہوں نے بتایا کہ ان میں تقریباً 15 لاکھ روپے مالیت کی مچھلیاں ملی ہیں کیمیکلز کی وجہ سے موت واقع ہوئی ابھیشیک سنگھ کی کمپنی نے 58 لاکھ روپے کے معاہدے کے تحت ریزروائر کو تین سال کے لیے لیز پر لیا ہے انہوں نے تین ماہ قبل ان آبی ذخائر میں 22 لاکھ روپے کے مچھلی کے بیج ڈالے تھے ذخائر، جس کا رقبہ تقریباً ایک لاکھ مربع میٹر ہے، جو فتح پور سے سمجوڑی تک سڑک پر واقع ہے ابھیشیک سنگھ نے بتایا کہ سائبیریا سمیت مختلف ممالک سے آنے والے ہجرت کرنے والے پرندوں کا ایک اجتماع دیکھا گیا جو مردہ مچھلیوں کو کھانے کے لیے تھا اس کے ملازمین نے بوریوں میں بھری ادویات اور کیمیکل کی باقیات کو آبی ذخائر میں تیرتے ہوئے دیکھا اس کے بعد ملازمین سے کہا گیا کہ وہ ریزروائر کے نیچے جا کر تحقیقات کریں۔ بڑی تعداد میں شیشیاں، گولیاں، سرپ اور دیگر طبی سامان برآمد کر لیا گیا اس واقعہ نے چترنجن ریلوے سٹی میں غصہ اور تشویش پیدا کر دی ہے۔ لوگ اس پر یقین رکھتے ہیں جعلی اور غیر فعال ادویات کے خاتمے کے لیے کام کیا گیا ہے۔ لیکن اس بدتمیزی نے نہ صرف ماحولیاتی نظام کو نقصان پہنچایا ہے بلکہ آبی ذخائر سے وابستہ فش فارمنگ کے کاروبار کو بھی شدید نقصان پہنچایا ہے مچھلیوں کی موت اور آبی آلودگی کی وجہ سے آبی ذخائر سے پانی کی فراہمی متاثر ہو سکتی ہے نیز، پرندوں کی زندگی کو لاحق خطرہ ماحولیاتی عدم توازن کو مزید بڑھا سکتا ہے ابھیشیک سنگھ نے انتظامیہ سے تحریری شکایت درج کرانے کا عمل شروع کر دیا ہے یہ دیکھنا اہم ہوگا کہ اتنی بڑی مقدار میں ادویات کیسے اور کس کے ذریعے ذخائر تک پہنچیں۔

☆

# درگاپور کی 5 سالہ پہلی جماعت کی طالبہ شریا گورائی نے جونیئر مس انڈیا 2 میں کمال کر دکھایا

آسنسول: 11 رجنوری، (عوامی نیوز سروس): پانچ سال کی عمر میں بچے صحیح طریقے سے چلنا اور بولنا سیکھتے ہیں پانچ سالوں میں قومی سطح کے مقابلے میں جگہ بنانا ناممکن لگتا ہے لیکن اسپات نگری درگاپور کی پانچ سالہ شریا گورائی دہلی پبلک اسکول کی پہلی جماعت کی طالبہ نے جونیئر مس انڈیا میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر کے شہر کا نام روشن کیا ہے شریا گورائی کی اس کامیابی پر والدین فخر محسوس کر رہے ہیں ابھیجیت گورائی اور پمپی گورائی، دنگاپور بیدھا نگر علاقہ کے رہنے والے کی اکلوتی بیٹی پانچ سالہ شریا نے میرٹ ہوٹل، اندور میں 3 جنوری سے 5 جنوری تک منعقدہ جونیئر مس انڈیا کے فائنل میں سب سے کم عمر رنراپ کا خطاب جیت کر اپنا نام روشن کیا ہے اس قومی سطح کے مقابلے میں حصہ لینے کے لیے ملک بھر کی 25 ریاستوں کے 40 شہروں میں آڈیشنز کا انعقاد کیا گیا جس میں لاکھوں شرکاء نے حصہ لیا پورے آڈیشن میں سے ملک بھر سے پانچ سے سات سال کی عمر کے تیس بچوں کو فائنل کے لیے منتخب کیا گیا، جن میں درگاپور سے تعلق رکھنے والی ننھی شریا گورائی بھی شامل تھی جس نے ریمپ شو اور دیگر مقابلوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا شریا کو پورے مقابلے میں رنراپ کا خطاب ملا ہے ننھی منی بچی کی اس کامیابی پر والدین کے عزیز و اقارب دوست احباب رشتہ داروں کی جانب سے مبارکباد مل رہے ہیں۔

# پنڈیشور کے ایم ایل اے نریندر نریندر ناتھ چکرورتی کی قبائلی پروگرام میں شرکت

آسنسول: 11 رجنوری، (عوامی نیوز سروس): قبائلی برادری کے لوگوں نے پنڈیشور کے ایم ایل اے نریندر ناتھ چکرورتی کا یوم پیدائش منایا پنڈیشور اسمبلی حلقے کے شیام سندر پور گاؤں کے لکشمی مرمو نے ان سے درخواست کی کہ وہ ایم ایل اے کی سالگرہ اپنے گھر پر منائیں گے جیسا کہ جمعہ کو انہوں نے ایم ایل اے کو اپنے گھر پر دعوت دی اور انہیں ان کی سالگرہ کا تحفہ دیا قدرتی طور پر لکشمی مرمو نے مسکراہٹ کے ساتھ کہا، "میری زندگی میں، مجھے نہیں لگتا کہ دادا میرے گھر بیٹھ کر کھانا کھائیں گے" دادا ہمارے لیے بہت مہمان ہیں ہم ہر خوشی اور غم میں دادا کے شانہ بشانہ رہنا چاہتے ہیں ایم ایل اے نے کہا کہ ایک بڑے ہوٹل کے ٹیبل پر کیک کاٹنے کے بجائے اس لکشمی کے گھر میں قبائلی رقص اور گانوں کے ذریعے جذباتی زبان کی خوشی ہی الگ ہے بطور عوامی نمائندہ اس سے بڑا کارنامہ کیا ہو سکتا ہے کہ ایک ایم ایل اے ایک قبائلی فیملی کے گھر پہنچتے ہیں رقص میں شامل ہوتے ہیں قبائلی گھر میں کھانا کھاتے ہیں جس سے قبائلی برادری میں خوشی دیکھی گئی۔

# رانی ستی دادی کے موسم بہار کے تہوار پر آسنسول میں جلوس

آسنسول: 11 رجنوری، (عوامی نیوز سروس): راجستھان کے جھنجھنو کی رانی ستی دادی کے موسم بہار کے تہوار کے موقع پر آج آسنسول کے راہالین میں واقع رانی ستی دادی مندر سے ایک بہت بڑا جلوس نکالا گیا یہ جلوس این ایس روڈ، جی ٹی روڈ سے ہوتا ہوا پٹیل بھون تک گیا اس موقع پر ہزاروں کی تعداد میں عقیدت مندوں نے جوش و خروش کے ساتھ شرکت کی پھولوں کی بارش اور رانی ستی دادی کے بھجن گائے جا رہے تھے جلوس میں شریک عقیدت مند تقریباً 5 کلومیٹر کا فاصلہ طے کر کے پٹیل بھون پہنچے۔

## صفحہ اول کا بقیہ

**بقیہ:** لاس اینجلس میں 10 ہزار

زائد عمارتیں جل کر تباہ ہو گئیں، ایک لاکھ 80 ہزار افراد نقل مکانی پر مجبور ہو گئے، لاکھ افراد کو گھر چھوڑنے کے لیے تیار رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ جب کہ آگ لگنے سے 150 ارب ڈالر کے نقصان کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ ابتدائی تخمینوں میں 60 ہزار بلڈنگوں کو خطرناک قرار دے دیا گیا ہے، موسمی حالات اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے سبب خیال کیا جا رہا ہے کہ آنے والے دنوں میں ہوا ان شعلوں کی شدت میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے۔ پولیس نے آتش زنی کے شبے میں ایک شخص کو گرفتار کیا ہے جبکہ خالی کرائی گئی املاک لوٹنے کے الزام میں بھی 20 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ لاس اینجلس کے شیرف رابرٹ لونا کا کہنا ہے کہ آگ سے متاثرہ علاقے دیکھ کر ایسا لگتا ہے کہ ان علاقوں میں 'ایٹم بم گرایا گیا ہے'۔ رابرٹ لونا نے جمعرات کو نیوز کانفرنس میں کہا کہ اگرچہ میں آپ کو یہ بتا رہا ہوں کہ 5 افراد ہلاک ہو چکے، لیکن یہ میرے ہونٹوں سے نکل رہا ہے، میں اس نمبر کے بارے میں پریشان ہوں۔ شیرف نے کہا کہ وہ دعا کر رہے ہیں کہ ہلاکتوں کی تعداد میں اضافہ نہ ہو، لیکن جو تباہی واضح ہے اس کی بنیاد پر 'اچھی خبر' کی توقع نہیں ہے۔

**بقیہ:** غزہ پر اسرائیلی حملے

ایندھن کی قلت کا سامنا ہو سکتا ہے۔ محکمہ صحت کے افسران نے یہ اطلاع دی ہے۔ غزہ میں شہری دفاع کے رضا کاروں نے اطلاع دی ہے کہ غزہ شہر کے شجاعیہ محلے میں لوگوں کے ایک گروپ اور ایک مکان کو نشانہ بنا کر کیے گئے فضائی حملے میں آٹھ افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے۔ بعد ازاں وسطی غزہ میں البریج پناہ گزین کیمپ پر فضائی حملے میں سات افراد مارے گئے۔ جنوبی غزہ کے خان یونس میں، ناصر اسپتال کے طبی حکام نے بتایا کہ شہر میں متعدد مقامات پر فضائی اور توپخانے کے حملوں کے بعد چار لاشیں نکالی گئیں۔ وسطی غزہ کے النصیرات میں واقع العودہ اسپتال نے توپ خانے کی گولہ باری اور ڈرون حملوں سے الغد ٹی وی کے صحافی سعید نبھان سمیت تین افراد کی ہلاکت اور چھ کے زخمی ہونے کی اطلاع دی۔

**بقیہ:** قنوج میں ریلوے اسٹیشن

لیا۔ نارتھ ایسٹ ریلوے کے مطابق، شٹرنگ گرنے کے واقعے میں 5 مزدور زخمی ہوئے ہیں، جنہیں فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ تاہم، موقع پر موجود عینی شاہدین اور مقامی ذرائع نے دبے ہوئے افراد کی تعداد زیادہ ہونے کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اس حادثے پر شدید رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ موقع پر پہنچ کر ریسکیو آپریشن میں تیزی لائیں اور زخمیوں کے علاج معالجے کا مناسب بندوبست کریں۔ وزیر اعلیٰ نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا بھی کی ہے۔ حادثے کے بعد ریلوے، پولیس اور ضلعی انتظامیہ کے افسران فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئے۔ اطلاعات کے مطابق ملبے کے نیچے دبے مزدوروں کو نکالنے کا عمل جاری ہے۔ مقامی لوگ بھی امدادی سرگرمیوں میں شامل ہو کر ریسکیو ٹیموں کا ساتھ دے رہے ہیں۔ ریلوے حکام نے بتایا ہے کہ حادثے کے وقت تقریباً 35 مزدور اسٹیشن کی تعمیراتی جگہ پر کام کر رہے تھے۔ ابتدائی معلومات کے مطابق شٹرنگ کے معیار اور حفاظتی اقدامات کی جانچ کی جا رہی ہے۔ مزید تحقیقات کے بعد ہی حادثے کی مکمل تفصیلات سامنے آئیں گی۔

**بقیہ:** مدھیہ پردیش: بی جے پی

گئی تھی۔ راٹھور ساگر ضلع میں پرانے رہنما ہیں اور 2013 میں ایم ایل اے منتخب ہوئے تھے۔ ان کے والد ہرنام سنگھ راٹھور مدھیہ پردیش کے وزیر بھی رہ چکے ہیں۔ انکم ٹیکس افسر کیسروانی اور ان کے معاونین سے جڑے ٹھکانوں پر گزشتہ کچھ دنوں سے چھاپہ ماری کر رہے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ جمعہ کو چھاپہ ماری کے دوران افسروں نے احاطہ کے اندر بنے ایک تالاب میں 4 مگرمچھ دیکھے۔ انہوں نے اس کی اطلاع محکمہ جنگلات کو دی۔ مدھیہ پردیش کے فاریسٹ فورس کے سربراہ اسیم شریواستو نے مگرمچھ ملنے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ انہیں بحفاظت تحویل میں لیتے ہوئے وائلڈ لائف پروٹیکشن ایکٹ کے تحت ملزمین کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ برآمد کیے گئے مگرمچھوں کی صحت کی جانچ بھی کی جا رہی ہے۔ حالانکہ انہوں نے یہ بتانے سے انکار کیا کہ مگرمچھ کس کے گھر سے ملے ہیں۔ این ڈی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق ابھی تک 155 کروڑ روپے کی ٹیکس چوری کا انکشاف ہوا ہے۔ 3 کروڑ روپے نقد، سونا، چاندی وغیرہ بھی برآمد کیا گیا ہے۔ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ سابق ایم ایل اے کی ہی 140 کروڑ روپے کی ٹیکس چوری پکڑی گئی ہے جو کنسٹرکشن کا کاروبار بھی کرتے ہیں۔

# آسنسول کتابی میلہ کی تاریخ میں پہلی بار دہلی پبلشر کا اسٹال






آسنسول: 11 رجنوری، (عوامی نیوز سروس): ان دنوں آسنسول میں یوتھ شلپی سنسد کی طرف سے پولو گراؤنڈ میں کتابی میلے کا انعقاد کیا جا رہا ہے آسنسول کے کتابی میلے کی تاریخ میں پہلی بار دہلی کے مشہور کتاب اشاعت گھر چلڈرنیس بک ٹرسٹ کی جانب سے ایک اسٹال لگایا گیا ہے جو کہ بنیادی طور پر دہلی کا ایک اشاعت گھر ہے بچوں کے لیے کتابیں شائع کرتا ہے آسنسول بک فیئر میں پہلی بار چلڈرن بک ٹرسٹ کی جانب سے اسٹال لگایا گیا ہے جب اس بارے میں چلڈرن بک ٹرسٹ کی افسر رانا صدیقی جامہ سے بات کی گئی تو ان کا کہنا تھا کہ تاریخ میں پہلی بار ایسا ہوا ہے آسنسول بک فیئر میں دہلی کی ایک مشہور کتاب پبلشنگ کمپنی نے اسٹال لگایا ہے، انہوں نے بتایا کہ چلڈرن بک ٹرسٹ گزشتہ 80 سالوں سے مختلف کتابوں کی اشاعت کر کے فروخت کر رہا ہے 5 سال سے 15 سال تک کے بچے کے لئے کتابیں اشاعت کرتا ہے۔

پہاڑ پور نرسنگ ہوم
H-68, Paharpur Road, Garden Reach, Kolkata - 700024
Clinic Information : Phone No. : 9831450956, 033-24696477
laparoscopic & GENERAL SURGERY CLINIC
PAHARPUR NURSING HOME
Laparoscopic
& General Surgery Clinic

# ہریکا درونا ولی: ایشیائی براعظم میں ویمن انٹرنیشنل ماسٹر کا خطاب جیتنے والی کم عمر شطرنج کھلاڑی



نئی دہلی، 11 جنوری (یو این آئی) ہریکا درونا ولی ایک ہندوستانی شطرنج کی گرینڈ ماسٹر اور سابق ورلڈ جونیئر گرلز شطرنج چیمپئن ہیں، جو شطرنج پر اپنی حکمت عملی کے لیے مشہور ہیں۔ درونا ولی کے پاس گرینڈ ماسٹر کا ایف آئی ڈی ای خطاب ہے۔ انہوں نے سال 2012، 2015 اور 2017 میں خواتین کی عالمی شطرنج چیمپئن شپ میں تین کانسے کے تمغے جیتے ہیں۔ ہریکا شطرنج کی گرینڈ ماسٹر ہیں اور ہمپی کونیرو کے بعد گرینڈ ماسٹر بننے والی واحد ہندوستانی خاتون ہیں۔

ہندوستان کے شہر گنٹور میں 12 جنوری 1991 کو پیدا ہونے والی ہریکا درونا ولی شطرنج کی دنیا کی صف اول کی کھلاڑی بن کر ابھری ہیں۔ ان کا سفر قدیم کھیل کے لیے ہمت، عزم اور جذبہ کا ثبوت ہے۔ ہندوستان میں شطرنج کے ایک ماہر کے طور پر اپنے ابتدائی دنوں سے لے کر گرینڈ ماسٹر بننے اور دنیا بھر کے خواہشمند کھلاڑیوں کے لیے ہریکا کی کہانی کسی تحریک سے کم نہیں ہے۔ ہریکا کی شطرنج سے محبت پانچ برس کی چھوٹی عمر میں اپنے والد کی رہنمائی میں شروع ہو گئی تھی۔ ان کی فطری صلاحیتوں کو پہچانتے ہوئے ان کے والد ہی ان کے پہلے کوچ بن گئے تھے۔

ہریکا بچپن سے ہی تیز دماغ اور پرسکون طبعیت کی مالک تھیں۔ اپنی ذہانت، قابلیت، لگن اور شوق سے وہ جلد ہی 14 برس کی عمر میں ایک خاتون گرینڈ ماسٹر بن گئیں اور 2011 میں گرینڈ ماسٹر کا درجہ حاصل کیا۔ اپنی حکمت عملی کی مہارت کے لیے مشہور، ہریکا نے کئی قومی چیمپئن شپ جیتی اور بین الاقوامی سطح پر ہندوستان کی نمائندگی بھی کی۔ شطرنج میں ہندوستانی خواتین کے لیے رکاوٹوں کو توڑتے ہوئے انہوں نے اپنی لگن اور کامیابی سے بہت لوگوں کو متاثر کیا ہے۔

ورلڈ یوتھ چیس چیمپئن شپ یو 10- گرلز، اسپین میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ بیکانیر میں سال 2001 میں انہوں نے دو چاندی کے تمغے جیتے، ایک ورلڈ یوتھ چیس چیمپئن شپ انڈر 12 گرلز، اسپین اور دوسرا ایشین انڈر 12 گرلز شطرنج چیمپئن شپ جیتی۔ سال 2002 میں ایشین انڈر 18 گرلز شطرنج چیمپئن شپ جو بیکانیر میں منعقد ہوئی تھی، اس میں انہوں نے گولڈن خطاب جیتا تھا۔ سال کے 2003 کامن ویلتھ ویمن شطرنج چیمپئن شپ میں انہوں نے ممبئی میں چاندی کا تمغہ جیتا تھا۔ اس کے بعد ہریکا نے یونان میں منعقدہ 2004 کی لڑکیوں کی انڈر 14 ورلڈ یوتھ چیس چیمپئن شپ جیتی۔ پھر اس کے بعد انہوں نے اپنی جیت کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے جارجیا میں منعقدہ 2006 کی لڑکیوں کی انڈر 18 ورلڈ یوتھ چیس چیمپئن شپ حاصل کی۔ ہریکا نے ایشیائی براعظم میں سب سے کم عمر خاتون انٹرنیشنل ماسٹر کے طور پر وومن انٹرنیشنل ماسٹر کا خطاب جیتا۔ سال 2007 میں ایشین زونل ویمن شطرنج چیمپئن شپ، جس کا انعقاد بنگلہ دیش میں ہوا تھا، ہریکا نے وہاں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ انہوں نے 2008 میں ترکی میں منعقدہ ورلڈ جونیئر شطرنج چیمپئن شپ جیتی بھی جیتی۔

ہریکا سرزمین ہند اور بیرون ملک میں مسلسل مقابلوں میں حصہ لیتی رہیں۔ ان کے مقابلوں میں حصہ لینے سے ان کی مشق اور ذہانت میں مزید اضافہ ہوتا گیا۔ انہوں نے اپنے جیت کے سلسلہ کو آگے بڑھاتے ہوئے گوانگزو میں منعقدہ 2010 کے ایشیائی کھیلوں میں کانسی کا تمغہ، چین میں منعقدہ 2015 کی عالمی خواتین ٹیم شطرنج چیمپئن شپ میں چاندی کا تمغہ، روس میں منعقدہ 2015 کی عالمی خواتین کی شطرنج چیمپئن شپ میں کانسہ جیتا۔ اس کے بعد انہوں نے روم میں منعقدہ 2015 کی عالمی خواتین کی آن لائن بلٹز چیمپئن شپ میں طلائی تمغہ جیتا تھا۔ ہریکا نے کھانٹی مانسیسک میں منعقدہ 2016 ایف آئی ڈی ای ویمن گراں پری میں 5 ویں پوزیشن حاصل کی اور 2016 میں چینگدو میں منعقدہ اسی ایونٹ میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ یو اے ای میں منعقدہ 2016 کی ایشیائی خواتین ٹیم شطرنج چیمپئن شپ میں ہندوستان کی ایک ٹیم شریک کے طور پر، انہوں نے ریپڈ فارمیٹ میں انفرادی گولڈ میڈل اور کلاسیکل فارمیٹ میں ٹاپ بورڈ پر انفرادی سلور میڈل جیتا ہے جبکہ ٹیم نے ریپڈ فارمیٹ میں کانسی کا تمغہ جیتا ہے۔ اس کے بعد ہریکا ڈرونا ولی نے ایران میں 2017 خواتین کی عالمی شطرنج چیمپئن شپ میں کانسی کا تمغہ جیتا تھا۔

گرینڈ ماسٹر ہریکا نے حاملہ ہونے کے باوجود اپنی سرزمین پر منعقد ہونے والے شطرنج اولمپیاڈ 2022 میں کھیلنے کا فیصلہ کیا۔ ان کا خیال تھا کہ اس باوقار مقابلے میں حصہ لینے والی ہندوستانی ٹیمیں مضبوط ہیں۔ ہریکا شطرنج اولمپیاڈ کو اولمپکس جیسا تصور کرتی ہیں۔ ہندوستان پہلی بار جب شطرنج اولمپیاڈ کی میزبانی کی تو ہریکا نے فیصلہ کیا کہ وہ اپنی سرزمین پر کیسے نہیں کھیلیں گی۔ ان کے گھر سے چنئی صرف ایک گھنٹے کی دوری پر ہے۔

ہریکا ڈرونا ولی آج ایک رول ماڈل کے طور پر نظر آتی ہیں، جو یہ ظاہر کرتی ہیں کہ جذبے اور مہارت کے ساتھ کوئی بھی شطرنج کے مسابقتی میدان میں سبقت لے سکتا ہے۔

مردوں کے غلبہ والے شطرنج کے منظر سے ہٹے بغیر، ہریکا نے سماجی اصولوں کو چیلنج کیا۔ 2008 میں، وہ رکاوٹوں کو توڑتے ہوئے اور خواتین کھلاڑیوں کی ایک نسل کو متاثر کرتے ہوئے گرینڈ ماسٹر کا خطاب حاصل کرنے والی سب سے کم عمر خاتون بن گئیں۔ ان کی پے در پے یہ تمام کامیابیاں صرف ذاتی نہیں تھیں بلکہ شطرنج کی مسابقتی دنیا میں صنفی مساوات کے لیے یہ ایک مینار تھی۔ ہریکا کا چوٹی تک پہنچنے کا سفر چیلنجوں سے بھرپور تھا۔ ہریکا کو سخت حریفوں، مالی مجبوریوں اور مسابقت کے مسلسل دباؤ کا سامنا تھا۔ تاہم، ان کے ذوق و شوق اور کھیل سے محبت نے انہیں آگے بڑھنے کا مسلسل حوصلہ دیا۔ انہوں نے اپنی ناکامیوں کو سیکھنے کے مواقع کے طور پر قبول کیا اور ایک کھلاڑی اور شخص کے طور پر ترقی کی طرف مسلسل گامزن رہیں۔

ہریکا نے بین الاقوامی اسٹیج پر بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ جاری رکھا۔ انہوں نے خواتین کے شطرنج اولمپیاڈ میں کئی تمغے جیتے اور دنیا کی بہترین کھلاڑیوں کے خلاف اپنی صلاحیت کا لوہا منوایا۔ ان کی ذہانت اور غیر متزلزل توجہ نے انہیں باوقار ٹورنامنٹس میں فتح تک پہنچایا اور انہیں عالمی شطرنج کی دنیا میں ایک ایسی قوت کے طور پر قائم کیا جس کا شمار اعلیٰ فہرست کے کھلاڑیوں کیا جاتا ہے۔ ہریکا نے ہندوستان میں تیزی سے صفوں میں اضافہ کیا، کئی قومی چیمپئن شپ جیت کر اور اپنی حکمت عملی کی قابلیت پر توجہ حاصل کی۔ لیجنڈری ہندوستانی شطرنج کھلاڑی وشواناتھن آنند ہریکا کے رول ماڈل ہیں۔

ہریکا کا اثر بساط سے بہت آگے تک پھیلا ہوا ہے۔ دوسروں کی مدد کرنے کے لیے پرعزم، وہ انسان دوستی اور رہنمائی کے پروگراموں میں بھی حصہ لیتی رہتی ہیں جس سے شطرنج کے شوقین افراد کی اگلی نسل کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ اس کی کہانی خواہشمند کھلاڑیوں، خاص طور پر نوجوان لڑکیوں کے لیے امید کی کرن کا کام کرتی ہے، یہ ظاہر کرتی ہے کہ جذبہ، محنت اور لچک کسی بھی رکاوٹ کو دور کر سکتی ہے۔ جیسے جیسے ہریکا ڈرونا ولی شطرنج کی دنیا میں ترقی کر رہی ہے، اس کی میراث بڑھ رہی ہے۔ دنیا بھر کے خواہشمند کھلاڑیوں کے لیے ایک رول ماڈل بنتی جا رہی ہیں۔ ہریکا نے شطرنج سے تعلق رکھنے والے نوجوان طبقے پر ایک انمٹ نشان چھوڑے ہیں جو آنے والی نسلوں کو متاثر کرتی رہیں گے۔ درونولی ہریکا، امید افزا نوجوان کھلاڑی کے لئے شطرنج میں ایک پاور ہاؤس بن چکی ہیں۔

سال 2008 میں ہریکا درونا ولی کی شاندار کارکردگی اور فتوحات کی بنیاد پر انہیں حکومت ہند کے ذریعہ باوقار انعام ارجن ایوارڈ سے نوازا گیا۔ دی ٹائمس آف انڈیا کے سالانہ انعامی جلسہ میں انہیں 2016 اور 2017 میں شطرنج کے بہترین کھلاڑی سے نوازا گیا۔ ہریکا سال 2017 میں وررو میگزین کے ذریعہ سال کی 40 مشہور خواتین کھلاڑیوں میں شامل ہوئی۔ سال 2019 میں ہریکا کو یوم جمہوریہ پر پدم شری سے بھی نوازا گیا۔

## تمیم اقبال کا انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

ڈھاکہ، 11 جنوری (یو این آئی) سلامی بلے باز تمیم اقبال نے بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ اقبال نے اپنے کیریئر میں بنگلہ دیش کے لیے تمام فارمیٹس میں 387 میچز کھیلے ہیں اور 15192 رنز بنائے ہیں جو کہ مشفق الرحیم کے بعد دوسرا سب سے بڑا اسکور ہے۔ فیس بک پر ریٹائرمنٹ کا اعلان کرتے ہوئے تمیم نے کہا کہ میں کافی عرصے سے انٹرنیشنل کرکٹ سے دور ہوں۔ یہ فاصلہ باقی رہے گا۔ انٹرنیشنل کرکٹ میں میرا باب ختم ہو گیا ہے۔ میں کافی عرصے سے اس بارے میں سوچ رہا تھا۔ اب جبکہ چیمپئنز ٹرافی جیسا بڑا ایونٹ آنے والا ہے، میں کسی کی توجہ کا مرکز نہیں بننا چاہتا، جس سے ٹیم کی توجہ بھٹک سکتی ہے۔ بلاشبہ، میں پہلے بھی ایسا نہیں چاہتا تھا۔ انہوں نے کہا،" کپتان نظم الحسین شانتو نے مجھے مخلصانہ طور پر ٹیم میں واپسی کے لیے کہا۔ سلیکشن کمیٹی سے بھی بات چیت ہوئی۔ مجھے اب بھی ٹیم میں راضی کرنے کے لئے میں ان کا شکر گزار ہوں۔ تاہم، میں نے اپنے دل کی بات سنی ہے۔" قبل ازیں جولائی 2023 میں اقبال نے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا تھا لیکن بعد میں انہوں نے اپنا فیصلہ واپس لے لیا۔ 35 سالہ کھلاڑی نے 70 ٹیسٹ میں 5134 رنز، 243 ون ڈے میں 8357 رنز اور 78 ٹی ٹوئنٹی میں 1758 رنز بنائے ہیں۔ ان کی آخری بین الاقوامی اننگ ستمبر 2023 میں نیوزی لینڈ کے خلاف تھی۔




## پولینڈ نے ہینڈ بال فورنیشنز کپ جیت لیا

وارسا، 11 جنوری (یو این آئی) پولینڈ کی مردوں کی ہینڈ بال ٹیم نے جمعہ کو پلاک میں گھریلو میدان پر تیونس کو 24-33 سے شکست دے کر مسلسل تین جیت کے ساتھ فورنیشنز کپ ٹورنامنٹ جیت لیا ہے۔ میزبان نے گزشتہ راؤنڈ میں آسٹریا کو 19-31 اور جاپان کو 29-30 سے شکست دی تھی۔ جمعہ کے روز، پووٹ کامل سپرزاک نے چھ گول کے ساتھ پولینڈ کو جیت دلائی، جب کہ ونگر میکولاج کازپلنسکی اور لیفٹ بیک ڈیمیان پرزیتولا نے پانچ پانچ گول اسکور کیے۔ تیونس کی جانب سے ونگر ایمن تومی نے پانچ گول کئے۔ پولینڈ کے کھلاڑیوں نے شروع سے ہی جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کیا اور پہلے ہاف کے بعد 12-19 کی برتری حاصل کر کے مسلسل تیسری جیت درج کی۔ جاپان نے دن کے آغاز میں آسٹریا کو 27-28 سے ہرایا اور دو جیت کے ساتھ چاندی کا تمغہ جیتا۔ آسٹریا پوڈیم سے باہر ہو گیا جبکہ تیونس چوتھے نمبر پر رہا۔ فورنیشنز کپ 2025 ورلڈ مینز ہینڈ بال چیمپئن شپ سے پہلے آخری ٹیون اپ ایونٹ ہے، جو 14 جنوری کو کروشیا، ڈنمارک اور ناروے میں شروع ہوگا۔

## ڈاکٹر موری تی نے طلائی تمغہ جیت کر ملک بھر میں بستر کا نام روشن کیا

جگدل پور، 11 جنوری (یو این آئی) ملک کے دارالحکومت نئی دہلی میں منعقدہ آل انڈیا سول سروسز (اے آئی سی ایس) بیڈمنٹن ٹورنامنٹ 2024-25 میں 45 سال سے زیادہ عمر کے مردوں کے ڈبلز مقابلے میں چھتیس گڑھ ریاست کی نمائندگی کرتے ہوئے بستر کے ڈاکٹر پرکاش موری تی اور کوردھا کے ڈاکٹر سدلیش تیواری کی جوڑی نے فائنل مقابلے میں آر ایس بی احمد آباد کے اشوک ڈباس اور آر ایس بی کوچین کے روپیش کے پی کی جوڑی کو سیدھے سیٹس میں شکست دے کر طلائی تمغہ اپنے نام کیا۔ اس کے ساتھ ہی پورے ہندوستان میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے چھتیس گڑھ اور بستر کا نام روشن کیا۔ چھ دنوں 3) سے 8 جنوری) تک جاری رہنے والے سخت مقابلے میں ڈاکٹر موری تی اور ڈاکٹر تیواری کی جوڑی نے پری کوارٹر فائنل میچ میں ملک میں اے آئی سی ایس کی چوتھی سیڈ مہاراشٹر سیکرٹریٹ کی جوڑی کو اور سیمی فائنل میں ملک بھر میں دوسری سیڈ آسام سیکرٹریٹ کی بشنو ڈیکا اور پرانجل پاٹنگ کی جوڑی کو ہرایا۔ ڈاکٹر موری تی نے کہا کہ قومی سطح کے مقابلوں میں ملک کے تجربہ کار کھلاڑی حصہ لیتے ہیں، پہلے راؤنڈ سے ہی سخت مقابلہ شروع ہوتا ہے، راؤنڈ ون، پری کوارٹر، کوارٹر اور سیمی فائنل میں ملک کے مختلف حصوں سے آنے والے کھلاڑیوں کو شکست دینے کے لئے مضبوط قوت ارادی، ذہنی توازن اور صبر کی ضرورت ہوتی ہے، فاتح بننے پر ڈاکٹر موری تی کو گولڈ میڈل اور سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا۔ ڈاکٹر موری تی نے اپنی کامیابی کا کریڈٹ ماں دنتیشوری، خدا کی مہربانی، اپنے والدین کے آشیرواد اور اپنی بیوی اور ساتھی کھلاڑیوں کے تعاون کو دیا۔ انہوں نے اپنی جیت کو بستر کی جیت قرار دیا۔

## اینڈرسن لنکا شائر کے ذریعے کاؤنٹی کرکٹ میں واپسی کریں گے

لندن، 11 جنوری (یو این آئی) انگلینڈ کے سابق تیز گیند باز جیمز اینڈرسن اگلے سیزن ڈویژن ٹو کاؤنٹی چیمپئن شپ میں واپسی کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ لنکا شائر سے بات چیت کر رہے ہیں۔ اینڈرسن نے گزشتہ سال جولائی میں لارڈز میں ویسٹ انڈیز کے خلاف اپنے کیریئر کا آخری ٹیسٹ میچ کھیلا تھا۔ انہوں نے انگلینڈ کے لیے 21 سال کھیلتے ہوئے 26.45 کی اوسط سے 704 وکٹیں حاصل کیں۔ ڈیلی ٹیلی گراف کے مطابق، اینڈرسن نے لنکا شائر کے ساتھ کم از کم ایک فائنل سیزن کھیلنے کا عہد کیا ہے۔ کلب کے لئے انہوں نے 2002 میں فرسٹ کلاس کرکٹ میں ڈیبیو کیا تھا۔ لنکا شائر گزشتہ سیزن میں کاؤنٹی چیمپئن شپ میں سرفہرست رہنے میں ناکام رہا، لیکن اینڈرسن نے جون میں ساؤتھ پورٹ میں ناٹنگھم شائر کے خلاف اپنے واحد میچ میں 35 رنز دے کر سات وکٹیں لے کر فرسٹ کلاس کرکٹ میں اپنی دیرپا صلاحیت کا مظاہرہ کیا تھا۔ توقع ہے کہ وہ 2025 کے سیزن کے آغاز سے دستیاب ہوں گے، جس میں 4 سے 7 اپریل تک لنکا شائر کے لیے مڈل سیکس کے خلاف لارڈز میں واپس آئیں گے۔ اس دوران وہ اپنی کوچنگ کا کردار بھی جاری رکھ سکتے ہیں۔ مئی میں زمبابوے کے خلاف واحد میچ سے قبل وہ پانچ میچوں میں کھیل سکتے ہیں۔ لنکا شائر کا پہلا ہوم میچ چیمپئن شپ کے دوسرے راؤنڈ میں اولڈ ٹریفورڈ میں نارتھمپٹن شائر کے خلاف ہوگا، جو 11 اپریل سے شروع ہوگا۔

## بی آر آدتیان آئی ٹی ایف مینز ایم 25 فیوچر ٹینس 13 جنوری سے

چنئی، 11 جنوری (یو این آئی) چنئی میں 13 سے 19 جنوری کے درمیان کھیلے جانے والے بی آر آدتیان آئی ٹی ایف مینز ایم 25 فیوچرز ٹینس میں ہندوستان سمیت 14 ممالک کے کھلاڑی حصہ لیں گے۔ ایس ڈی اے ٹی-ٹینس اسٹیڈیم میں منعقدہ 30 ہزار امریکی ڈالر انعامی رقم والے اس ٹورنامنٹ میں ہندوستان کے علاوہ فرانس، نیدرلینڈ، برطانیہ، یونان، جاپان، یوکرین، جمہوریہ چیک، ازبکستان، امریکہ، مراکش، سوئٹزرلینڈ، قازقستان، کوریا اور انڈونیشیا کے کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ جیتنے والی ٹیم کو 25 اے ٹی پی پوائنٹس اور رنر اپ کو 16 اے ٹی پی پوائنٹس ملیں گے۔ ہندوستانی چیلنج کی قیادت ڈیوس کپ کے کھلاڑی رام کمار رامناتھن کریں گے۔ ڈرا میں شامل دیگر ہندوستانیوں میں سابق قومی چیمپئن منیش سریش کمار، کرن سنگھ اور موجودہ قومی رنر اپ نتن کمار سنہا شامل ہیں۔ مین ڈرا کے لئے چار وائلڈ کارڈ منیش سریش کمار، پرناو کارتک، نتن کمار سنہا اور سدھانت بانٹھیا دستیاب ہوں گے۔ ایران کے ثمن حسنی ٹورنامنٹ کے آئی ٹی ایف ریفری اور ہیتن جوشی ٹورنامنٹ ڈائریکٹر ہوں گے۔ کوالیفائنگ راؤنڈز اتوار کو ہوں گے جبکہ مین ڈرا میچ منگل سے کھیلے جائیں گے۔ ڈبلز کا فائنل 18 جنوری بروز ہفتہ کو اور سنگلز کا خطابی مقابلہ اس کے اگلے دن کھیلا جائے گا۔

## وانکھیڑے اسٹیڈیم کے 50 سال مکمل ہونے پر ہوگا جشن، کئی لیجنڈز ہوں گے شریک

ممبئی، 11 جنوری (آئی این ایس انڈیا): انڈیا کے معروف سابق کرکٹر اور ہندوستانی ٹیم کے سابق کپتان 19 جنوری کو مشہور وانکھیڑے اسٹیڈیم کی 50 ویں سالگرہ منانے کے لئے ممبئی کرکٹ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام پچاس سالہ جشن میں شامل ہوں گے۔ تقریبات 12 جنوری کو شروع ہوں گی۔ ممبئی کے لیجنڈ اور سابق ہندوستانی کرکٹ کپتان جن میں سچن تندولکر، سنیل گواسکر، روہت شرما، سوریہ کمار یادیو، روی شاستری، اجنکیا رہانے، دلیپ وینگسارکر اور ڈیانا ایڈولجی وانکھیڑے اسٹیڈیم کی تاریخی اہمیت کا جشن منانے کے لیے اکٹھے ہوں گے۔ جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ مرکزی ایونٹ میں ممبئی کے تجربہ کار مرد اور خواتین کھلاڑی بھی شامل ہوں گے جنہوں نے ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کرکٹ میں حصہ لیا ہے۔ شام کی میزبانی مندرا بیدی اور پرسنا سنت کریں گے۔ حاضرین معروف فنکاروں اودھوت گپتے اور اجے-اتول کی کارکردگی اور ایک دلکش لیزر شو کا مشاہدہ کریں گے۔ اس موقع پر بات کرتے ہوئے ایم سی اے کے صدر اجنکیا نائک نے کہا کہ جب کہ ہم وانکھیڑے اسٹیڈیم کی 50 ویں سالگرہ منا رہے ہیں، میں تمام کرکٹ شائقین کو دل سے دعوت دیتا ہوں کہ وہ اس اہم موقع کا حصہ بنیں۔ وانکھیڑے اسٹیڈیم کے اعزاز میں ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ بھی جاری کیا جائے گا۔



Aawami news Kolkata
Also published from Ranchi & Patna
Sunday, 12th January, 2025

روزنامہ عوامی نیوز کولکاتا
اتوار، ۱۲ جنوری ۲۰۲۵ء

# SPORTS کھیل کی دنیا

# کاسیموف کے ورلڈ کلاس فری کک گول سے محمڈن کامیاب

## 11 میچوں کے بعد فتح کی طرف گامزن، اب محمڈن پیچھے مڑ کر نہیں دیکھے گی



(فائل فوٹو)

بنگلورو11رجنوری: 11 میچوں کے بعد محمڈن نے فتح کا منہ دیکھا۔ سفید سیاہ بریگیڈ نے مسلسل دفاع کے باوجود لڑنے کا طریقہ دکھایا۔ بنگلورو کو کاسیموف کی شاندار فری کک سے 1-0 سے شکست ہوئی۔ اور ڈربی سے پہلے موہن بگان کو بھی فائدہ ہوا۔ سنیل چھتری بنگلورو میں میچ کے آغاز سے ہی انچارج تھے۔ پریرا ڈیاز را میچ کے دوسرے ہی منٹ سے محمڈن کے گول کے سامنے خطرہ پیدا کر رہے تھے۔ صورتحال ایسی بن گئی کہ گول ہونے میں کچھ ہی وقت باقی تھا۔ ایسا نہیں ہوا، بنیادی طور پر اوگیر کے جنگی دفاع کی وجہ سے۔ انہوں نے گیند کو گول لائن سے بھی بچایا۔ تاہم پدم چھتری کا ہاتھ ان کی غلطی کی وجہ سے نجات دہندہ بن گیا۔ Ryan Nguerrato Williams، مڈفیلڈ میں پاس کی ایک ٹوکری لیکن اسکورنگ کھولنے میں ناکام رہے۔ دوسری جانب محمڈن کے سامنے گول کرنے کا موقع آ گیا۔ ایلکس گومز گرپریت سنگھ سندھو کے غلط پاس سے گول کر سکتے تھے۔ لیکن بنگلورو گول کیپر اسے اکیلا پا کر گیند کو جال میں نہیں پہنچا سکا۔

دوسرے ہاف میں بھی تصویر ایسی ہی تھی۔ محمڈن کے گول مکھ پر ایک لحاتی حملہ اور اوگیروں کا مایوس کن دفاع۔ لیکن ڈرامہ 90 منٹ کا تھا۔ محمڈن کے کاسیموف نے باکس کے باہر سے ایک بہترین فری کک اسکور کی۔ گرپریت جسم پھینکنے کے باوجود گول کو نہیں روک سکا۔ آئی ایس ایل میں یہ محمڈن کی دوسری جیت ہے۔ اور محمڈن نے لگاتار 11 میچوں کے بعد تین پوائنٹس گھر لے آئے۔ جہاں چرنیشوف کے لڑکے کانتیر اوا میں فتح کے نشے میں تھے، وہیں گوہاٹی میں موہن بگان بھی مسکرائے۔ لیگ بنگلورو کے ٹاپ کے حریف 15 میچوں میں 27 پوائنٹس کے ساتھ پھنس گئے ہیں۔

# موہن بگان کے میکلارنس نے دوسرے منٹ پر گول کیا

## ایسٹ بنگال کے سوویک چکرورتی کو 62ویں منٹ پر لال کارڈ



گوا ہاٹی 11 جنوری: موہن بگان کے میکارنس نے کھیل کے دوسرے منٹ پر ایسٹ بنگال کی دفاعی غلطیوں کا سہارا لیکر گول اسکور کیا۔ اور یہ لیڈ 80 ویں منٹ تک برقرار رہی۔ کھیل کے 62 ویں منٹ پر ایسٹ بنگال کے مڈ فیلڈر سوویک چکرورتی کو فاؤل کرنے پر ڈبل بکنگ کے بعد ریڈ کارڈ دکھا کر باہر کر دیا گیا اور ایسٹ بنگال بقیہ وقت میں 10 کھلاڑیوں سے کھیلتی رہی ہے۔ اس میچ میں کسی بھی ٹیم نے بہتر کھیل کا مظاہرہ نہیں کیا اور موہن بگان نے بھی اپنے کھیل سے بیحد مایوس کیا۔ ایسٹ بنگال کو پہلے نصف میں کئی اچھے مواقع حاصل ہوئے تھے اس کی ٹیم میں انور علی بھی نہیں تھا جس کی وجہ سے اس کی دفاعی لائین کمزور رہی ۔

# ہندوستان اور انگلینڈ کے درمیان پہلے ٹی ٹوئنٹی کے لیے ٹکٹوں کی فروخت آج سے شروع ہوگی

چنئی، 11 جنوری (یواین آئی) ہندوستان اور انگلینڈ کے درمیان یہاں 25 جنوری کو کھیلے جانے والے پہلے ٹی 20 انٹرنیشنل میچ کے لیے ٹکٹوں کی فروخت اتوار سے شروع ہوگی۔
تمل ناڈو کرکٹ ایسوسی ایشن (ٹی این سی اے) نے ایک ریلیز جاری کرتے ہوئے کہا کہ ٹکٹ کی قیمتیں 1500 روپے سے شروع ہوں گی۔ جس کی زیادہ سے زیادہ قیمت 12000 روپے رکھی گئی ہے۔ کرکٹ شائقین آن لائن پلیٹ فارم 'ڈسٹرکٹ بائے زومیٹو 'موبائل ایپ یا آفیشل ویب سائٹ کے ذریعے اپنے ٹکٹ بک کر سکتے ہیں۔
ایم اے چدمبرم گراؤنڈ میں کھیلے جانے والے میچ کے لیے کار پارکنگ اور دو پہیہ گاڑیوں کی پارکنگ کلائیوانار آرنگم (ولا جاہ روڈ) پر دستیاب ہوگی جبکہ چیپاک ریلوے کار پارکنگ، وکٹوریہ ہاسٹل (وکٹوریہ ہاسٹل روڈ) اومندورار میڈیکل کالج کیمپس میں کار پارکنگ کا انتظام کیا گیا ہے۔ اسٹیڈیم کو پلاسٹک فری زون قرار دیا گیا ہے اور کوئی پلاسٹک بیگ یا کوئی دیگر پلاسٹک لے جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ تمام اسٹینڈز پر عوام اور آن لائن خریداری کرنے والے صارفین کے لیے مفت پینے کا پانی دستیاب ہے۔ گیٹ پر بارکوڈ/ کیو آر کوڈ کے ساتھ ای ٹکٹ کو اسکین کر کے داخلے کی اجازت ہوگی۔ انٹری گیٹ میچ سے دو گھنٹے قبل کھولے جائیں گے۔

## کیا چیمپئنز ٹرافی سے پہلے ٹیم انڈیا میں آئے گی بڑی تبدیلی؟

نئی دہلی، 11 جنوری (آئی این ایس انڈیا ): چیمپئنز ٹرافی 2025 19 فروری سے شروع ہونے جا رہی ہے۔ اس ٹورنامنٹ کے لیے اپنی تیاریوں کو مضبوط بنانے کے لیے ٹیم انڈیا کو انگلینڈ کیخلاف 3 میچوں کی ون ڈے سیریز ہے۔ اس سیریز میں بی سی سی آئی اور سلیکٹرز ان کھلاڑیوں کو موقع دینا چاہیں گے، جو چیمپئنز ٹرافی میں کھیلتے نظر آئیں گے۔ ذرائع کے مطابق چیمپئنز ٹرافی 2025 سے پہلے ٹیم انڈیا میں بڑی تبدیلی ہو سکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق کلائی کے جادوگر مانے جانے والے ورون چکرورتی کو ٹیم انڈیا میں شامل کیے جانے کا امکان ہے۔ اگر ورون ٹیم میں جگہ بناتے ہیں تو رویندر جڈیجہ، اکشر پٹیل، واشنگٹن سندر اور کلدیپ یادو میں سے کسی ایک کو ڈراپ کیا جا سکتا ہے۔ ٹیم انڈیا تین اسپنروں کے ساتھ چیمپئنز ٹرافی میں اتر سکتی ہے۔ اس صورتحال میں ایک آف اسپنر، ایک لیگ اسپنر اور ایک لیفٹ آرم آرتھوڈوکس اسپنر کو ٹیم میں جگہ مل سکتی ہے۔ گیند باز رویندر جڈیجہ اور اکشر پٹیل میں سے کسی ایک کو ٹیم میں موقع دیا جا سکتا ہے۔ ایک آف اسپنر کے طور پر واشنگٹن سندر جگہ بنا سکتے ہیں۔ ساتھ ہی کلدیپ یادو اور ورون چکرورتی دونوں کو ایک جیسے گیند باز کے طور پر دیکھا گیا ہے۔ کلدیپ یادو کو ڈراپ کرنے کے امکانات بہت کم ہیں، کیونکہ انہوں نے ہندوستان کے لیے ون ڈے کرکٹ میں گیند کے ساتھ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے، جب کہ ورون نے ابھی تک ہندوستان کے لیے اپنا ون ڈے ڈیبیو نہیں ۔کلدیپ یادو نے ہندوستان کے لیے 106 ونڈے میچوں میں 26.0 کی اوسط اور 4.99 کی اکانومی سے 172 وکٹیں حاصل کی ہیں۔ ورون چکرورتی نے ہندوستان کے لیے صرف 13 ٹی ٹوئنٹی میچ کھیلے ہیں، جس کے دوران انہوں نے کل 19 وکٹیں حاصل کی ہیں۔







Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804
پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30/ چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع ۔ ایڈیٹر: پریم شنکر ، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔-(پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804